روحانی وجسمانی امراض، نفسیاتی، ذہنی، کاروباری الغرض تمام الجھنوں اور پریشانیوں کا حل صرف خزینۂ روحانیات

ماہنامہ

خزینۂ روحانیات

لاہور

May'2020
جلد نمبر 11
Rs.60
شمارہ نمبر 1

عید مبارک

لا الٰہ الا اللہ محمد رسول اللہ

دعوت سورۂ اخلاص

آئینہ والی حاضرات

جڑی بوٹی سے علاج

دست غیب کے اعمال

اوجِ زہرہ کے خاص اعمال

تشخیص سحر کا مجرب طلسماتی عمل

وجود جادو کا منکر قرآنی آیت کا منکر ہے

آغوش تھراپی سسٹم ایک بہترین علاج

جنات کے شکار ایک خاندان کی کہانی

امتحان میں کامیابی کے روحانی اعمال

سورۂ یوسف کے حصار کے عامل فوائد

حضرت مولانا عاشق الٰہی کے عملیات

ماہنامہ خزینہ روحانیات کے 10 سال مکمل ہونے کی خوشی میں العارفی عطورات کی جانب سے خصوصی سیل آفر

زبردست آفر

عربی، انڈین اور فرینچ عطریات پر 50% تک رعایت حاصل کریں۔

عطر	ML	قیمت	عطر	ML	قیمت	عطر	ML	قیمت	عطر	ML	قیمت
تحفۃ العروس	3	220	عطر ہساسی	12	190	موتیا انڈین	12	1000	اڑنٹی (مین)	12	430
گلشن	3	165	دھن العود عجمی	12	800	غلاف کعبہ	12	510	ڈیزائر بلو	12	310
مخلط رئیسی	3	300	باس باٹل	12	320	گوچی فلورا	12	190	صندل روز	12	320
دربار	3	190	حجر اسود	12	570	اگروڈ	12	490	سگار	12	180
احلام العرب	3	300	عود	12	520	چنبیلی	12	250	موتیا	12	300
الروضہ	8	90	روز طائفی	12	350	دھن العود ملکی	12	1400	بسمہ	20	300
مسک مکہ	8	90	عود	12	1050	اصیل سوپر	12	155	احسان عود	30	375
وینیٹاس ورساچے	12	155	ریڈ روز	12	600	ٹامی ہلفگر	12	140	المہلب	35	150

زبردست آفر

عربی، انڈین اور فرینچ عطریات پر 60% تک رعایت حاصل کریں۔

بنڈل آفرز 1
عطر (6ml) پر
40% رعایت
1. عمبر سوپر
2. انشراح
3. عطر تبوک
4. باب عبدالعزیز
5. الخلیج
6. الہدیٰ

قیمت: 800 روپے
رعائتی قیمت: 480 روپے

بنڈل آفرز 2
عطر (سوئس عربین کمپنی، 6ml) پر
60% رعایت
1. احلام
2. گولڈی
3. بخور العرائس

قیمت: 750 روپے
رعائتی قیمت: 300 روپے

بنڈل آفرز 3
عطر (الخلیج کمپنی، 6ml) پر
60% رعایت
1. درھم
2. سلور 24
3. رشیکا
4. روح العود
5. روز عربیبیا

قیمت: 1250 روپے
رعائتی قیمت: 500 روپے

بنڈل آفرز 4
عطر (سوئس عربین کمپنی، 9ml) پر
60% رعایت
1. جنت النعیم
2. یاسمین اصلی
3. جنت الفردوس

قیمت: 1755 روپے
رعائتی قیمت: 700 روپے

روحانی دکان دارالعمل حشتیہ لاہور پاکستان
darulamal.org/ruhanishop, ruhanishop@gmail.com
0346-4312272
042-35410586
ruhanishop
0320 0334 4312272
ruhani.shop
ruhani-shop

اسلامی، تصوف، روحانی، عملیاتی، طبی، نفسیاتی، معاشرتی مضامین کا حامل مقبول ترین میگزین

برصغیر پاک و ہند میں شائع ہونے والا واحد رسالہ جو ہر سال "دو خاص نمبر" شائع کرتا ہے

ماہنامہ خزینۂ روحانیات لاہور

جلد 11 | رمضان المبارک 1441ھ / مئی 2020ء | شمارہ 1

شوال المکرم

مدیر اعلیٰ
خالد مقبول عارف حفظہ اللہ

مدیر مولانا حافظ علی آفاق

معاون مدیر حکیم سلیم اللہ ظفر

darulamal.org/magazines/ruhani
khazinaeruhaniyaat@gmail.com
khazinaeruhaniyat khazina.ruhaniyaat
khazinaruhanyat
khazinaeruhaniyaat

سرکولیشن 0322-4773786, 042-35410586

مجلس مشاورت

- غلام سرور شباب رحمہ اللہ (جوہلی لکھا)
- قیصر احمد رحمہ اللہ (بی اے) (کراچی)
- مولانا قاری ابوبکر رحمہ اللہ (اسلام آباد)
- ابوانس (لاہور)
- مولانا قاری ممتاز رحمہ اللہ (لاہور)
- محمد علیم رحمہ اللہ (لاہور)

قیمت 60 روپے

سالانہ ممبرشپ عام ڈاک 800 روپے، رجسٹرڈ ڈاک 1200 روپے

سالانہ ممبرشپ بذریعہ TCS: لاہور کے لیے 1250 روپے

لاہور کے قریبی اضلاع کیلئے: 1500 روپے / لاہور سے دور کے اضلاع کیلئے: 2000 روپے

نوٹ: ہر ماہ کی 27، 28، 29 تاریخ کو رسالہ Post کیا جاتا ہے۔

ممبرشپ بذریعہ Email/Whatsapp: 700 روپے

نوٹ: ہر ماہ کی 30/31 تاریخ کو رسالہ Email/Whatsapp کیا جائے گا

رقم کی ادائیگی کے طریقے

1 منی آرڈر: 586 کامران بلاک، علامہ اقبال ٹاؤن، لاہور کے پتہ پر کریں۔ اپنا نام، مکمل پتہ، موبائل نمبر اور رقم بھیجنے کا مقصد واضح لکھیں۔

2 شناختی کارڈ کے ذریعے ادائیگی: JazzCash easypaisa (موبی لنک)۔ (ٹیلی نار) کے ذریعہ شناختی کارڈ نمبر 35202-2610215-1 پر رقم ارسال کریں۔

3 موبائل اکاؤنٹس: درج ذیل موبائل اکاؤنٹس میں رقم جمع کروا سکتے ہیں۔

0343-7772772 JBL Omni - easypaisa

0302-8401977 JazzCash

4 بینک اکاؤنٹس: میزان بینک میں خزینہ روحانیات کی رقم جمع کروانے کیلئے اکاؤنٹ نمبر 1 میں اور دارالعمل کے باقی تمام شعبوں کیلئے اکاؤنٹ نمبر 2 میں رقم جمع کروائیں۔

1. بنام Khazina-e-Ruhaniyaat برانچ کوڈ (0288) اکاؤنٹ نمبر 0102830736۔
2. بنام Darol-Amal برانچ کوڈ (0212) اکاؤنٹ نمبر 0102913466۔

نوٹ: رقم جمع کرانے یا بھیجنے کے بعد 0343-7772772 پر SMS یا کال کر کے لازمی مطلع فرمائیں۔ مزید تفصیلات darulamal.org/Payment

مشیر قانونی: چوہدری فیصل منظور (ایڈووکیٹ ہائی کورٹ)

ادارہ کا کسی مضمون نگار سے متفق ہونا ضروری نہیں

بروز جمعۃ المبارک ادارہ بند رہے گا

دارالعمل چشتیہ پاکستان لاہور

darulamal.org
info@darulamal.org
darulamalchisht darulamalchishtia
موبائل: 0343-7772772 0322-7772772
موبائل: 0312-7772772, 0306-7772772 (ufone)
پتہ 586 کامران بلاک، علامہ اقبال ٹاؤن، لاہور۔ فون 042-35410586

خالد مقبول پبلشر نے مساوات محمدی پرنٹرز (لاہور) سے چھپوا کر دارالعمل چشتیہ 586 کامران بلاک، علامہ اقبال ٹاؤن، لاہور سے شائع کیا

فہرست مضامین

مئی 2020ء

رمضان المبارک
شوال المکرم
۱۴۴۱ھ

اداریہ (مولانا علی آفاق)	5
درس قرآن (حکیم مولانا سلیم اللہ ظفر)	6
اہل بیت کون ہیں اور رسول اللہ ﷺ نے ان کے متعلق کیا ارشاد فرمایا	7
روحانیات وتصوف مصباح (قیصر احمد بی اے، کراچی)	8
جنت میں لے جانے والے بعض اعمال صالحہ (شیخ ارشد بشیر)	9
اسمائے حسنیٰ سے روحانی وجسمانی علاج (عزیر احمد مفتاحی قاسمی)	11
مجرب قرآنی عملیات (مرتب: محمد علیم، رکن روحانی علاج گاہ)	12
حرف الف سے ختم ہونے والے درود شریف (خالد مقبول حفظہ اللہ)	13
حضرت مولانا عاشق الٰہی میرٹھی نور اللہ مرقدہٗ کے عملیات	15
وجود جادو کا منکر قرآنی آیات کا منکر ہے (مولانا سلیم اللہ ظفر)	16
وجود جنات کا منکر دائرہ اسلام سے خارج ہے (مولانا سلیم اللہ)	17
سات سلام چہل کاف سے فیض یافتہ افراد کے واقعات	18
حفاظت کی دُعائیں (مرتب: محمد حنیف بن عبدالمجید)	19
دعوت سورۂ اخلاص (حضرت پیر حکیم غلام سرور شباب مدظلہٗ)	21
آئینہ والی حاضرات (قیصر احمد بی اے، کراچی)	22
سر کی بیماریاں اور روحانی علاج (مرتب: محمد علیم)	23
آغوش تھراپی سسٹم ایک بہترین طریقہ علاج (مولانا سلیم اللہ)	24
دستِ غیب کے اعمال (مرتب: اراکین روحانی علاج گاہ)	25
شوہر کے گھر والے اور اپنے گھر والوں میں فرق کیوں؟	26
آپ کے مسائل اور ان کا روحانی حل (خالد مقبول حفظہ اللہ)	27
جنات کے شکار ایک خاندان کی کہانی (امتیاز احسن، حیدر آباد)	29
امتحان میں کامیابی کے روحانی اعمال (روحانی علاج گاہ)	31
روحانی طاقت حاصل کرنے والے دو خاص اعمال (مفتی زاہد القادری)	36
شرفِ قمر کے اعمال (اراکین روحانی علاج گاہ)	37
هبوطِ قمر کے اعمال (اراکین روحانی علاج گاہ)	37
نظراتِ سیارگان کے اعمال (مرتب: اراکین روحانی علاج گاہ)	38
اوجِ زہرہ کے خاص اعمال (صوفی محمد ایاز اسلمی مدظلہٗ، کراچی)	41
لوح اوجِ زہرہ (پیر منور حسین مٹھے شاہی، اسلام آباد)	42
لوح حروف نورانی: شفاء الامراض وحل مشکلات کے لیے	43
سورۂ بقرۃ کے حصار کے عامل بنیں (خالد مقبول حفظہ اللہ)	44
تشخیص سحر کا مجرب طلسماتی عمل (محمد عبدالرؤف بلوچ، کوئٹہ)	44
مطالب کی عزیمتیں برائے نقوش (غلام سرور شباب مدظلہٗ)	45
مجرب اعمال (نذیر احمد قادری، ایری این زیڈ، سبی)	47
بندش (محمد شہزاد، بورے والا)	48
تلاشِ اسم اعظم (خضر عباس پیاسی، راجن پور)	49
دو عورتوں کی سبق آموز کہانی (انتخاب: محمد عمیر)	51
جڑی بوٹی سے علاج (قیصر احمد بی اے، کراچی)	54
کریلے کے بے مثال اور بے شمار فوائد (حکیم سلیم اللہ ظفر)	57
ناشپاتی کے بے مثال اور بے شمار فوائد (حکیم سلیم اللہ ظفر)	57
مختلف بیماریاں اور اُن کا گھریلو اور سستا علاج (مہر یاسین شہزاد)	58
آدابِ زندگی..... بچوں کیلئے (علی مرتضیٰ طاہر)	60
بیوی (مفتی شکیل احمد نقشبندی)	61

انتقالِ پُرملال

معروف روحانی عامل، مصنف کتب کثیرہ، حق گو خطیب، ممتاز عالم دین حضرت مولانا علامہ ارشد حسن ثاقب صاحب رحمۃ اللہ علیہ قضائے الٰہی سے انتقال فرما گئے ہیں۔ انا للہ و انا الیہ راجعون۔

اللہ پاک ان کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام نصیب فرمائے۔ پسماندگان کو صبر جمیل عطا فرمائے۔ دارالعمل چشتیہ کے تمام احباب و ذمہ داران پسماندگان کے غم میں برابر کے شریک اور دعا گو ہیں۔

حمد

ندہ تیرا دراصل گناہ گار بہت ہے
یہ بھی تو حقیقت ہے تو غفار بہت ہے

سبقت تیری رحمت کو ہے جب تیرے غضب پر
تو ڈھانپ لے رحمت میں تو ستار بہت ہے

تو مجھ پر کرم کر تو جہنم سے بچا لے
اس بندہ پہ ہلکی سی بھی اک مار بہت ہے

ہے دل سے یہ اقرار کہ تو رب ہے حقیقی
سب جھوٹے خداؤں کا تو دربار بہت ہے

تو خالق کونین ہے تو مالک کونین
یہ سچ ہے کہ تو واقفِ اسرار بہت ہے

تو نے مجھے ہر طرح کی نعمت سے نوازا
بندہ ترے احساں سے گرانبار بہت ہے

تا عمر رہا میں تری توحید کا قائل
دل شرک سے اور کفر سے بیزار بہت ہے

جنت میں نگاہوں کو تو دے طاقتِ بیدار
ہر لمحہ یہاں حسرتِ دیدار بہت ہے

شیطان کے ہر اک مکر سے تو مجھ کو بچا لے
دھوکہ دیا آدم کو وہ مکار بہت ہے

انعام بہت ہے ترا، ہو کیسے ترا شکر
یہ ایک زباں کے لئے دشوار بہت ہے

کرتا ہے مناجات نسیم اپنے خدا سے
ہے دل کی صدا اس کے جو بیمار بہت ہے

(نسیم بخاری)

نعت

آتش عشقِ نبی میں جل کے سکھ پانے کا نام
زندگی ہے آپ پر قربان ہو جانے کا نام

تیرگی ہے بو لہب کے کفر پھیلانے کا نام
روشنی سرکار کے تشریف لے آنے کا نام

مسجد نبوی مرے سرکار کا جلوت کدہ
گنبدِ خضرا ہے خلوت کے نہاں خانے کا نام

جس کو دنیا علم کہتی ہے وہ جہلِ محض ہے
علم تو ہے آپ کے ارشاد فرمانے کا نام

سرخ روئی خاک پا چہرے پہ ملنے کا صلہ
سربلندی آپ کے قدموں پہ جھک جانے کا نام

جگمگا اٹھی ہے آخر آپ ہی کے نور سے
پیشتر تھا ورنہ دنیا ایک سیاہ خانے کا نام

انبیاء پیشرو اک نفسی نفسی کی پکار
خاتم پیغمبراں ﷺ، امت کے غم کھانے کا نام

آپ ﷺ کی شانِ کریمی دشمنوں کے باب میں
پتھروں کے زخم کھا کر پھول برسانے کا نام

شمع بزمِ کن فکاں کے نعت خوانوں میں تو اب
آرہا ہے مرحبا اشرف سے پروانے کا نام

(علامہ مفتی محمد اشرف علی صاحب باقوی دامت برکاتہم)

اہم اعلان ● ماہنامہ خزینہ روحانیات کی نئی ممبر شپ جون 2020 سے اپریل 2021 تک جاری کی جائے گی جس کی رقم عام ڈاک سے 740 روپے، رجسٹرڈ ڈاک سے 1110 روپے ہوگی ● جن ممبران نے اپنی ممبر شپ کی تجدید نہیں کروائی وہ جلد از جلد ممبر شپ فیس جمع کروائیں۔ یکم مئی 2020 سے واٹس ایپ ممبر شپ 700 روپے سالانہ ہوگی۔ نوٹ فرمالیں۔ رابطہ 0322-4773786

Khazina-e-Ruhaniyat
darulamal.org/magazines/khazina
magazine@darulamal.org

اداریہ

مولانا علی آفاق

محترم قارئین کرام! السلام وعلیکم کے بعد انتہائی مسرت کے ساتھ اس خبر کی اطلاع دی جارہی ہے کہ ادارہ دارالعمل چشتیہ کے زیر اہتمام پاکستان کا نامور اور شہرہ آفاق میگزین ''ماہنامہ خزینہ روحانیات'' کا انیسواں خاص نمبر ''ردسحر نمبر'' اپنے تمام پچھلے خاص نمبروں پر مقبولیت، افادیت اور ہاتھوں ہاتھ فروخت ہونے میں بازی لے کر نیا ریکارڈ قائم کر چکا ہے۔ جس پر سب سے پہلے ہم سب افراد اور ادارے کے تمام ارکان حق سبحانہ وتقدس کے سامنے شکر گزار اور سربسجود ہیں کہ اس پاک ویکتا ہستی نے ہم جیسوں سے اتنا اہم کام اتنی آسانی وعافیت سے لے لیا کہ ہزاروں اور لاکھوں قارئین کو دنیا بھر میں فوائد گھر بیٹھے حاصل ہو رہے ہیں۔ اس مقبولیت میں ہمارے مخلصین، محبین اور مشاورت سے نوازنے والے تمام ہی احباب وافراد شامل ہیں کہ جن کی راہنمائی اور محبت سے آج ہم بحمدہ تعالیٰ وکٹری سٹینڈ پر کھڑے ہیں اور دکھی، غموں کی ماری، پریشان حال اور جادو کی ستائی ہوئی مخلوق خدا کی خدمت کرنے کے قابل ہوئے ہیں۔

ہمارا یہ خاص نمبر ''ردسحر نمبر'' کے عنوان پر تھا۔ اس میگزین میں ہم نے جادو کی کاٹ کے ہزار ہا طریقے، وظائف اور علاج بتائے ہیں۔ جس کو ہزار ہا کتب بعد لاتعداد لائبریریوں کے چھاننے کے بعد بھی تلاش کرنا اور اس کے بعد اس کے درست طریقوں کو بروئے کار لانا نا صرف ناممکن تھا بلکہ ادارے کے سٹاف نے اس کو انتہائی آسان، مفید اور اس کے تمام لوازمات کو خوبصورت انداز میں پیش کر دیا۔ اس پر تمام سٹاف کو بھی میں خراج تحسین پیش کرنے کی سعادت سے محروم رکھنا نہیں چاہتا۔ ہمارے میگزین کا بنیادی مقصد روحانی علوم اور مخفی علوم کی اشاعت وترویج کے ساتھ روحانی علاج معالجہ کی تعلیم وتربیت کا بھرپور بندوبست کرنا اہم مقاصد میں سے ہے۔ جس کی برکت سے آج پوری دنیا میں ہمارے ادارے سے وابستہ ہزار ہا افراد اپنے آپ، اپنے گھر اور گھر والوں، کاروبار، ملازمت اور دشمن سمیت گھریلو ناچاقیوں سے ہمیشہ کے لیے نجات پا چکے ہیں۔ آج روحانی مسائل کی تشخیص سے لے کر نجات تک روحانی حصار اور حفاظت سے لے کر دشمن سے نجات، تباہی، بربادی اور وہ حاسد وظالم جو جادو کروانے سے باز آنے کا نام لے، اس کی تسلی سمیت واپسی سحر کے اعمال سکھائے جارہے ہیں۔ اعمال تو کتب، میگزین ورسائل وغیر سمیت سوشل میڈیا کے پلیٹ فارمز پر لاتعداد نظر آتے ہیں۔ مگر ان کی درست راہنمائی، کرنٹ، طاقت اور نیٹ ورک نہیں ہوتا جس کو پڑھ کر رجعت، بیماری اور پریشانی سمیت دیگر مسائل میں اضافہ ہوتا ہے۔ ہم وہ اعمال آپ کو ہمیشہ کے لیے سکھاتے ہیں۔ جس کے لیے آپ ادارے کی روحانی درسگاہ سے رابطہ فرما سکتے ہیں۔

اب آتے ہیں کرونا وائرس کی طرف کہ ایک وائرس اور بند دیکھے ذرّات کی وجہ سے لوگ خوف وہراس کا شکار ہیں۔ کاروبار زندگی معطل ہے۔ بے روزگاری، معاشی پریشانی، بھوک وافلاس سمیت ہسپتالوں میں جگہ کم ہے۔ نیکی اور بدی کے تمام مقامات بند ہیں تو معلوم ہوا کہ اللہ تعالیٰ کی بتائی اور حضور ﷺ کی سمجھائی آخرت اصل ہے، تیاری اصل ہے۔ اللہ تعالیٰ کی مخلوق کی خدمت، محبت، کام آنا اور ہر مقام پر اللہ تعالیٰ کا خوف پیدا کرنا اصل ہے۔ اس کی عبادت اصل ہے۔ اس کی مخلوق کی خدمت کرنا، راشن دینا، عزت نفس کا احترام اصل ہے۔ بھوکے کو کھانا کھلانا، کام آنا اور ہاتھ پھیلانے کی نوبت نہ آنے دینا اصل ہے۔ اللہ تعالیٰ کو منانا، روٹھے ہوئے کو اپنی حالت زار کی طرف توبہ کے ذریعے متوجہ کرنا اصل ہے۔ آیئے آگے بڑھیں، توبہ کا دروازہ کھلا ہے۔ آخری سانس سے پہلے تک کھلا ہے۔ سورۃ بقرہ کی پہلی چند آیات جو متقین کی صفات بتارہی ہیں اس کا مطالعہ اور آخرت کو مدنظر رکھتے ہوئے زندگی کو ترتیب بنانا اصل ہے۔ مال وزر سے نظر ہٹا کر آخرت کو اپنی زندگی کا مقصد بنانا اصل ہے۔ اس بحران میں نہیں بلکہ ساری بقیہ زندگی اس اصول کی پاسداری کے ساتھ گزارنے کا عہد کریں۔ اللہ تعالیٰ ہم سب کو اُمت کی بھلائی کے لیے قبول فرمائے آمین۔

درسِ قرآن

حضرت مولانا حکیم سلیم اللہ ظفر مدظلہ
(ناظم روحانی درس گاہ، نائب ناظم روحانی علاج گاہ، معاون مدیر خزینہ روحانیات)

نحمدہ ونصلی علی رسولہ الکریم اما بعد فاعوذ باللہ من الشیطن الرجیم بسم اللہ الرحمن الرحیم

وَاتَّبَعُوْا مَا تَتْلُوا الشَّيٰطِيْنُ عَلٰى مُلْكِ سے لے کر لَوْ كَانُوْا يَعْلَمُوْنَ تک (سورۃ البقرۃ: ۱۰۲-۱۰۳) صدق اللہ العظیم

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ!

محترم قارئین خزینہ روحانیات! آج کے درس قرآن میں آپ حضرات کے سامنے سورۂ بقرہ کی آیت نمبر ۱۰۲ تا ۱۰۳ پیش کی گئی ہیں۔ ان آیات مبارکہ کا ترجمہ تفسیر کچھ یوں ہے کہ حضرت سلیمان علیہ الصلوۃ والسلام کے دور میں بابل شہر کے اندر جادو کا زور تھا۔ شیاطین انسانوں پر جادو کرنے کے ساتھ ساتھ جادو کی تعلیم بھی دیا کرتے تھے۔ ان کی جادو وسازی اور کرتب بازی کو دیکھ دیکھ کر لوگ حضرت سلیمان علیہ السلام کے متعلق بھی معاذ اللہ جادوگر ہونے کا گمان کرنے لگے۔ اپنی کم علمی کی وجہ سے نبی اور جادوگر میں معجزات اور جادوگری میں فرق اور امتیاز نہ کر سکے۔ ان کی نظر میں حضرت سلیمان علیہ السلام بھی نعوذ باللہ ایک جادوگر اور ان کے معجزات بھی گویا کہ تماشا، جادوگری اور مداری پن تھا۔ شیطانوں نے ان کو مزید ورغلایا اور حضرت سلیمان علیہ السلام کے بارے میں پورا پورا بدظن کر دیا۔ اور ان سے یہ کہہ دیا کہ جو کام سلیمانؑ کرتے ہیں وہ کام تو ہم اور تم بھی کر سکتے ہیں۔ جب ان شیطانوں کی خباثت، شرارت حد سے زیادہ بڑھنے لگی تو اللہ پاک نے آسمان سے 2 فرشتے ہاروت اور ماروت بھیجے تا کہ وہ لوگوں کو حضرت سلیمان علیہ السلام کا نبی ہونا، پاکیزہ ہونا، عظیم ہونا اور ان کے معجزات کا من جانب اللہ ہونا بتلائیں اور سمجھائیں اور لوگوں کو یہ بھی بتلائیں کہ جادو غلط چیز ہے۔ جادو گناہ ہے۔ جادو ظلم ہے اور ان کو جادو کی غلاظت اور جادو کے محرکات اور جادو کرنے کے طریقے بتلا کر ان کے ذہنوں میں جادو کی نفرت بٹھائیں۔ فرشتوں نے آ کر یہ کام شروع کر دیا، لوگ بجائے اس کے کہ وہ نصیحت پکڑتے، جادو سے دور ہوتے، جادو سے نفرت کرتے، جادو سے توبہ کرتے، انہوں نے فرشتوں سے ہی پوچھنا شروع کر دیا، فرشتوں نے اپنی سادگی میں ان کے سامنے ساری باتیں بیان کر دیں۔ لوگوں نے فرشتوں سے سنی ہوئی باتوں کو دل ودماغ میں بٹھا کر زوجین یعنی میاں بیوی کے درمیان لڑائی جھگڑے، نا اتفاقی اور جدائی کروانا شروع کر دی۔ حالانکہ فرشتے ان سے بار بار یہ کہہ رہے تھے کہ یہ کفر تم نہ کرنا۔ کفر میں مبتلا نہ ہونا، فرشتے بتلاتے تھے کہ ہمارا ابتلا یا بھی اور ہمارا وجود بھی تمہارے لیے آزمائش ہے۔ اور وہ لوگوں کو یہ بات بھی سمجھاتے اور بتلاتے تھے کہ جادوگر اور جادو کچھ نہیں کر سکتا۔ جو بھی نفع نقصان ہوتا ہے وہ منجانب اللہ ہوتا ہے اور جو بھی جادو کے ذریعہ سے مفادات اٹھائے گا۔ اس کا آخرت میں کوئی حصہ نہیں ہے۔ چونکہ یہودیوں نے حضرت سلیمان علیہ السلام پر اپنی کمینہ خصلت کے باعث یہ الزام عائد کر رکھا تھا کہ ہم لوگوں نے یہ جادو کا علم انہی سے سیکھا ہے۔ اس لیے اللہ پاک نے اپنے نبی کی صفائی خود بھی پیش کی کہ وما کفر سلیمان ولکن الشیطن کفروا کہ کفر کا ارتکاب جادو کا ارتکاب، سلیمان علیہ السلام نے نہیں کیا بلکہ یہ سب کچھ کرنے والے شیاطین ہیں۔

فہم ختمِ نبوت، خط وکتابت کورس

سکول وکالجز ودینی مدارس کے طلباء وطالبات نیز تمام خواتین وحضرات کیلئے شاندار موقع

داخلہ جاری ہے (داخلہ بذریعہ ایس ایم ایس بھی ہوسکتا ہے) مفت

خط وکتابت کے ذریعے گھر بیٹھے عقیدۂ ختم نبوت سے مکمل آگاہی اور منکرین ختم نبوت کے عقائد ونظریات سے واقفیت حاصل کریں۔ داخلہ کیلئے سادہ کاغذ پر اپنا نام، ولدیت، تعلیم وپیشہ، فون نمبر اور ڈاک کا مکمل پتا لکھ کر ارسال کریں ایک لفافہ میں صرف ایک ہی درخواست بھیجیں۔ کورس مکمل کرنے پر ایک خوبصورت سند، جبکہ نمایاں کارکردگی پر شرکاء کو خصوصی تحائف دیئے جائیں گے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ۔

رابطہ: دفتر مجلس احرارِ اسلام
جامع مسجد سیدنا ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ
محلہ صدیق آباد تلہ گنگ (غرب) ضلع چکوال

فون/فیکس: 0543-412201
ڈاکٹر محمد عمر فاروق 0300-5780390
(مولانا) تنویر الحسن 0300-4716780

اہل بیت کون ہیں اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ان کے متعلق کیا حکم فرمایا ہے

مولانا سلیم اللہ ظفر (معاون مدیر خزینہ روحانیات)

اہل بیت گھر والوں کو یعنی اہل خانہ کو کہا جاتا ہے۔ قرآن وحدیث میں جہاں بھی اہل بیت کے مبارک الفاظ آئے ہیں ان سے مراد ہمارے پیارے نبی پاک ﷺ کے گھر والے ہیں۔ اہل بیت میں آپ ﷺ کی تمام ازواج مطہرات ؓ، آپ ﷺ کی تمام بیٹیاں ؓ، آپ ﷺ کے تمام صاحبزادے، آپ ﷺ کے تمام داماد ؓ، آپ ﷺ کی بیٹیوں کی اولاد بھی شامل ہیں۔ لیکن تمام اہل بیت میں سے سب سے زیادہ فوقیت اور شان حضرت سیدنا علی المرتضیٰ ؓ، حضرت فاطمۃ الزہرا ؓ، حضرت سیدنا حسن ؓ، حضرت سیدنا حسین ؓ کی ہے۔ اہل بیت کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین جن کا ذکر میں آغاز میں کر چکا ہوں۔ ان کے علاوہ بھی جناب رسول اللہ ﷺ سے دیگر رشتہ داروں کو بعض روایات کی روشنی میں علماء کرام نے اہل بیت میں شمار فرمایا ہے۔ یاد رہے کہ آپ ﷺ کی تمام اولاد پاک اہل بیت کرام کے متعلق آیت مبارکہ کے نزول سے قبل ہی وصال فرما گئی تھی۔

حضرت سعد بن ابی وقاص ؓ سے روایت ہے۔ وہ فرماتے ہیں کہ جب سورۂ آل عمران کی یہ آیت مبارکہ فَقُلْ تَعَالَوْا نَدْعُ اَبْنَآءَنَا وَاَبْنَآءَكُمْ نازل ہوئی تو جناب رسول اللہ ﷺ نے حضرت سیدنا علی المرتضیٰ ؓ، حضرت سیدہ فاطمۃ الزہراء ؓ، حضرت سیدنا حسن ؓ، حضرت سیدنا حسین ؓ، ان چاروں حضرات کو بلایا، پاس بٹھایا اور فرمایا۔ ”اللھم ھولاء اھلی“ یا اللہ! یہ میرے اہل بیت ؓ ہیں۔ ایک دوسری روایت میں ہے جس کے راوی حضرت عمر بن ابی سلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ ہیں، ان کا یہ فرمانا ہے کہ جب قرآن کریم کی یہ آیت مبارکہ اِنَّمَا يُرِيْدُ اللّٰهُ لِيُذْهِبَ عَنْكُمُ الرِّجْسَ اَهْلَ الْبَيْتِ وَيُطَهِّرَكُمْ تَطْهِيْرًا (سورۃ الحزاب: ۳۳)۔ جس کا تعلق سورہ الاحزاب سے ہے جب نازل ہوئی تو اس وقت جناب رسول اللہ ﷺ ام المومنین حضرت سیدہ ام سلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے گھر مبارک میں تھے تو آپ ﷺ نے حضرت سیدہ فاطمۃ الزہرا رضی اللہ تعالیٰ عنہا، سیدنا حسن رضی اللہ تعالیٰ عنہ، حضرت سیدنا حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ، ان تینوں کو بلایا، آپ ﷺ نے ان تینوں کو اپنی چادر مبارک کے نیچے لیا۔ اس وقت حضرت سیدنا علی المرتضیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہ بھی آپ ﷺ کے پاس پہلے سے کھڑے ہوئے تھے۔ آپ ﷺ نے ان کو بھی بلایا اور ان تینوں کے ساتھ اپنی چادر مبارک کے نیچے بٹھالیا اور پھر آپ ﷺ نے یہ فرمایا اللھم ھولاء اھل بیتی فاذھب عنھم الرجس وطھرکم تطھیرا۔ یا اللہ! یہ میرے اہل بیت ہیں، آپ ان سے ہر طرح کی گندگی کو ہمیشہ دور رکھیے اور انہیں مکمل پاکیزگی عطا فرمایئے۔ اہل بیت کرام کا اتنا بڑا مقام اور اتنی اونچی شان ہے کہ اللہ پاک نے ان کا ذکر خیر اپنے کلام اللہ میں فرما کر قیامت کی صبح تک آنے والے ہر مسلمان مرد وعورت، جن وانس کے لیے باعث عبادت بنا دیا۔ اہل بیت کا ذکر کرنے والو! اہل بیت کا نام لینے والو! اہل بیت سے محبت رکھنے والو! اہل بیت کا دم بھرنے والو! اہل بیت سے پیار کرنے والو! اہل بیت کی عقیدت رکھنے والو! اہل بیت سے چاہت کا تعلق رکھنے والو! اہل بیت کا ادب واحترام کرنے والو! آپ سب مبارک باد کے مستحق ہو کہ آپ حکم رسول اللہ ﷺ پر عمل پیرا ہو۔ اس لیے کہ اہل بیت عظام سے محبت کا درس اور محبت کا حکم ہمیں بزبان رسول اللہ ﷺ ملا ہے۔ تمام محبان اہل بیت عظام، تمام غلامان اہل بیت عظام، آپ سب کو اہل بیت عظام کی محبت دنیا میں بھی اور آخرت میں بھی بھرپور کام آئے گی۔ اس لیے کہ ایک حدیث مبارکہ میں آتا ہے کہ جناب رسول اللہ ﷺ کا ارشاد گرامی ہے کہ قیامت والے دن دنیا کا ہر قسم کا تعلق اور نسب ختم ہو جائے گا لیکن میرا نسبت وتعلق قیام والے دن بھی قائم رہے گا اور تمہارے لیے فائدہ مند ثابت ہوگا، ان شاء اللہ۔ اہل بیت سے مضبوط تعلق رکھنے کا حکم جناب رسول اللہ ﷺ نے اپنے خطبہ حج میں بھی ارشاد فرمایا اور یہ بھی فرمایا کہ اگر تم اہل بیت کا دامن تھامے رکھو گے تو زندگی بھر کبھی گمراہ نہیں ہو گے۔ ایک دوسرے مقام پر جناب رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ تم میں سے کسی آدمی کے دل میں اس وقت تک ایمان داخل نہیں ہو سکتا کہ جب تک وہ میرے اہل بیت سے اللہ پاک کی خاطر اور میرے رشتہ دار ہونے کی وجہ سے محبت نہ کرتا ہو۔ ایک اور مقام پر جناب ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ اللہ پاک سے تم سب کو شدید محبت ہونی (بقیہ ص 21)

روحانیات وتصوف

مصباح

تیصر احمد بی اے (کراچی)

حضرت سیدنا بایزید بسطامیؒ کا ایک پڑوسی آتش پرست تھا۔ یہودی پڑوسی سفر پر گیا، اس کے بال بچے گھر رہ گئے۔ رات کو یہودی کا بچہ روتا تھا۔ آپ رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ نے پوچھا: بچہ کیوں روتا ہے؟ یہودن بولی: گھر میں چراغ نہیں ہے، بچہ اندھیرے میں گھبراتا ہے۔ اس دن سے آپ روزانہ چراغ میں خوب تیل بھر کر روشن کر کے یہودی کے گھر بھیج دیا کرتے تھے۔ جب یہودی لوٹا تو اس کی بیوی نے یہ واقعہ سنایا۔ یہودی بولا: جس گھر میں بایزید کا چراغ آ گیا وہاں اندھیرا کیوں رہے! وہ سب مسلمان ہو گئے۔

(مراۃ ج ۶ ص ۵۷۳، تذکرۃ الاولیاء الجزء الاول ص ۱۴۲)

ابراہیم خواص کی کرامت

ایک صوفی سے مروی ہے کہ میں مدینہ میں مسجد نبوی ﷺ میں ایک جماعت کے ساتھ بیٹھا تھا۔ ہم لوگ آیات قرآنی میں ایک دوسرے سے مقابلہ کر رہے تھے اور ہمارے قریب ہی ایک نابینا سن رہا تھا۔ وہ ہماری طرف آیا اور کہنے لگا کہ تمہارا کلام سن کر بہت انس پیدا ہوا۔ تمہیں معلوم ہونا چاہئے کہ میرے بچے اور بیوی تھی اور میں بقیع میں جا کر ایندھن اکٹھا کیا کرتا تھا۔ ایک دن جو وہاں گیا، تو ایک نوجوان کو دیکھا کہ اس نے کتان کی قمیض پہن رکھی ہے اور جوتا انگلی میں ڈالے ہے۔

مجھے خیال ہوا کہ یہ پاگل ہے۔ لہٰذا میں نے اس کے کپڑے چھیننے کا قصد کیا اور کہا: تمام کپڑے اتار دو۔ اس نے کہا اللہ تعالیٰ کی حفاظت میں چلے جاؤ۔ میں نے دوبارہ اور سہ بارہ کہا، تو اس نے کہا، کیا اس کے بغیر چارہ نہیں؟ میں نے کہا نہیں۔ اس نے اپنی دونوں انگلیوں سے میری دونوں آنکھوں کی طرف اشارہ کیا اور میری دونوں آنکھیں گر پڑیں۔ پھر میں نے اسے اللہ جل جلالہٗ کی قسم دے کر پوچھا کہ تو کون ہے؟ کہا: ابراہیم خواص!

ابوعمران واسطی کی کرامت

ابوعمران سے حکایت ہے کہ ایک بار کشتی ٹوٹ گئی اور میں اور میری بیوی ایک تختہ پر رہ گئے اور میری بیوی کے ہاں اسی حالت میں ایک بچی پیدا ہوئی۔ میری بیوی نے چلاّ کر کہا میں پیاس سے مری جاتی ہوں! میں نے کہا کہ اللہ تعالیٰ ہماری حالت کو دیکھ رہا ہے۔ میں نے جو سر اٹھایا، تو کیا دیکھتا ہوں کہ ایک شخص ہوا میں بیٹھا ہوا ہے اور اس کے ہاتھ میں سونے کی ایک زنجیر ہے اور اس میں سرخ یاقوت کا ایک آبخورہ ہے۔

اس نے کہا: یہ لو، پیو، ابوعمران سے مروی ہے کہ میں نے آبخورہ لیا اور پانی پیا۔ یہ کستوری سے بھی زیادہ خوشبودار، برف سے زیادہ ٹھنڈا اور شہد سے زیادہ میٹھا تھا۔ میں نے اس سے پوچھا کہ تو کون ہے؟ اللہ تعالیٰ تجھ پر رحم کرے! اس نے جواب دیا: تمہارے مولا کا ایک ادنیٰ غلام ہوں۔ میں نے پھر پوچھا کہ تو اس مرتبہ تک کیسے پہنچا؟ اس نے جواب دیا کہ میں نے اس کی رضامندی کی خاطر اپنی خواہشات کو ترک کیا۔ لہٰذا اس نے مجھے ہوا میں بٹھلا دیا۔ اس کے بعد وہ غائب ہو گیا اور میں نے پھر اسے نہیں دیکھا۔

ایک نوجوان کی کرامت

ذوالنون مصری سے مروی ہے کہ ایک بار میں کشتی میں تھا تو کسی کا کمبل چرا لیا گیا۔ لوگوں نے ایک شخص پر چوری کا الزام لگایا۔ میں نے کہا مجھے اس سے نرمی سے بات کر لینے دو۔ وہ نوجوان چادر اوڑھے سویا ہوا تھا۔ اس نے اپنا سر چادر سے نکال لیا۔ ذوالنون نے اس سے چوری کے متعلق بات کی۔ اس نے مجھے کہا، کیا تو دیکھتا ہے کہ چوری میں نے کی ہے؟ یا الٰہی میں تجھے قسم دیتا ہوں کہ جس قدر بھی مچھلیاں ہیں، سب جواہرات لے کر آ جائیں۔ ذولنون سے مروی ہے کہ ہم نے دیکھا تو سمندر کی سطح پر سب مچھلیاں ہی مچھلیاں تھیں۔ اور ان کے منہ میں جواہر تھے۔ اس کے بعد اس شخص نے اپنے آپ کو سمندر میں ڈال دیا اور ساحل تک جا پہنچا۔ (بقیہ ص 43)

جنت میں لے جانے والے بعض اعمال صالحہ

شیخ ارشد بشیر عمری مدنی

1. ایمان اور عمل صالح

فرمان باری تعالیٰ ہے: اور جو لوگ ایمان لائیں اور نیک کام کریں وہ جنتی ہیں جو جنت میں ہمیشہ رہیں گے۔ (البقرۃ:82)

نیز فرمایا: جو لوگ ایمان لائے اور انہوں نے کام بھی اچھے کیے، یقیناً ان کے لئے الفردوس کے باغات کی مہمانی ہے۔ (الکہف:107)

2. تقویٰ اور پرہیز گاری

فرمان باری تعالیٰ ہے: اور اپنے رب کی بخشش کی طرف اور اس جنت کی طرف دوڑو جس کا عرض آسمانوں اور زمین کے برابر ہے، جو پرہیز گاروں کے لئے تیار کی گئی ہے۔ (آل عمران:133)

نیز فرمایا: پرہیز گار جنتی لوگ باغوں اور چشموں میں ہوں گے۔ (الحجر:45)

ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نبی ﷺ سے بیان کرتے ہیں کہ آپ ﷺ سے جنت میں سب سے زیادہ داخل کرنے والے اعمال کے بارے میں پوچھا گیا تو آپ ﷺ نے فرمایا: تقویٰ (اللہ کا ڈر) اور اچھا اخلاق، پھر آپ ﷺ سے جہنم میں سب سے زیادہ داخل کرنے والی اشیاء کے بارے میں پوچھا گیا تو آپ ﷺ نے فرمایا: زبان اور شرمگاہ۔ (سنن ترمذی:2004)

3. اللہ اور اس کے رسول ﷺ کی اطاعت اور فرمانبرداری

فرمان باری تعالیٰ ہے: جو کوئی اللہ اور اس کے رسول کی فرمانبرداری کرے اسے اللہ ایسی جنتوں میں داخل کرے گا جس کے (درختوں) تلے نہریں جاری ہیں اور جو منہ پھیر لے اسے دردناک عذاب (کی سزا) دے گا۔ (الفتح:17)

ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ساری امت جنت میں جائے گی سوائے ان کے جنہوں نے انکار کیا، صحابہؓ نے عرض کیا یا رسول اللہ! انکار کون کرے گا؟ فرمایا کہ جو میری اطاعت کرے گا وہ جنت میں داخل ہوگا اور جو میری نافرمانی کرے گا اس نے انکار کیا۔ (صحیح بخاری:7280)

4. اللہ کے راستے میں جہاد کرنا

فرمان باری تعالیٰ ہے: بلاشبہ اللہ تعالیٰ نے مسلمانوں سے ان کی جانوں کو اور ان کے مالوں کو اس بات کے عوض میں خرید لیا ہے کہ ان کو جنت ملے گی۔ وہ لوگ اللہ کی راہ میں لڑتے ہیں جس میں قتل کرتے ہیں اور قتل کیے جاتے ہیں، اس پر سچا وعدہ کیا گیا ہے تورات میں اور انجیل میں اور قرآن میں اور اللہ سے زیادہ اپنے عہد کو کون پورا کرنے والا ہے، تو تم لوگ اپنی اس بیع پر جس کا تم نے معاملہ ٹھہرایا ہے خوشی مناؤ اور یہ بڑی کامیابی ہے۔ (التوبۃ:111)

نیز فرمایا: اے ایمان والو! کیا میں تمہیں وہ تجارت بتلا دوں جو تمہیں دردناک عذاب سے بچالے؟ اللہ تعالیٰ پر اور اس کے رسول پر ایمان لاؤ اور اللہ کی راہ میں اپنے مال اور اپنی جانوں سے جہاد کرو۔ یہ تمہارے لیے بہتر ہے اگر تم میں علم ہو۔ اللہ تعالیٰ تمہارے گناہ معاف فرمادے گا اور تمہیں ان جنتوں میں پہنچائے گا جن کے نیچے نہریں جاری ہوں گی اور صاف ستھرے گھروں میں جو جنت عدن میں ہوں گے، یہ بہت بڑی کامیابی ہے۔ (الصف:10-12) (جاری ہے)

نوٹ: اس مضمون کا مقصد ایسے اعمال پر عمل کرنا ہے جو جنت میں جانے کا سبب بن سکیں۔ خود بھی پڑھیں، دوسروں کو بھی پڑھائیں اور اپنے لیے صدقۂ جاریہ کریں۔ کیا پتہ کوئی عمل کرے اور ہماری آخرت سنور جائے۔

عاملین و شائقین علوم روحانیہ کیلئے نئی آمدہ نایاب فوٹوسٹیٹ کتب پیش خدمت ہیں

1 مجموعہ دعوات واذکار

قیمت: 640 روپے

مصنف: ابوکاشف شفیق حسین قادری چشتی (صفحات 152 خوشخط کمپیوٹر کتابت)

چند اولیائے کاملین، شجرہ مشائخ سلسلہ قادریہ سروریہ، معمولات اولیاء سبعت عشر، نفلی نمازیں، ہفتہ بھر کے نوافل، صفائی قلب، مجموعہ اسمائے عظام، دعوات مقطعات، دعوت اسم اول باموکل، دعوت حرفی، دعوات اسم اعظم، دعوت لفظی، خلوت کے طریقے، کلیات وجزئیات کی دعوت، دعوت کبیرہ، اکتالیس دعوات اسم، دعوت صغیرہ، دعوت دعائے بشمع، مشرب شطار، ضربی مشقیں، ذکر لایتناہی، ذکر جبروتی، ذکر ملکوتی، ذکر ناسوتی، ذکر مکاشفہ، ذکر مشاہدہ، ذکر تلاشی گنبدی، ذکر ثلاثی مجرد، ذکر ارہ، ذکر سر، ذکر روح، ذکر امہات، ذکر آوردبرد، ذکر ضرب راست، ذکر مدول مجلق، ذکر قربان، ذکر احداوی، ذکر مقدس، ذکر بودلہ، ذکر معلی، ذکر حیران ذکر، قلندریہ، ذکر ضیاء، ذکر نور، ذکر تجلی، ذکر زجاج، ذکر خفی، چند پرندوں اور حیوانات کے ذکر کا بیان، منازل مردحق، ہدایات کی دس منزلیں، ابواب کی دس منزلیں، معاملات کی دس منزلیں، اخلاق کی دس منزلیں، اصول کی دس منزلیں، ادویہ کی دس منزلیں، اوال کی دس منزلیں، ولایت کی دس منزلیں، حقائق کی دس منزلیں، نہایات کی دس منزلیں، بیان مشاہدہ، انوار الٰہی، اعمال حاضری کی شرائط، دعائے مناجات

2 اورادووظائف اولیاء کرام

قیمت: 610 روپے صفحات: 76

بزرگان دین کے معمولات اور اورادو وظائف اور روحانی اعمال کا نادر ونایاب مجموعہ حضرت مجدد کا ورد خاص، حضرت بدر الہند کا ورد، خاندان نقش بند کا معمول، خاندان چشت کی بارہ تسبیح، قصیدہ غوثیہ حضرت سلطان اولیاء کا معمول، حضرت خواجہ تونسویؒ کا معمول، دعائے بزرگ، وردآیت الکرسی، وردسورۃ فاتحہ، حضرت امام اعظمؒ کا معمول، خاندان قادریہ کے اکابر کا عمل، حضرت خواجہ حسن بصریؒ کا وظیفہ، فتنوں سے محفوظ، نماز سلطان اولیاء، خواجہ قطب الدین بختیار کاکیؒ کا ورد، وردبوعلی سینا، صابری متوالے، صلحائے امت کا شغل، حبس دم، مراقبہ، پنج آیات شاہ وارث لکھنوی، دعائے خضری، شاہ مجذوب کا معمول، اعمال بسم اللہ شاہ حافظ اللہ بخش، خواجگان چشتؒ، سلطان باہوؒ، حضرت غوث الاعظمؒ، شیخ عبدالحق محدث دہلویؒ، داتا گنج بخشؒ، شاہ ابوالعلاؒ، حضرت اسماعیل ذبیح اللہ، حضرت موسیٰ کلیم اللہ، حضرت آدمؑ کی تسبیحات، بزرگان سلاسل کا معمول، نیز میاں خاموش حیدرآبادی، پیر مہر علی شاہؒ، میاں جہان پوریؒ، بابا فرید گنج شکرؒ، میاں راجؒ، میاں میرؒ کے وظائف، حضرت سلیمانؑ، حضرت زکریاؑ، حضرت ایوبؑ، حضرت شعیبؑ کی دعائیں، دشمن کی ہلاکت کا عمل، واپس بلانا، رزق میں برکت، دشمن مرعوب، حفاظت حمل، غیبی اشارہ، محبت، نظربد، تنگدستی دور، دوکان کی بکری زیادہ، اولادنرینہ، مردکی بندش کھولنا، شادی کا عمل، دشمنوں سے حفاظت، اصحاب صُفہ کے اسمائے گرامی وغیرہ

3 رازمخفی اعمال

قیمت: 1200 روپے

مصنف: مرزا عمر الطاف گرتارپوری (صفحات 105 قلمی کتاب)

چلہ سے پہلے کرنے والے حصار، دشمن بیمار، بابا جناں والا کا عمل حب، دشمن زیر کرنا، جادوختم، دشمن کو ذلیل کرنا، ہلاکت دشمن، تباہی اوراجاڑ، پاگل کرنا، محبت اور شادی کی بندش کرنا، جادو کروانے والے کا توڑ، دشمن کی ہانڈی چڑھانا، بیمار کرنا، حروف طلسماتی، محبت کی آگ میں تڑپانا، بنگالی منتر محبت، گیدڑ سنگھی کا عمل حب، دشمن کا بیڑا غرق کرنا، طلاق عداوت جدائی، حصول رشتہ، حب سفلی شدید، مطلوب کے کپڑوں والا عمل، تعویذ نکالنا، تسخیر بنگالی، شہر بدر کرنا، عداوت عظیم، بندش کے اعمال، سفر بندی، سوئی باندھنا، جادو کا توڑنا، جگہ خالی کروانا وغیرہ۔

4 روحانی عجائبات معہ مندرہ حضرت علیؓ

قیمت: 640 روپے

مصنف: عامل محمد یاسین قادری سندھی (صفحات 44 خوشخط کمپیوٹر کتابت)

روحانیت کو بڑھانے، رزق میں برکت، چور معلوم کرنے کے طلسم، کسی بات کا جواب معلوم کرنے کا استخارہ، آسانی ولادت، زوجین میں محبت، نظر کی کاٹ، سردرد، ڈر وسوسے، بُرے خیالات، لڑکی کیلئے رشتہ، بچوں کی پڑھائی، نظر سے بچاؤ، ہر کام میں کامیابی، تسخیر، پُتلے پر کیے جادو کی کاٹ، کشف کھولنا، غم اور وہم مٹانا، ہر قسم کا درد، روزگار، خون روکنا، ہر قسم کے جادو کی کاٹ، ہر مرض کا شافی مخمث، لاعلاج بیماری، خوش قسمتی، شیطانی سوچ اور وسوسوں کی کاٹ، نحوست ختم، نیند نہ آنا، گھر سے جادو کی کاٹ، سفلی جادو کا دم، درد کا علاج، رزق ودولت، مندرہ حضرت علیؓ مع زکوٰۃ افعال صدقہ پرہیز وغیرہ۔

Maktabatul Aarif Darul Amal Chishtia Lahore Pakistan
Whatsapp +92-332-4487877

+maktabatulaarif 0323-4487877 042-35410586
0332-4487877 +maktabatulaarif
مکتبۃ العارف دارالعمل چشتیہ لاہور پاکستان
darulamal.org/bookshop, maktabatulaarif@gmail.com

اسمائے حسنیٰ سے روحانی وجسمانی علاج

عزیر احمد مفتاحی قاسمی

آمادگی اطاعت

البصیر (دیکھنے والا)

خاصیت: بعد نماز جمعہ سو مرتبہ پڑھنے سے دل میں صفائی ہو اور نیک اعمال کی توفیق ہونے کے لئے۔

القیوم (تھامنے والا)

خاصیت: اس کی کثرت سے نیند جاتی رہے اور یا حی یا قیوم کو فجر سے طلوع آفتاب تک پڑھنے سے مستعدی اور آمادگی اطاعت حاصل ہو۔

اللہ کی رضا

العفو (معاف کرنے والا)

خاصیت: بکثرت ذکر کرنے سے گناہوں سے معافی اور رضائے الٰہی حاصل ہو۔

قلب کا منور ہونا

الباعث (رسولوں کو بھیجنے والے)

خاصیت: سوتے وقت سینے پر ہاتھ رکھ کر اس کو سو بار پڑھا کرے تو اس کا قلب علم وحکمت سے منور ہوگا۔

النور (روشنی والے)

خاصیت: اس کے ذکر سے نور قلب حاصل ہو۔

المؤخر (پیچھے کرنے والے)

خاصیت: کثرت سے پڑھے تو برے کاموں سے توبہ نصیب ہو۔

التواب (توبہ قبول کرنے والے)

خاصیت: چاشت کی نماز کے بعد تین سو بار پڑھے توبہ کی توفیق حاصل ہو اور اگر ظالم پر دس بار پڑھے تو اس سے خلاصی ہو۔

اصلاح فاسق

المتین (مضبوط)

خاصیت: اگر کمزور پڑھے تو طاقتور ہوجائے اور اگر کسی فاجر وفاسق مرد یا عورت پر پڑھا جائے تو فجور سے باز آجائے۔

مقبولیت اعمال

الرشید (عالم کا راہ نما)

خاصیت: بعد عشاء کے سو بار پڑھے تو سب عمل مقبول ہوں۔

مقام حال اور مقام عرفان پر ثابت قدمی کے لئے

الضار (نقصان پہنچانے والا)

خاصیت: جو کوئی کسی حال اور مقام عرفان پر پہونچ جائے، جمعہ کی راتوں میں اس نام کو سو بار پڑھے، اللہ تعالی اس کو ثابت قدمی عطا فرمائے اور آخر میں اہل قرب کے مرتبے کو پہنچے۔

فرشتہ صفت بننے کے لئے

القدوس السبوح (ہر نقص وعیب سے پاک ومنزہ)

خاصیت: جمعہ کی نماز کے بعد روٹی کے ٹکڑے پر لکھ کر کھاوے تو فرشتہ صفت ہوجائے۔

قیامت کے دن چہرہ چمکے

انہ ھو البر الرحیم (وہ بڑا محسن ومہربان ہے۔ پارہ ۲۷، ع ۳)

خاصیت: جو کوئی اس آیت کریمہ کو نماز کے بعد گیارہ بار انگلی پر دم کر کے پیشانی پر مل دیوے تو ان شاء اللہ قیامت میں اس کا چہرہ چمکے گا۔

غریب اور مفلس افراد کیلئے مفت خدمات goo.gl/bHIWvl

مجرب قرآنی عملیات

مرتب: محمد علیم (رکن روحانی علاج گاہ)

کسی کی جانب سے برائی نہ دیکھنا

ہر نماز کے بعد جبکہ فرض ختم ہوں اور دعا مانگنے سے پہلے اپنے سجدہ کے سامنے دائیں ہاتھ کی پانچویں انگلیوں کو زمین پر رگڑیئے اور پھر ایک بار آیت الکرسی پڑھ کر پھونک کر تالی بجادے۔

کسی شخص سے کام نکلوانا

باوضو بسم اللہ شریف پڑھ کر اگر کوئی شخص کسی غرض کے واسطے کسی کے پاس جاتے وقت راستے میں سات دفعہ اس آیت کی تلاوت کرے تو بفضلہٖ تعالیٰ اس کا مدعا حاصل ہوجائے گا۔ آیت یہ ہے:

وَلَمَّا دَخَلُوْا مِنْ حَيْثُ اَمَرَهُمْ اَبُوْهُمْ ؕ مَا كَانَ يُغْنِيْ عَنْهُمْ مِّنَ اللّٰهِ مِنْ شَيْءٍ اِلَّا حَاجَةً فِيْ نَفْسِ يَعْقُوْبَ قَضٰىهَا ؕ وَاِنَّهٗ لَذُوْ عِلْمٍ لِّمَا عَلَّمْنٰهُ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿۶۸﴾

(یوسف:۶۸)

پھر ایک بار درود شریف پڑھ کر چلیں اور راستے میں بھی پڑھتے رہیں۔ ان شاء اللہ حاجت پوری ہوگی۔

خوف دور ہو

فَاللّٰهُ خَيْرٌ حٰفِظًا ۪ وَّهُوَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِيْنَ ﴿۶۴﴾ (یوسف:۶۴)

کو کثرت سے پڑھا کریں۔ ان شاء اللہ تعالیٰ خوف کی کیفیت جاتی رہے گی۔ ترجمہ پر دھیان دیں۔

مقدمہ انٹرویو (Interview) یا امتحان میں کامیابی

مولانا مفتی محمد راشد القادری مدظلہ فرماتے ہیں کہ مقدمہ، انٹرویو یا امتحان میں کامیابی کی صورت میں اسی تاریخ، اسی دن "سورۃ الفاتحہ" (پارہ ۲۸) گیارہ (۱۱) مرتبہ پڑھ کر جائے، ان شاء اللہ عزوجل بہترین کامیابی نصیب ہوگی۔

لاعلاج بیماری اور ظالم کے ظلم وستم سے نجات حاصل کرنے کا بہترین نسخہ

فَدَعَا رَبَّهٗۤ اَنِّيْ مَغْلُوْبٌ فَانْتَصِرْ

اگر آپ کو کوئی بیماری ہو اور ڈاکٹر کی سمجھ سے باہر ہو یا کوئی دوا اثر نہ کرتی ہو۔ یا کوئی شخص مظلوم ہو اور ظالم کا ظلم انتہا تک پہنچ چکا ہو تو روزانہ تین سو تیرہ مرتبہ مذکورہ آیت پڑھ کر آسمان کی طرف منہ کر کے پھونکیں اور مریض کو پانی پر دم کر کے پلائیں، یہ عمل اکیس روز تک کریں۔

عورتوں کی بیماری

عورت کو حمل کے دوران بہت کمزوری ہوجاتی ہے اور ان کی طبیعت ہر وقت گری گری رہتی ہے۔ کام کاج کو دل نہیں چاہتا۔ ایسی صورت میں رات کو سوتے وقت ایک گلاس پانی کا بھر کر اس پر باوضو اکیس (۲۱) مرتبہ سورۂ فاتحہ پڑھ کر دم کر کے عورت کو پلا دیا جائے۔ اول و آخر تین تین بار درود شریف ضرور پڑھیں۔

حافظہ میں ترقی اور تیزی

حافظہ میں ترقی اور تیزی کے لیے، ہر پڑھا ہوا سبق یاد رکھنے کیلئے، ہر فرض نماز کے بعد سورۂ الم نشرح (پوری سورۃ) تین (۳) مرتبہ پڑھ کر اپنے سینے پر دم کرلے۔

چوری کا سامان واپس یا چور کی اطلاع ہو

جس دروازے سے چوری کا مال گیا ہو، اس دروازے پر کھڑے ہو کر سورۂ طارق روزانہ ایک مرتبہ پڑھ لیا کریں۔ ان شاء اللہ، مال واپس مل جائے گا یا خواب میں چور کا پتہ چل جائے گا۔

خیال رہے کہ خواب میں چور کے بارے میں جو بھی اشارہ ہو، اس کو گمان کا درجہ دیا جائے اور تحقیق کی جائے۔

دینی مدارس کے طلبا اور طالبات کیلئے مفت خدمات goo.gl/bZ8OM2

حرف "الف" پر ختم ہونے والے درود شریف

انتخاب: خالد مقبول حفظ اللہ

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ، وَّ عَلٰی آلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ، صَلَاۃً تَکُوْنُ لَنَا مَعَاذًا مِنَ الشَّیْطَانِ وَمَکْلَاً۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ، وَّ عَلٰی آلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ، صَلَاۃً تَغْفِرُ لَنَا بِھَا مَا جَنَیْنَاہُ عَمْدًا وَخَطَاً۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ، وَّ عَلٰی آلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ، صَلَاۃً تُشَجِّعُ بِھَا رَبَّنَا عَلٰی طَاعَتِکَ مَنْ کَانَ جُبَّاً۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ، وَّ عَلٰی آلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ، صَلَاۃً تُبَیِّرُ بِھَا اَعْدَاءَنَا وَاَعْدَائَکَ الْکُفَّارَ مَلَاً مَلَاً۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ، وَّ عَلٰی آلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ، صَلَاۃً تُجِیْرُنَا بِھَا مِنَ الْمَھَالِکِ، وَتَتُوْبُ عَلَیْنَا بِھَا تَوْبَۃً تُبَدِّلُ حَسَنَاتٍ مَا کَانَ مِنْ اَعْمَالِنَا سَیِّاً۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ، وَّ عَلٰی آلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ، صَلَاۃً تُلْھِجُنَا بِھَا بِکِتَابِکَ الْعَزِیْزِ تَدَبُّرًا وَمَقْرَاً حَتّٰی نَتَاَدَّبَ بِاٰدَابِہٖ وَ نَھْتَدِیَ بِھَدْیِہٖ وَ نَتَّخِذَہٗ سِرًّا وَعَلَنًا مَلَاذًا وَمَلْجَاً۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ، وَّ عَلٰی آلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ، صَلَاۃً تَجْعَلُھَا لَنَا بِفَضْلِکَ وَ کَرَمِکَ وَعِنَایَتِکَ نَافِیَۃً لِلْمَعَاصِیْ وَمَدْرَاً۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ، وَّ عَلٰی آلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ، صَلَاۃً تُعِدُّھَا لَنَا لِیَوْمِ الْعَرْضِ ذَخِیْرَۃً وَّ مَحْبَاً۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ، وَّ عَلٰی آلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ، صَلَاۃً تَجْعَلُ بِھَا سِرِّیْ مَنْبَعًا لِاَنْوَارِ عِرْفَانِکَ وَ مَنْشَاً۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ، وَّ عَلٰی آلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ، صَلَاۃً تُقَیِّضُ بِھَا لِنَفْیِ الْوَسْوَاسِ عَنِّیْ مَلَکًا یَکُوْنُ لَہٗ بَیْتُ قَلْبِیْ مَرْصَدًا وَمَرْبَاً۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی آلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلَاۃً تَکُوْنُ لَنَا بِھَا بِمَا یُرْشِدُنَا مِنَ الْعُلُوْمِ اللَّدُنِّیَّۃِ مُنْبِئًا۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی آلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلَاۃً تُسَدِّدُنَا بِھَا فِیْ اُمُوْرِنَا کُلِّھَا مَعَادًا وَمَبْدَاً۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی آلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلَاۃً تَمْنَعُنِیْ بِھَا اَنْ اَکُوْنَ عَنْ حَوْضِہٖ مَخْلَئًا۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی آلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلَاۃً تَجْعَلُنِیْ بِھَا بِحُوْرِ الْخُلْدِ مِرْفَاً۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی آلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلَاۃً تَجْعَلُنِیْ بِھَا بِفُنُوْنِ عِرْفَانِکَ مَھْنَاً۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی آلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلَاۃً تَجْعَلُ لَنَا بِھَا مُھَیِّعًا اِلٰی رِضْوَانِکَ مُوْطَاً۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی آلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلَاۃً تَجْعَلُنِیْ بِھَا مِنْ کُلِّ عَیْبٍ وَذَنْبٍ وَرَیْبٍ مِبْرَاً۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی آلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلَاۃً تَجْعَلُ بِھَا لِنُفُوْسِنَا عَنْ کُلِّ خَطَاٍ وَمَاْثَمٍ وَمَغْرَمٍ وَفَاحِشَۃٍ وَنَقِیْصَۃٍ وَرَذِیْلَۃٍ مَخْلَاً۔

(جاری ہے)

مخفی اعمال پر ایسی لاجواب فوٹو کاپی نئی کتب جو آپ کو دیگر کتب سے بے نیاز کر دیں گی

1 سچا علم الحاضرات قیمت 1225 روپے

مصنف: سلیم قادری (صفحات 174 قلمی کتاب)

ڈنکا مولا علیؓ، جن اور موکل کی حاضری، رجعت ختم، مریض کا حساب لگانا، بھوتنی کی تسخیر، حب کے چند مجرب اعمال، سمانی پری کی حاضری، بندش ختم کرنا، ڈھایا کا علم، ضیغم پری کا عمل، نیلوفر پری کی حاضری، خون کی پیاسی چڑیل کی حاضری، برائے ہلاکت دشمن، حاضرات بدرو جمال پری، گلابی پری، گل بانو پری، سفید جن، کالا جن، کالی چرن داس، جمیلہ پری، بچہ جن، شہناز پری، عناب پری، ہاروت ماروت، حسینہ پری، موکل، جھلی، چور جن، حسن بانو پری، سندونی، جلال بزرگ، ہنومان، نرگس پری، ذافر جن، اروچڑیل، عینی لڑکی، کیرن پری، موہنی، لونا چمانی، گرو جن، طاقتور جن، بختاور چڑیل، جعفر جن، صخر المارو جن، چندری چڑیل، دیو، ڈھولی شہزادی، سیکس کا عمل، بھیرو جنات سے دوستی کرنا، درد و شفاء، حب کا عمل، تسخیر نظر، ہر مقصد، نادعلی، من پسند شادی، برہنہ دیکھنا، تشخیص مریض، دوکان داری تیز کرنا، بسم اللہ پاور فل حاضرات، جادو کا توڑ نا۔

2 اسرار صابری (ولی کامل بنانے والی نایاب کتاب)

مولف: پیر میاں محمد دین چشتی فریدی فاروقی قیمت 850 روپے صفحات (68)

☆اسمائے مبارک اصحاب کہف مع فوائد ☆نقش حضرت خواجہ غریب نوازؒ ☆فتوح غیب ☆نقش معظم چشتیہ خاندان ☆ضروری خرچ از خزانۂ غیب ☆فالنامہ حضرت محی الدین جیلانیؒ ☆ختم صابریہ شریف ☆صلوۃ العاشقین ☆دعائے دولہ شریف ☆اسم اعظم ☆قل شریف حبس دم ☆درود شریف اویسیہ ☆نادعلی شریف صابری ☆دعائے سخت مہم ☆استخارہ یومیہ ☆دعائے شفاء ☆☆دعائے موسیٰؑ ☆دعائے معروف کرخیؒ ☆فوائد چہل کاف ☆دعائے سیف قاطع ☆بخار کا نقش ☆خلاصی قید ☆کھانے میں برکت ☆خوف از جابر و حاکم ☆تعویذ برکت غلبہ ☆نقش وباء ہر قسم ☆دشمنوں سے حفاظت ☆دفع جنات مشکلات بلیات و آسیب ☆جدائی ڈالنا ☆ہلاکت دشمن ☆عمل الم ترکیف برائے دشمن ☆چوری سے حفاظت

3 اعمال روحانی تشخیص و استخارہ قیمت 640 روپے

مصنف: عامل محمد یاسین قادری سندھی (کمپیوٹر کتابت خوشخط، صفحات 58)

ہر قسم کے جادو، بندش، آسیب، جنات اور سایہ کی مریض پر تشخیص بذریعہ طلسمات، مریض کے استعمال شدہ کپڑوں، برتن، تعویذات اور دیگر ذرائع سے بتلائی گئی ہے نیز جادو آسیب نظر بد بیماریوں کا علاج مع استخارہ جات درج ہیں۔

4 تحفۃ الاعمال قیمت 640 روپے

مصنف: عامل محمد یاسین قادری سندھی

عشق و محبت اور بغض عداوت اور بندش کے پلانے والے، دبانے والے اور بہانے والے طلسمات، نقوش اور تعویذات۔

(صفحات 54، کمپیوٹر کتابت خوشخط)

5 خزینہ اسم اعظم قیمت 450 روپے

مصنف: خواجہ محمد اسحاق ملک چشتی فخری

رموز و اسرار ربانی، اعمال اسم اعظم از بزرگان دین، تذکرہ مشائخ چشتؒ

(صفحات 136۔ اشاعت، لاہور)

6 رہبر ہمزاد قیمت 520 روپے

مصنف: سراج احمد (صفحات 173 اشاعت لاہور)

تسخیر ہمزاد کے اعمال اور ہر مشکل کے حل کے لئے بزرگان دین کے دیگر اعمال بھی درج ہیں۔

7 کنز الحسین (اصلی قدیم) (فارسی)

مصنف: سید غلام حسین رمال رضوی شاہ جہاں آبادیؒ

(صفحات: 288۔ اشاعت اصفہان ایران)

قیمت 840 روپے

8 کنز الحسین (اصلی قدیم) (اردو) قیمت 840 روپے

مصنف: سید غلام حسین رمال رضوی شاہ جہاں آبادی

عملیات کی مشہور ترین کتاب، دولت کونین، خزانۂ دارین، سعادت دارین، قدیم ترین کتاب۔ (صفحات: 286۔ اشاعت لکھنو انڈیا، قدیم ترین کتاب)

+maktabatulaarif 0323-4487877 042-35410586
0332-4487877 +maktabatulaarif
مکتبۃ العارف دار العمل الحشتیہ لاہور پاکستان
darulamal.org/bookshop, maktabatulaarif@gmail.com

حضرت مولانا عاشق الٰہی میرٹھی نوراللہ مرقدہٗ کے عملیات

پریشان خواب و جنابت سے حفاظت

سورۃ المعارج کو سوتے وقت پڑھنے سے جنابت اور پریشان خواب کے لئے نافع ہے۔

احتلام سے حفاظت

اگر پوری سورۃ نوح سوتے وقت پڑھ لے تو احتلام سے محفوظ رہے گا۔

لقوے کا علاج

سورۃ الزلزال کو غیر مستعمل (غیر استعمال شدہ) طشت میں لکھ کر اس کا پانی پینا لقوے کو نافع ہے۔

(اس کو لکھنے کا طریقہ یہ ہے کہ زعفرانی سیاہی سے کسی بڑے برتن یا پرات میں لکھیں اور پانی ڈال کر دھو کر پانی بنالیں اور استعمال کریں۔خ)

ہر حاجت پوری ہو خصوصاً رزق کے متعلق

سورۃ الواقعہ کو ایک ہی مجلس میں اکتالیس بار (۴۱) پڑھنے سے حاجت پوری ہو۔ بالخصوص جو رزق سے متعلق ہو۔ (یہ عمل اگر حالات زیادہ خراب ہیں تو لگاتار ہر شبِ جمعہ کو تین ماہ تک کیا جائے اور پھر چھوڑ دیا جائے۔ ان شاء اللہ حالات بہتر ہو جائیں گے۔ عام حالات میں ہر ماہ دو بار یہ عمل کرنا کافی رہتا ہے۔خ)

یرقان کا علاج

سورۃ الحشر کی پہلی آیت کو ایک سو (۱۰۰) مرتبہ روزانہ پانی پر دم کر کے یرقان والے مریض کو پلانا نہایت مفید ہے۔ (پانی پر دم سورج نکلنے سے قبل کیا جائے اور مریض نہار منہ یہ پانی پیئے۔ نیز ہیپاٹائٹس کے علاج کے لئے بھی یہ عمل استعمال کیا جا سکتا ہے۔ع)

بچیوں کے رشتے میں آسانی کے لئے

لڑکیوں کے پیغام بکثرت آنے کے لئے سورۂ احزاب کو ہرن کی جھلی یا کاغذ پر لکھ کر ایک ڈبہ میں بند کر کے گھر میں رکھ دیں۔ (ہرن کی جھلی مشکل سے ملتی ہے۔ اور اگر مل جائے تو یہ پہچان کرنا مشکل ہے کہ اصل ہے یا نقل۔ اگر اس عمل کو کسی کو کرنے میں دشواری ہو تو دفتر رابطہ کر کے ہرن کی جھلی پر سورۃ احزاب لکھوا لے۔خ)

جسمانی و روحانی شفاء کے لئے

سورۃ فاطر کی آخری آیت کسی بیمار پر گیارہ (۱۱) مرتبہ پڑھ کر سات (۷) دن تک دم کیا جائے۔ ان شاء اللہ مریض تندرست ہو گا۔ یا اس کا خاتمہ ایمان پر ہو جائے گا۔

سانس کی تکلیف سے نجات

سورۃ الرحمن.....اس کی ابتدائی دو آیتیں ایک ہزار مرتبہ روزانہ عشاء کی نماز کے بعد اکیس دن تک پڑھنے سے سینے کی تنگی اور سانس کی تکلیف دور ہو گی۔

بچہ بآسانی پیدا ہو

سورۃ الواقعہ.....لکھ کر باندھنے سے بچہ بآسانی پیدا ہو۔

ظاہری زخموں کا علاج

سورۃ الطلاق (پ ۲۸).....اس سورۃ کا تین دن تک تین مرتبہ پڑھ کر دم کرنا، زخموں کو جلد اچھا کر دیتا ہے۔

باطنی زخموں کا علاج

سورۃ الطلاق (پ ۲۸).....غمگین شخص کا اس سورت کو ایک دفعہ تلاوت کرنا، دل سے غم کو دور کرتا ہے۔ (اول و آخر تین بار درود ابراھیمی پڑھیں۔خ)

وجود جادو کا منکر قرآنی آیات کا منکر ہے

مولانا سلیم اللہ ظفر (ناظم روحانی درس گاہ)

جنات کے انکار کی طرح جادو کا بھی بہت سے لوگ انکار کرتے ہیں۔ گزشتہ مضمون کہ جس میں عرض کیا گیا تھا کہ وجود جنات کا انکار قرآن وحدیث کا انکار ہے۔ بڑے افسوس کے ساتھ یہ بات کہنا پڑتی ہے کہ لوگ قرآن وحدیث سے بہت دور ہیں۔ قرآن وحدیث کا مطالعہ کرنے سے دور ہیں۔ اگر مطالعہ کرتے ہیں تو پھر اس کو پوری توجہ اور غور سے نہیں پڑھتے۔ اور اگر پوری توجہ اور غور سے پڑھتے ہیں تو شاید اس کو سمجھنے کی کوشش نہیں کرتے۔ اس لیے کہ جادو کا وجود حق ہے، یہ میں ہی نہیں بتلا رہا اور نہ ہی صرف روحانی علاج گاہ دارالعمل چشتیہ والے اپنے پاس سے بتلا رہے ہیں بلکہ جادو کا ذکر اللہ پاک نے قرآن کریم میں فرمایا ہے۔ جادو برحق ہے قرآنی آیات ہمیں بتلا رہی ہیں۔ جادو برحق ہے۔ یہ بات ہمیں رسول اللہ ﷺ نے بتلائی ہے۔ جادو برحق ہے۔ یہ بات ہمیں احادیث مبارکہ سمجھا رہی ہیں۔ یاد رکھیں کہ اللہ کی بات نہ ماننے سے، رسول اللہ ﷺ کی باتوں کا انکار کرنے سے، قرآنی آیات کو جھٹلانے سے ،احادیث مبارکہ کو رد کرنے سے انسان دائرہ اسلام سے خارج ہو جاتا ہے۔ وہ مسلمان ہی نہیں رہتا۔ بلکہ کافر ہو جاتا ہے۔ اس لیے اپنے منہ سے کوئی بھی بات نکالنے سے پہلے اس بات پر غور کرنا چاہیے کہ میں جو کچھ کہنا چاہتا ہوں یا جو کچھ میں کر رہا ہوں کہیں یہ بات قرآن وحدیث سے متصادم ہے، قرآن وحدیث کے مخالف تو نہیں ہے۔ حیرانگی اس وقت ہوتی ہے کہ جب انکار کرنے والے پڑھے لکھے طبقے سے ہوتے ہیں۔ اس لیے کہ بے چارے جاہل، ان پڑھ، قرآن وحدیث کے علم سے محروم اور لاعلم اگر ایسی بات کریں، تو بات سمجھ میں آتی ہے کہ جب ان بیچاروں کو شعور ہی نہیں ہے۔ ان کے پاس علم ہی نہیں ہے اور انہوں نے اس چیز کو پڑھا ہی نہیں ہے تو وہ انکار ہی کریں گے۔ لیکن جب انکار ان کی طرف سے ہو کہ جو پڑھے لکھے ہیں۔ قرآن وحدیث کے ترجمے اور تفسیر کو پڑھ بھی سکتے، پڑھتے بھی ہیں لیکن شاید وہ غور نہیں کرتے۔ یا بات کو سمجھنے کی صلاحیت نہیں رکھتے یا پھر سب کچھ سمجھتے ہوئے بھی میں نہ مانوں والی بات پر عمل پیرا ہیں۔ شاید وہ یہ سمجھتے یا خیال کرتے ہیں کہ جادو کا انکار کر کے ہم پکے سچے توحیدی بن رہے ہیں۔ یا پھر شاید وہ اپنے آپ کو اعلیٰ درجے کا متوکل سمجھتے ہیں۔ تو ان سے معذرت کے ساتھ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ جناب والا جادو کا انکار کرنے سے نہ تو آپ پکے توحیدی بن سکتے ہیں۔ اور نہ ہی آپ توکل کے اعلیٰ ترین درجے پر فائز ہو سکتے ہیں اور نہ ہی اس انکار پر آپ دین داری یا دین کی علمبرداری کا کوئی اعلیٰ ثبوت پیش کر رہے ہیں۔ اسلامی، دینی تعلیم کی روشنی یعنی قرآن وحدیث کی روشنی میں جادو برحق ہے۔ جادو کا انکار قرآن وحدیث کی حقانیت اور قرآن وحدیث کی حق گوئی کا انکار ہے۔ اس لیے کہ جب اللہ پاک نے اپنے کام قرآن مجید اور جناب رسول اللہ ﷺ نے اپنے فرمودات میں جو احادیث کی شکل میں ہمارے پاس موجود ہیں ان میں جادو کے متعلق ذکر فرمایا ہے تو میرا سوال ان لوگوں سے ہے کہ جو یہ کہتے ہیں کہ جی ہم جادو کو نہیں مانتے، جادو کوئی چیز نہیں ہے۔ جادو کا کوئی وجود نہیں ہے، جادو کا کوئی ثبوت نہیں ہے۔ ان کی یہ باتیں سن کر مجھے ان کی دین فہمی پر تعجب ہوتا ہے کہ یہ بیچارے توحید اور توحید پرستی کی آڑ میں قرآن وحدیث کا انکار کر بیٹھے ہیں۔ توحید پرستی کی آڑ میں فرامین خداوندی کا انکار کر بیٹھے ہیں، توحید پرستی کی آڑ میں فرمودات نبویہ کا انکار کر بیٹھے ہیں۔ توحید پرستی کی آڑ میں آیات قرآنیہ کو جھٹلا رہے ہیں، توحید پرستی کی آڑ میں قرآن وحدیث کی سچائی، قرآن وحدیث کی حق بیانی کو پس پشت ڈال کر اپنی انا پرستی، اپنی ہٹ دھرمی پر ڈٹے ہوئے ہیں۔ ایسے توحید پرستوں سے میری دست بستہ گزارش ہے کہ جناب جادو کے وجود، جادو کے ہونے کو تسلیم کرنا نہ ہی توحید کے منافی ہے اور نہ ہی توکل کے منافی ہے۔ نہ ہی اسلام کے منافی ہے۔ نہ ہی دین کے منافی ہے۔ نہ ہی قرآن وحدیث کی تعلیمات کے منافی ہے، اس لیے خدارا! اس حقیقت کو مانیں، اللہ پاک نے دنیا کا تمام نظام اسباب کے ساتھ جوڑا ہوا ہے۔ جس طریقے سے جسمانی بیماریوں کا ماننا اور ان بیماریوں کا علاج اور تشخیص کروانا شریعت اور توحید کے مخالف نہیں ہے اسی طرح روحانی معالجین کی بات ماننا، ان کی تشخیص وتجویز بھی توحید کے مخالف اور منافی نہیں ہے۔

ادارے کی شائع کردہ کتب کی تفصیل goo.gl/qYfFzs

وجود جنات کا منکر دائرہ اسلام سے خارج ہے

مولانا سلیم اللہ ظفر (ناظم روحانی درس گاہ)

قرآن کریم کی بے شمار آیات اور کثیر تعداد میں احادیث رسول اللہ ﷺ جنات کے وجود پر دلالت کرتی ہیں۔لیکن اس کے باوجود بھی عوام الناس کی ایک بڑی تعداد جنات کے وجود کو ماننے سے انکاری ہے۔ حالانکہ ان کا یہ انکار کرنا قرآن وحدیث کا انکار کرنا بنتا ہے۔ یا پھر دوسرے الفاظ میں یہ کہا جاسکتا ہے کہ شاید انہوں نے قرآن وحدیث کا کبھی مطالعہ ہی نہیں کیا۔ان کے تراجم وتفسیر ان کی نظر سے ہی نہیں گزرے۔ یا پھر شاید ان کو دینی علوم پڑھنے کا کبھی موقع ہی نہیں ملا۔ یا پھر انہوں نے قرآن وحدیث کا سرسری مطالعہ کیا ہے۔ اس کو سمجھنے، اس پر غور کرنے کی کبھی کوشش ہی نہیں کی۔مفتیان کرام نے ایسے لوگوں کے بارے میں جو قرآنی آیات اور احادیث متواتر کے ہوتے ہوئے بھی جنات کے وجود کا انکار کرتے ہیں۔ان کو دائرہ اسلام سے خارج کہا ہے۔ جنات کے منکر اپنے دلائل میں یہ کہتے ہوئے نظر آتے ہیں کہ اگر جنات واقعی ہیں تو وہ ہمیں نظر کیوں نہیں آتے؟ ہم ان کو دیکھ کیوں نہیں سکتے؟ اگر جنات واقعی ہوتے یا ان کو وجود ہوتا تو وہ ہمیں نظر بھی آتے اور ہم ان کو دیکھ بھی سکتے۔ ایسے تمام لوگوں سے یہ سوال بنتا ہے کہ کیا فرشتے ہیں یا نہیں؟ فرشتوں کا ذکر قرآن میں ہے یا نہیں ہے؟ فرشتوں کا ذکر احادیث میں ہے یا نہیں ہے؟ اگر ان کو تھوڑا سا بھی دینی علم یا شعور ہوگا تو آپ کے اس سوال کے جواب میں وہ یہ کہتے ہوئے نظر آئیں گے کہ فرشتے بالکل ہیں، فرشتوں کا وجود بھی ہے۔ فرشتوں کا ثبوت بھی ہے۔ فرشتوں کا قرآن کریم میں بھی ذکر ہے۔ فرشتوں کا احادیث مبارکہ میں ذکر ہے۔اب اس قدر کے بعد آپ کا دوسرا سوال بنتا ہے کہ کیا آپ نے کبھی فرشتوں کو دیکھا ہے؟ یا فرشتے آپ کو کبھی نظر آئے ہیں۔تو وہ جواب دیں گے کہ کبھی بھی نہیں کہ نہ ہی ہم نے کبھی فرشتوں کو دیکھا ہے اور نہ ہی کبھی ہمیں فرشتے نظر آتے ہیں۔تو آپ کا اگلا سوال یہ بنتا ہے کہ جناب آپ تو یہ کہہ چکے ہیں کہ جنات کبھی نظر بھی نہیں آئے اور آپ نے کبھی دیکھے بھی نہیں لہٰذا جنات نام کی کوئی چیز یا مخلوق ہی نہیں ہے۔بس عاملین کی بنائی ہوئی باتیں ہیں۔تو آپ یہ کیوں نہیں کہتے کہ فرشتہ نام کی بھی کوئی چیز یا مخلوق نہیں ہے۔ یہ صرف مولویوں کی بنائی ہوئی باتیں ہیں۔کسی چیز یا کسی مخلوق کا انکار دیکھنے یا نہ دیکھنے کی بنا پر نہیں کرتے اور نہ ہی نظر آنے یا نظر نہ آنے پر کسی کے وجود کا انکار یا اقرار کرتے ہیں۔جس طریقے سے فرشتوں کو نہ دیکھنے، نہ نظر آنے کے باوجود بھی آپ تسلیم کرتے ہیں کہ فرشتے ہیں بالکل اسی طرح اس بات کو بھی ماننا پڑے گا کہ جنات بھی ہیں۔ کیونکہ جس طرح قرآن میں فرشتوں کا ذکر ہے تو جنات کا بھی ذکر ہے۔فرشتوں کا ذکر بھی اللہ پاک نے فرمایا ہے اور جنات کا ذکر بھی اللہ پاک نے ہی فرمایا ہے۔فرشتوں کی موجودگی اور ان کے ہونے کا گواہ بھی اللہ کا کلام ہے۔تو جنات کی موجودگی اور ان کے ہونے کا گواہ بھی اللہ کا کلام ہے۔فرشتوں کا ذکر بھی قرآنی آیات میں آیا ہے اور جنات کا ذکر بھی قرآنی آیات میں ہی آیا ہے۔فرشتوں کے ہونے کا بھی قرآن کریم سے پتا چلتا ہے اور جنات کے ہونے کا بھی قرآن کریم سے ہی پتا چلتا ہے۔فرشتوں کے ہونے کا بھی احادیث سے پتا چلتا ہے تو جنات کے ہونے کا بھی احادیث سے پتا چلتا ہے۔فرشتوں کے ہونے کا بھی جناب رسول اللہ ﷺ نے بتلایا ہے اور جنات کے ہونے کا بھی رسول اللہ ﷺ نے ہی بتلایا ہے۔اس لیے فرشتوں کے ہونے کو بھی ماننا ضروری ہے اور جنات کے ہونے اور ان کے وجود کو تسلیم کرنا بھی ہر اہل ایمان کے لیے ضروری ہے۔فرشتوں کا انکار بھی فرمان الٰہی، قرآن کریم، فرمودات رسول اللہ ﷺ اور احادیث مبارکہ کا انکار ہے بالکل اسی طرح جنات کا انکار بھی فرامین خداوندی، قرآن کریم، ارشادات نبوی اور احادیث نبویہ ﷺ کا انکار ہے اور یہ بھی جانتے ہیں کہ قرآن وحدیث کا منکر کون ہے مسلم یا غیر مسلم۔اللہ پاک قرآن وحدیث کی صحیح سمجھ عطا فرمائے۔

سات سلام چہل کاف سے فیض یافتہ افراد کے واقعات

مولانا سلیم اللہ ظفر (ناظم روحانی درس گاہ)

سکول دوبارہ سے بھرپور آباد ہو گیا

میرے پاس ایک صاحب تشریف لائے اور کہنے لگے کہ میں نے آج سے 10 سال پہلے ایک پرائیویٹ سکول کا آغاز کیا، سکول کیلئے میں نے ایک بڑی عمارت کرایہ پر لی اور نرسری سے لے کر میٹرک تک کی تعلیم دینے کے عزم سے بھرپور اشتہاری مہم شروع کر دی۔ اچھے اچھے قابل میل، فیل میل ٹیچرز کا انتظام کیا۔ اللہ کی خاص مدد اور نصرت سے میرا منصوبہ کامیاب ہوا۔ بھرپور ایڈمیشن ہوئے اور دیکھتے ہی دیکھتے یعنی چند دنوں میں ایسے لگتا تھا کہ ہمارا سکول کوئی نیا سکول نہیں بلکہ کوئی قدیم سکول ہے۔ اللہ کے فضل سے لوگوں نے اعتماد کیا۔ اپنے بچوں کو ہمارے اسکول میں داخل کروایا۔ ہمارے اساتذہ نے بھی جی جان سے محنت کی تو اللہ پاک کے فضل وکرم، میری نیک نیتی، اخلاص اور اساتذہ کرام کی انتھک محنتوں سے گورنمنٹ بورڈ میں ہمارا سکول علاقہ بھر کے سکولوں کے اول نمبر پر آیا۔ اور پھر ہر سال الحمدللہ اول نمبر پر آنے والا سلسلہ جاری رہا۔ پورے علاقے میں ہمارے سکول کے معیار کے چرچے تھے۔ ہر ایک کی زبان پر ہمارے سکول کی عمارت، ہمارے سکول کے تعلیمی معیار، ہمارے سکول کے سٹاف، ہمارے سکول کے ڈسپلن، ہمارے سکول کے رزلٹ کی باتیں ہوتی تھیں۔ اس میں ہمارا کوئی کمال نہیں تھا۔ یہ سب میرے مولا کا کرم تھا۔ سکول کی رونقیں اپنے جوبن پر تھیں کہ اچانک کیا ہوا؟ کیوں ہوا؟ کیسے ہوا؟ ہمارے سکول سے طلباء ہٹنے لگے۔ اور ایک نئے سکول میں داخلہ لینے لگے۔ ہمیں اس چیز کا کوئی افسوس نہیں تھا۔ اس لیے کہ ہمارے پاس تعداد ہی اتنی تھی کہ ہم بمشکل کنٹرول کرتے تھے۔ لیکن حیرانی اس وقت ہوتی جب وہ سٹوڈنٹس سکول سے جانا شروع ہو گئے۔ جو کلاس کی جان اور پہچان تھے، اس بات نے مجھے اندر ہی اندر سخت پریشانی میں مبتلا کر دیا چونکہ یا تو کوئی غلطی ہوتی یا سکول میں کوئی مسئلہ ہوتا یا تعلیمی معیار نہ ہوتا؟ یا پھر ٹیچرز محنتی اور قابل نہ ہوتے یا ہمارے فیس زیادہ ہوتی تو چلو پھر ماننے میں کوئی بات آتی ہے۔ ایسی کوئی بات بالکل ہی نہ تھی۔ ایک وقت وہ تھا کہ کلاس روم میں پاؤں رکھنے کو جگہ نہ ہوتی تھی اور پھر وہ وقت آ گیا کہ ہر کلاس روم میں چند طلباء رہ گئے۔ اس پریشانی نے مجھے نیم پاگل کر دیا۔ شرم کے مارے میں منہ دکھانے کے قابل نہ تھا۔ ایک دن میں جب نماز پڑھنے مسجد میں گیا تو میری ملاقات امام صاحب سے ہوئی، انہوں نے بھی مجھ سے وہی سوال کر دیا کہ جناب کیا بات ہے؟ آج کل سکول میں سے طلباء کیوں ہٹ رہے ہیں اس کی کیا وجہ ہے؟ تو میں نے ان سے عرض کیا کہ حضرت اللہ جانے کیا ہو گیا ہے؟ تو انہوں نے مجھ سے کہا کہ آپ دارالعمل چشتیہ والوں سے اپنی روحانی تشخیص کروائیں۔ اور ان سے سکول کے سارے مسئلے کو بیان کریں۔ میں مولانا صاحب کے کہنے پر دارالعمل گیا تو انہوں نے بتلایا کہ آپ کے سکول پر جادو کے ذریعے سخت بندش لگائی گئی ہے کہ یہ بالکل بند ہو جائے۔ ظاہر ہے کہ جب طلباء سکول سے ہٹ جائیں اور ٹیچرز ہٹنے کی باتیں کرنے لگ جائیں تو سکول بند ہی ہونا تھا۔ میں نے ان سے عرض کیا کہ آپ میری ہیلپ کریں۔ جو آپ کہیں گے میں کرنے کے لیے تیار ہوں۔ تو انہوں نے مجھ سے کہا کہ آپ اپنا روحانی علاج لے کر جائیں اور سکول کیلئے روحانی اگربتیاں اور کچھ تعویذات روزانہ چھڑکنے کے لئے دیئے اور اس کے ساتھ مجھے سات سلام چہل کاف کا عمل لینے کو کہا۔ میں نے روحانی علاج اور سات سلام چہل کاف کا عمل کیا۔ میں نے مسلسل ان کے بتلائے ہوئے طریقے پر عمل کیا۔ اللہ کا شکر ہے۔ بزرگوں کی دعائیں ہیں، سات سلام چہل کاف کے عمل کی برکت ہے۔ وہی میں ہوں، وہی میرا سٹاف ہے، وہی سکول ہے اور وہی رونقیں ہیں۔ اس طرح کے پریشان حال دوستوں کو میرا مشورہ ہے کہ دارالعمل ضرور جائیں اور سات سلام چہل کاف کا عمل ضرور بضرور لیں۔

مرتب: محمد حنیف بن عبدالمجید

حفاظت کی دعائیں

کافروں کے ظلم سے بچنے کی دعا

۱).....حضرت ابراہیم علیہ الصلوٰۃ والسلام نے کافروں کے ظلم سے بچنے کے لیے یہ دعا مانگی تھی:

رَّبَّنَا عَلَيْكَ تَوَكَّلْنَا وَإِلَيْكَ أَنَبْنَا وَإِلَيْكَ الْمَصِيرُ ○ رَبَّنَا لَا تَجْعَلْنَا فِتْنَةً لِّلَّذِينَ كَفَرُوا وَاغْفِرْ لَنَا رَبَّنَا ۖ إِنَّكَ أَنتَ الْعَزِيزُ الْحَكِيمُ (سورۃ الممتحنۃ ۴-۵)

ترجمہ: اے ہمارے پروردگار! ہم (کفار سے اعلان برأت وعداوت کے معاملے میں) آپ پر توکل کرتے ہیں اور (آپ ہی ہماری تمام مہمات ومشکلات کی کفالت اور دشمنوں کی ایذاؤں سے حفاظت فرمائیں گے ونیز ایمان لانے میں) آپ ہی کی طرف رجوع کرتے ہیں اور (اعتقاد رکھتے ہیں کہ) آپ ہی کی طرف (سب کو) لوٹنا ہے۔

اے ہمارے پروردگار! ہمیں کافروں کا تختہ مشق نہ بنایئے (یعنی ہم پر یہ کافر ظلم نہ کرنے پاویں) اور ہمارے پرودگار! ہمارے گناہ معاف کردیجیے۔ یقیناً آپ اور صرف آپ کی ذات وہ ہے جس کا اقتدار بھی کامل ہے، جس کی حکمت بھی کامل (اور ہر طرح کی آپ کو قدرت حاصل ہے)۔

۲).....حضرت لوط علیہ الصلوٰۃ والسلام کی دعا:

رَبِّ انصُرْنِي عَلَى الْقَوْمِ الْمُفْسِدِينَ

ترجمہ: میرے پروردگار! ان مفسد لوگوں کے مقابلے میں میری مدد فرمایئے۔ (سورۃ العنکبوت: ۳۰)

دشمنوں کی نظر سے چھپے رہنے کی دعا

۱).....دشمنوں کی نظر سے چھپنے کے لیے درج ذیل آیات مجرب ہیں۔

إِنَّا جَعَلْنَا عَلَىٰ قُلُوبِهِمْ أَكِنَّةً أَن يَفْقَهُوهُ وَفِي آذَانِهِمْ وَقْرًا (سورۃ الکہف: ۵۷)

ترجمہ: حقیقت یہ ہے کہ ہم نے (ان لوگوں کے کرتوت کی وجہ سے) ان کے دلوں پر غلاف چڑھا دیے ہیں جن کی وجہ سے وہ اس (قرآن) کو نہیں سمجھتے اور ان کے کانوں میں ڈاٹ لگادی ہے۔

۲).....أُولَٰئِكَ الَّذِينَ طَبَعَ اللَّهُ عَلَىٰ قُلُوبِهِمْ وَسَمْعِهِمْ وَأَبْصَارِهِمْ (سورۃ النحل: ۱۰۸)

ترجمہ: یہ ایسے لوگ ہیں کہ اللہ نے ان کے دلوں پر، ان کے کانوں پر اور ان کی آنکھوں پر مہر لگادی ہے۔

۳).....أَفَرَأَيْتَ مَنِ اتَّخَذَ إِلَٰهَهُ هَوَاهُ وَأَضَلَّهُ اللَّهُ عَلَىٰ عِلْمٍ وَخَتَمَ عَلَىٰ سَمْعِهِ وَقَلْبِهِ وَجَعَلَ عَلَىٰ بَصَرِهِ غِشَاوَةً (سورۃ الجاثیہ: ۲۳)

ترجمہ: پھر کیا تم نے اسے بھی دیکھا جس نے اپنا خدا اپنی نفسانی خواہش کو بنالیا ہے اور علم کے باوجود اللہ نے اسے گمراہی میں ڈال دیا اور اس کے کان اور دل پر مہر لگادی اور اس کی آنکھ پر پردہ ڈال دیا؟

۴).....يٰسٓ ۝١ وَالْقُرْاٰنِ الْحَكِيْمِ ۝٢ اِنَّكَ لَمِنَ الْمُرْسَلِيْنَ ۝٣ عَلٰي صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ۝٤ تَنْزِيْلَ الْعَزِيْزِ الرَّحِيْمِ ۝٥ لِتُنْذِرَ قَوْمًا مَّآ اُنْذِرَ اٰبَآؤُهُمْ فَهُمْ غٰفِلُوْنَ ۝٦ لَقَدْ حَقَّ الْقَوْلُ عَلٰٓى اَكْثَرِهِمْ فَهُمْ لَا يُؤْمِنُوْنَ ۝٧ اِنَّا جَعَلْنَا فِيْٓ اَعْنَاقِهِمْ اَغْلٰلًا فَهِيَ اِلَى الْاَذْقَانِ فَهُمْ مُّقْمَحُوْنَ ۝٨ وَجَعَلْنَا مِنْۢ بَيْنِ اَيْدِيْهِمْ سَدًّا وَّمِنْ خَلْفِهِمْ سَدًّا فَاَغْشَيْنٰهُمْ فَهُمْ لَا يُبْصِرُوْنَ ۝٩

ترجمہ: یٰس۔ حکمت بھرے قرآن کی قسم! تم یقیناً پیغمبروں میں سے ہو بالکل سیدھے راستے پر! یہ قرآن اس ذات کی طرف سے اتارا جارہا ہے جس کا اقتدار بھی کامل ہے، جس کی رحمت بھی کامل۔ تاکہ تم ان لوگوں کو خبردار کرو جن کے باپ دادوں کو پہلے خبردار نہیں کیا گیا تھا، اس لیے وہ غفلت میں پڑے ہوئے ہیں۔ حقیقت یہ ہے کہ ان میں سے اکثر لوگوں کے بارے میں بات پوری ہوچکی ہے، اس لیے وہ ایمان نہیں لاتے، ہم (بقیہ ص 45)

روحانی علاج گاہ کی مفت روحانی خدمات

برائے مئی ۲۰۲۰ء

جگہ پر سے بد اثرات کا خاتمہ

کسی بھی جگہ پر سے ہر قسم کے بد اثرات (جادو، جنات و شیاطین) ختم کرنے کے لیے چراغ میں جلانے والا دو ہفتے پر مشتمل روحانی علاج منگوائیں۔

ناف ٹلنے کے علاج کا خاص تعویذ

ناف ٹل جائے تو شفاء کے لیے اس تعویذ کو استعمال کریں۔

رزق کی طرف سے اطمینان

ایک خاص دعا کا وظیفہ جس کو پڑھنے سے رزق کی طرف سے اطمینان نصیب ہوتا ہے۔ان شاءاللہ اس دعا کی برکت سے رزق کی تمام پریشانیاں ختم ہوجائیں گی۔

زندگی میں آسانی اور خوشی

کیا آپ چاہتے ہیں کہ آپ کی زندگی میں خوشیاں آجائیں؟

کیا آپ چاہتے ہیں کہ دن ورات کے تمام کاموں میں آسانی ہو؟

تو روحانی وظیفہ حاصل کریں اور زندگی میں خوشیاں اور آسانیاں پائیں۔

محبت کے لیے تالے والا عمل

ایک خاص عمل جو دیسی تالے پر کیا جاتا ہے۔ جو افراد جائز محبت میں ناکامی کا سامنا کر رہے ہوں، وہ یہ عمل کروا سکتے ہیں۔ ایک عدد لوہے کا دیسی تالا ادارہ میں بھجوائیں یا اس کی قیمت ادا کر کے عمل حاصل کریں۔

جوڑوں کے درد سے نجات

ہر قسم کے جوڑوں کے درد سے نجات حاصل کرنے کا تعویذ حاصل کریں اور جوڑوں کے درد سے نجات پائیں۔

جادو جنات سے نجات

جادو جنات کے اثرات سے نجات حاصل کرنے کا خاص علاج۔ اس علاج میں مریض کے لیے پانی پر عمل پڑھ کر دم کر کے دیا جاتا ہے۔اس لیے یہ علاج وہی حاصل کریں جو روحانی علاج گاہ آکر پانی دم کروا سکیں۔

حاکم، افسر، جج وغیرہ کو مہربان کرنا

اگر کسی کے ساتھ کوئی مقدمہ ہو، کوئی انکوائری ہو، کوئی ایسا معاملہ ہو، جس کی وجہ سے اس کو کسی حاکم، افسر یا جج وغیرہ کے سامنے پیش ہونا ہو تو خاص عمل حاصل کریں۔ یہ عمل پیشی پر جانے سے پہلے ایک بار کیا جاتا ہے۔ ان شاءاللہ، جس کے سامنے پیش ہوگا، وہ مہربان ہوگا اور زیادتی نہیں کرے گا۔

چکر آنے کا روحانی علاج

اگر کسی کو چکر آنے کی شکایت ہو، خاص کر اٹھتے وقت آنکھوں کے آگے اندھیرا چھا جاتا ہو تو اس تعویذ کو باندھنے سے افاقہ ہوگا، ان شاءاللہ۔

نوٹ یہ تمام روحانی خدمات صرف مئی ۲۰۲۰ء کے لیے ہی ہیں۔ رسالے کے آخر میں دیا گیا کوپن پُر کر کے روحانی علاج منگوائیں۔ ایک فرد کے لیے ایک کوپن استعمال کریں۔ نامکمل کوپن، ایک سے زائد افراد کے لیے یا پھر شرائط پر پورا نہ اترنے والوں کو روحانی علاج بھیجنے سے معذرت۔ تعویذات کی تعداد محدود ہوتی ہے۔ اس لیے ختم ہونے پر دوبارہ تیار نہیں کیے جاتے۔ مکمل شرائط پڑھ کر ہی روحانی علاج منگوائیں۔

شرائط کے لیے www.darulamal.org/ruhaniilajgah

ruhaniilajgah
0342-7772772
042-35410586
روحانی علاج گاہ دارالعمل چشتیہ لاہور پاکستان
darulamal.org/ruhaniilajgah, ruhaniilajgah@gmail.com
0324-7772772 ruhaniilajgah96

دعوت سورۂ اخلاص

حضرت پیر حکیم غلام سرور شباب صاحب مدظلہ

سورۂ اخلاص کی دعوت کا طریقہ یہ ہے کہ دو رکعت نفل پڑھیں۔ اور ہر رکعت میں سورۂ فاتحہ ایک مرتبہ اور سورۂ اخلاص گیارہ مرتبہ پڑھیں۔ بعد سلام دعوت سورۂ اخلاص اکتالیس مرتبہ پڑھیں اور سورۂ اخلاص (1002) مرتبہ پڑھیں۔ اور سورہ اخلاص کی خاتم لکھ کر ایک لکڑی کے عصاء پر اپنے سر سے بلند اپنی خلوت گاہ میں آویزاں کریں۔ اور ریاضت کے وقت لوبان، جاوی اور مصطگی کو بخور روشن کریں۔ اور ایسے ہی ہر رات کریں۔ یہاں تک کہ سورہ اخلاص کے خدام حاضر ہوں اور آپ کی حاجت پوری کریں۔ ریاضت کی کم از کم مدت اکتالیس روز ہے۔

دعوت سورۂ اخلاص یہ ہے:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۔اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ يَاذَاالْجَلَالِ وَالْاِكْرَام يَاحَیُّ يَاقَيُّوْمُ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ بِحَقِّ اِسْمِكَ الْاَعْظَمِ الْمُعَظَّمِ الْاَجَلِّ الْاَكْرَمِ الطَّاهِرِ الْمَطْهَرِ الْمَخْزُوْنِ الْمَكْنُوْنِ اَنْتَ اللّٰهُ وَعِلْمِكَ فِیْ كُلِّ مَكَانٍ يَااللّٰهُ يَااللّٰهُ يَااللّٰهُ يَامَنْ اَنْتَ الْاَبَدِیُّ الْوَاحِدُ الْاَحَدُ الْفَرْدُ الصَّمَدُ يَامَنْ رَفَعَ السَّمٰوٰتِ بِغَيْرِ عَمَدٍ وَبَسَطَ الْاَرْضِيْنَ عَلَى مَاءٍ جَمَدٍ يَامَنْ خَلَقَ الْخَلَائِقِ وَاَحْصَاهُمْ عُدَّدً. يَامَنْ قَسَمَ الْاَرْزَاقَ وَلَمْ يَنْسَ اَحَدً بِفَضْلِهٖ يَامَنْ لَمْ يَلِدْ وَلَمْ يُوْلَدْ وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ. اَسْئَلُكَ اَللّٰهُمَّ يَامُطَّلِعٌ عَلَيْنَا اَنْ تَنْظُرَ بِعَيْنِ بِعِنَايَتِكَ وَلُطْفِكَ اِلَيْنَا وَتَصَرَّفَنِیْ فِیْ جَمِيْعِ الْاَفْعَالِ الْعُلْوِيَةِ وَالسِّفْلِيَةِ وَسَخِّرْلِیْ خُدَّامِ هٰذِهِ السُّوْرَةِ الشَّرِيْفَةِ بِسِرِّ الْمَسَاجِدِ الْمَهْجُوْرَةِ وَالْقُلُوْبِ الْمَكْسُوْرَةِ مِنْ اَجَلِّكَ. وَالْبُيُوْتِ الْمَعْمُوْرَةِ بِذِكْرِكَ بِحَقِّ قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ اَللّٰهُ الصَّمَدُ لَمْ يَلِدْ وَلَمْ يُوْلَدْ وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ. اَجِبْ يَاعَبْدَالْوَاحِدِ وَاَنْتَ يَاعَبْدَالرَّحْمٰنِ وَاَنْتَ يَاعَبْدَالصَّمَدِ وَاَنْتَ يَاعَبْدَالْقُدُّوْسِ وَتَوَكَّلُوْا (بِكَذَا وَكَذَا) بِحَقِّهَا عَلَيْكُمْ وَجَلَالَتِهَا لَدَيْكُمْ وَبِحَقِّ مَنْ اَنْزَلْتَ عَلَيْهِ وَبِحَقِّ مَنْ قَالَ لِلسَّمٰوَاتِ وَالْاَرْضِ اَئْتِيَا طَوْعًا اَوْ كَرْهًا قَالَتَا اَتَيْنَا طَآئِعِيْنَ اَلْعَجَلْ بِحَقِّ مَنْ تَجَلّٰى رَبُّهٗ لِلْجَبَلِ جَعَلَهٗ دَكًّا وَخَرَّ مُوْسٰى صَعِقًا مِنْ هَيْبَتِهٖ وَبِسِرِّ "لَمَقْفَنْجَلٍ" وَبِاَلِفِ لَاحَوْلَ وَلَاقُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِیِّ الْعَظِيْمِ. وَصَلَّى اللّٰهُ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدُ بْنِ عَبْدِاللّٰهِ وَعَلٰى آلِهٖ وَصَحْبِهٖ وَسَلَّمْ ۔ آمِيْن۔

اور خاتم یہ ہے:

قوله	۷۸۶	جبرائیل	۷۸۶	الحق
کھیعص	۳۳۱	۳۳۸	۳۳۳	حمعسق
عزرائیل	۳۳۶	۳۳۴	۳۳۲	میکائیل
کھیعص	۳۳۵	۳۳۰	۳۳۷	حمعسق
وله		اسرافیل		الملک

(رموز خاتم سلیمانی)

بقیہ (ص 7): اہل بیت کون ہیں؟

چاہیے اور اللہ کی خاطر ہی تم سب کو مجھ سے محبت ہونی چاہیے اور میری محبت کی وجہ سے ہی تمہیں میرے اہل بیت سے محبت ہونی چاہیے۔ ایک مقام پر آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ یااللہ! علیؓ، فاطمہؓ، حسنؓ، حسینؓ یہ آل محمد ﷺ ہیں۔ ان پر اپنی رحمتیں اور برکتیں نازل فرمائیں۔ ماہنامہ خزینہ روحانیات کی وساطت سے میں تمام قارئین سے دست بستہ گزارش اور اپیل کرتا ہوں کہ ہم سب کو اہل بیت سے سچی اور پکی محبت کرنی چاہیے۔ میں اپنے مضمون کو حضرت امام شافعیؒ کے مبارک اشعار پر ختم کرتا ہوں۔

یاآل بیت رسول اللہ حبکم — وھو الیہ وسیلتی

ارجو بھم اعطی غدا — بیدی الیمن صحیفی

اے اہل بیت رسول اللہ ہم تم سے سچی محبت کرتے ہیں۔ آپ حضرات ہی اللہ تعالیٰ کے حضور ہمارا وسیلہ ہیں۔ ہم امید کرتے ہیں کہ کل قیامت کے دن ہمارا نامۂ اعمال ہمیں دائیں ہاتھ میں دیا جائے گا۔

آئینہ والی حاضرات

بابائے حاضرات قیصر احمد بی۔اے (کراچی)

سوال کا جواب آئینہ میں ملے

ارنڈی کے درخت کا جو پہلا پھل ہو، اسے احتیاط سے اتار لائیں۔ خیال رہے کہ کوئی پھل ضائع نہ ہو۔ گھر لا کر سب پھلوں کو چھیلیں اور تخم ارنڈی حاصل کریں۔ جب تمام پھل کے بیج حاصل ہو جائیں، ایک ایک تخم (بیج) اٹھائیں اور ایک آئینہ پر رگڑیں۔ اور یہ عمل پڑھیں۔ آئینہ پر بغور دیکھتے بھی رہیں۔ عمل یہ ہے:

یَابَکْطِیْشُ تَخْمِیْھَا عَدَیْتُمْ تَخْلَھَا حَاضِرٌ

اس میں ایک بیج ایسا ہے جو عمل کے پڑھتے ہی اور جیسے ہی آئینے پر رگڑیں گے، آئینے میں ایک دوسری ہی دنیا آباد نظر آئے گی جو کہ حاضرات سے متعلق ہے۔ بہ شرائط عقل سے کام لیں اور حاضرات سے مدد لیں۔ نہایت ہی آسان عمل ہے۔

حاضرات (خود بینی) بر آئینہ

یَااِلٰھِی بِحُرْمَتِكَ كُنْ كُنْ فَيَكُوْن فَتَبَارَكَ اللّٰهُ اَحْسَنُ الْخَالِقِيْنَ مُسْتَهِيداً بِحَقِّ حضرت سلیمان بن دائود علیہ السلام

اول و آخر گیارہ گیارہ بار درود ابراہیمی۔ تعداد 747 بار گیارہ یوم

پرہیز: جلالی و جمالی۔

نیا آئینہ، کمرہ سفید۔

طریقہ: مندرجہ بالا حاضرات کسی کرامت، کشف والہام سے کم نہیں۔ اس حاضرات کی جتنی بھی تعریف کی جائے کم ہے۔ گویا یہ ایک غیبی خزانہ ہے۔ جو بھی اس حاضرات کو کرے گا، وہ گھر بیٹھے دنیا کے تمام حالات بتا سکتا ہے۔ چوری، اغوا، گمشدہ، مفرور، امتحان میں کامیابی و ناکامی، دلوں کا حال، امتحانی پرچہ جات، بیماری کا مرض و علاج، آئندہ رونما ہونے والے واقعات کا بتانا وغیرہ وغیرہ۔

بس یہ سمجھیں کہ یہ ''الہامی حاضرات'' ہے۔ آپ کو دنیا کی ہر چیز کا پتہ کشف والہام کے ذریعے ہو جایا کرے گا۔ جب بھی حاضرات کرنی ہو تو کمرہ میں قلعی (چونا) کروائیں اور بازار سے ایک نیا آئینہ خریدیں اور اس پر عطر گلاب لگائیں اور توجہ و یکسوئی کامل سے مندرجہ بالا عزیمت بعد نماز عشاء باوضو، باطہارت، اگربتی وغیرہ سلگائیں اور عزیمت آئینہ اپنے سامنے رکھ کر اول و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود ابراہیمی پڑھیں اور ایک مرتبہ صرف بسم اللہ الرحمن الرحیم اور آیت کو 747 بار آئینہ پر نظر جما کر توجہ و یکسوئی اور دل سے پڑھیں۔ اس طرح روزانہ عمل کو گیارہ یوم باپرہیز پڑھیں۔

چار یا پانچ روز میں ہی آپ کو آئینہ میں بادل یا دھواں سا اڑتا ہوا نظر آئے گا۔ پھر ایک دو دن بعد آپ کو آئینہ میں بادل اڑتے ہوئے نظر آئیں گے اور ہلکی سی بارش بھی ہوتی ہوئی نظر آئے گی۔ پھر نویں روز یا گیارہویں روز آپ کی شکل آئینہ میں سے غائب ہو جائے گی۔ اتفاقاً اگر آپ کی شکل غائب نہ بھی ہو تو آپ بارہویں روز آئینہ میں دیکھتے ہوئے اور مذکورہ بالا آیت کو صرف 27 مرتبہ اول و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود ابراہیمی پڑھتے ہوئے حاضرات کریں۔ آپ کو ایک بزرگ باریش نظر آئیں گے۔ پھر ان کو اپنا سلام عرض کریں اور جو پوچھنا ہو دریافت کریں۔ ان شاء اللہ ہر جائز و شرعی سوال کا جواب سو فیصد سچا و درست ملے گا۔

اس کے علاوہ اس حاضرات کو کرنے کا دوسرا طریقہ یہ ہے کہ آپ سے اگر کوئی سوال کرے کہ فلاں مفرور شخص کہاں ہے؟ فلاں گمشدہ گاڑی کہاں ہے؟ غرض کسی بھی قسم کا سوال ہو تو اس کے لیے یہ طریقہ یہ ہے کہ عامل (آپ) مذکورہ بالا عزیمت کو آنکھیں بند کر کے صرف 18 مرتبہ پڑھے، اول و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود ابراہیمی پڑھے اور اس سوال کا جواب معلوم کرے۔ ان شاء اللہ تھوڑی ہی دیر میں ہر چیز عیاں ہو جائے گی اور عامل ہر سوال کا جواب با آسانی بتا دے گا۔ لاجواب والہامی حاضرات ہے۔ حاضرات شائقین و عملیات شائقین کے لیے ایک بیش بہا و قیمتی تحفہ ہے۔

سر کی بیماریاں اور روحانی علاج

مرتب: محمد علیم (رکن روحانی علاج گاہ)

سر درد

یہ آیات لکھ کر سر پر باندھی جائیں۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

ذٰلِكَ تَخْفِيْفٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ وَرَحْمَةٌ ۭ فَمَنِ اعْتَدٰى بَعْدَ ذٰلِكَ فَلَهٗ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ۝ (البقرۃ:۱۷۸)

يُرِيْدُ اللّٰهُ اَنْ يُّخَفِّفَ عَنْكُمْ ۚ وَخُلِقَ الْاِنْسَانُ ضَعِيْفًا ۝۲۸ (النسآء:۲۸)

وَاِذَا سَاَلَكَ عِبَادِيْ عَنِّيْ فَاِنِّيْ قَرِيْبٌ ۭ اُجِيْبُ دَعْوَةَ الدَّاعِ اِذَا دَعَانِ (البقرۃ:۱۸۶)

اَلَمْ تَرَ اِلٰى رَبِّكَ كَيْفَ مَدَّ الظِّلَّ ۚ وَلَوْ شَاۗءَ لَجَعَلَهٗ سَاكِنًا ۚ (الفرقان:۴۵)

درد شقیقہ کا مجرب عمل

حکیم صوفی غلام سرور شباب صاحب مدظلہ نے یہ عمل اپنی کتاب ردِ سحر حصہ اول کے آخر باب میں تحریر کیا ہے۔ مریض خواہ مرد ہو یا عورت، خواہ قریب ہو یا دور، زمینی فاصلہ چاہے جتنا بھی ہو، صبح فجر کی نماز ادا کرنے کے بعد سورج نکلنے سے پہلے دائیں ہاتھ کی انگشتِ شہادت سے فضاء میں مشرق کی طرف منہ کر کے ''بسم اللہ الرحمن الرحیم'' تحریر کریں۔ تصور یہ کریں فلاں مریض کا علاج کر رہا ہوں۔ صرف ایک مرتبہ ہی عمل کرنے سے دائمی افاقہ ہوگا اور مستقل فائدہ ہوگا۔ اگر مریض کا نام معلوم ہو مثلاً عبد الرزاق وغیرہ تو نام کے ساتھ تصور کریں۔

برائے دفع مرگی

حضرت مولانا سید زوار حسین شاہ صاحب رحمۃ اللہ علیہ تحریر فرماتے ہیں کہ مرگی کے لیے ان آیات کو لکھ کر گلے میں ڈال دیا جائے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

رَبِّ اَنِّىْ مَسَّنِيَ الشَّيْطٰنُ بِنُصْبٍ وَّعَذَابٍ ۝ (صٓ:۴۱)

رَبِّ اَنِّىْ مَسَّنِيَ الضُّرُّ وَاَنْتَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِيْنَ ۝ (الانبیآء:۸۳)

رَبِّ اَعُوْذُ بِكَ مِنْ هَمَزٰتِ الشَّيٰطِيْنِ ۝ وَاَعُوْذُ بِكَ رَبِّ اَنْ يَّحْضُرُوْنِ ۝ (المؤمنون:۹۷-۹۸)

درد شقیقہ (آدھے سر کا درد)

سورۃ التکاثر بعد نماز عصر پڑھ کر دم کرنا آدھے سر کے درد کے لئے نافع ہے۔

سر درد کا علاج

جس شخص کو درد سر ہو تو یہ آیت اس پر تین دفعہ پڑھ کر دم کریں۔ ان شاء اللہ تعالیٰ درد ختم ہو جائے گا۔

لَا يُصَدَّعُوْنَ عَنْهَا وَلَا يُنْزِفُوْنَ ۝ (الواقعہ:۱۹)

صرع یعنی مرگی

عالم ربانی شاہ ولی اللہ محدث دہلوی نور اللہ مرقدہٗ نے فرمایا کہ تانبے کی ایک تختی لے کر اس پر اتوار کے دن پہلی ساعت میں ایک طرف یہ کھدوائیں:

يَا قَهَّارُ اَنْتَ الَّذِيْ لَا يُطَاقُ اِنْتِقَامُهٗ يَا قَهَّارُ

اور دوسری طرف یہ کھدوائیں:

يَا مُذِلَّ كُلِّ جَبَّارٍ عَنِيْدٍ بِقَهْرٍ عِزِيْزٍ سُلْطَانُهٗ يَا مُذِلُّ

پھر یہ تختی مریض کو پہنا دیں۔

نوٹ: جو لوگ خود تیار نہ کر سکیں، وہ روحانی دکان سے رابطہ کر کے تختی منگوا سکتے ہیں۔ یہ محدود تعداد میں لکھی جاتی ہیں۔ رابطہ: 0334-4312272

درد سر کا علاج

مندرجہ ذیل اسماء الحسنیٰ لکھ کر سر پر باندھیں ''یاصبور یاصبور یاصبور یاغفور یاغفور۔''

darulamal.org/matrimonial

آغوش تھراپی سسٹم
ایک بہترین طریقہ علاج

مولانا سلیم اللہ ظفر (ناظم روحانی درس گاہ)

آج میں آپ کے سامنے ایک ایسا تھراپی سسٹم متعارف کروانے لگا ہوں کہ جو صدیوں پرانا حضرت آدم علیہ السلام کے دور سے شروع ہو کر قیامت کی صبح تک قائم دائم رہے گا۔ اس تھراپی سسٹم کی بانی اماں حوا علیہا السلام ہیں۔ قارئین آج میں اس تھراپی سسٹم کی بات کرنے لگا ہوں۔ جو تمام طریقہ ہائے علاج کا سرتاج ہے۔ تمام قدیم اور جدید تھراپی سسٹمز کا بادشاہ ہے۔ یہ تھراپی سسٹم تمام جسمانی، روحانی، نفسیاتی مریضوں کے لیے بہت ہی اہم، بہت ہی ضروری، بہت ہی متاثر کن ہے، بہت ہی فائدمند، بہت ہی رزلٹ ایبل، بہت ہی اکسیر، بہت ہی مثالی، بہت ہی لاجواب ہے۔ جس نے بھی اس تھراپی سسٹم سے علاج کروایا وہ اس سسٹم کا دیوانہ ہو گیا۔ میں نے کئی دوستوں، کئی ساتھیوں، بے شمار احباب کو اپنی تمام تر بیماریوں اور تمام تر پریشانیوں میں جب اس تھراپی سسٹم سے فائدہ اٹھانے کا مشورہ دیا۔ اللہ پاک ان کو جزائے خیر عطا فرمائے کہ جب انہوں نے میری بات پر فوری عمل کیا اور میری گزارش کو مان کر وہ جونہی اس تھراپی سسٹم کے لیے اپنے اپنے تھراپسٹ کے پاس پہنچے، تو تھوڑی دیر کے بعد ہی ان سب کا شکریہ ادا کرنے کے لیے فون آ گیا کہ مولانا! ہم بالکل ٹھیک ہو گئے ہیں، جو بیمار تھے ان کی بیماریاں ختم، جو پریشان حال تھے ان کی پریشانیاں ختم، جو ٹینشنوں کا شکار تھے ان کی تمام ٹینشن ختم، جو نفسیاتی الجھنوں کا شکار تھے ان کی تمام نفسیاتی الجھنیں ختم الغرض جس نے بھی جس مقصد کے لئے آغوش تھراپی کروائی۔ جب بھی کروائی، جس دن بھی کروائی، جس وقت بھی کروائی، جس لمحے کروائی اللہ پاک نے اسی وقت، اسی دن، اسی لمحے اس کو تمام پریشانیوں سے نجات اور چھٹکارا عطا فرما دیا۔ میں اپنے تمام قارئین کے لیے دعا گو ہوں کہ اللہ پاک ان کو تا زندگی اس تھراپی کی سہولت سے محروم نہ فرمائے۔ اور ہر ایک کو اس کی قدر دانی نصیب فرمائے اور ہر ایک کو اس کی اہمیت، ضرورت اور اس کی افادیت سمجھنے کی توفیق عطا فرمائے اور ہر ایک کو اس تھراپی سسٹم سے پورا پورا فائدہ اٹھانے کی اللہ پاک توفیق نصیب فرمائے، آمین ثم آمین۔

قارئین آج سے کچھ عرصہ قبل میرا شدید ایکسیڈنٹ ہو گیا اور ایکسیڈنٹ اس قدر شدید تھا کہ بظاہر زندگی کے تمام آثار ختم تھے۔ شدید دماغی چوٹیں لگی تھیں، اللہ پاک جزائے خیر عطا فرمائے میرے ان تمام دوست واحباب کو جنہوں نے اس وقت میرے ساتھ کسی بھی قسم کا تعاون فرمایا۔ ایک عرصہ تک ادویات اور علاج کا سلسلہ چلتا رہا۔ لیکن اس تمام علاج سے مجھے وہ فائدہ نصیب نہیں ہوا جو فائدہ مجھے آغوش تھراپی کرواتے ہی پہلے دن اللہ پاک نے عطا فرمایا۔ قارئین آپ بڑی شدت سے اس انتظار میں ہوں گے کہ میں آپ کو اس تھراپی کا تعارف کروادوں، تو جناب وہ آغوش تھراپی سسٹم کسی بازار سے یا کسی دکاندار سے نہیں ملتا، وہ سسٹم آپ کے اپنے گھر میں موجود ہے، وہ آغوش تھراپی سسٹم ہم سب کی والدہ محترمہ کی گود ہے۔ جن دنوں میرا ایکسیڈنٹ ہوا تھا۔ انہی دنوں میں میرے چھوٹے بیٹے حماد الرحمٰن کو پاؤں پر شدید چوٹ لگ گئی جس کی وجہ سے اس کا چلنا پھرنا سب کچھ بند ہو گیا اور وہ بھی چند دن کیلئے بستر اور چارپائی کا مہمان بنا رہا۔ میری اہلیہ کی ساری توجہ مجھ سے کہیں زیادہ اپنے بیٹے کی طرف تھی۔ میں یوں محسوس کر رہا تھا کہ شاید بیمار صرف حماد الرحمٰن ہی ہے، ان خیالات کو دل ودماغ سے نکالنے کے باوجود خیالات تھے کہ ختم ہونے کا نام ہی نہیں لے رہے تھے۔ بہر حال بات اس پر آ کر ختم ہوئی یا یوں کہہ لیجئے کہ تمام خیالات کا نچوڑ میں نے یہ نکالا کہ ایک ماں کی ممتا، ماں کی محبت، ماں کا پیار، ماں کی امیدوں کا مرکز، ماں کی زندگی کا سب سے بڑا سہارا، ماں کا دل چین صرف اور صرف اس کی اولاد ہوا کرتی ہے، دوسرا نچوڑ یہ نکالا کہ جس طریقے سے حماد الرحمٰن کے دردوں اور تکلیفوں کا علاج اس کی والدہ کی گود اور والدہ کی طرف سے ملنے والا وہ آغوش تھراپی سسٹم ہے بالکل اسی (بقیہ ص 30)

دستِ غیب کے اعمال

مرتب: اراکین روحانی علاج گاہ

دست غیب (عمل سورۂ طٰہٰ)

واجد رام پوری صاحب لکھتے ہیں کہ نام سے موسوم کا تعلق نہیں ہوتا۔ مثلاً کسی کا نام بہادر خان ہے مگر وہ بہادر نہیں ہے۔ کسی کا نام سلطان، اکبر خاں وغیرہ ہے مگر وہ نہ سلطان ہیں اور نہ شہنشاہ اکبر ہیں۔

اسی طرح دست غیب خاص ہے، عام نہیں ہے۔ دست غیب سے مراد یہ ہوتی ہے کہ خدائے پاک غیب سے ایسے سامان کر دیتا ہے کہ جس سے زندگی سکون اور اطمینان سے بسر ہوتی ہے، مثلاً کاروبار نہیں چلتا، ملازمت نہیں ملتی، آمدنی کم ہے، خرچ زیادہ ہے، تفکرات میں زندگی بسر ہوتی ہے۔ اس قسم کی باتیں خدا کے کلام سے دور ہو جاتی ہیں۔ تکیے کے نیچے سے روزانہ رقم مل جائے، یہ مرتبہ اولیاء اللہ کا ہے۔ اور میں تو اس قسم کی روایات پر حیران اور خاموش ہوں۔ جناب رسول علیہ السلام جنگ کے لیے صحابہ سے چندہ جمع فرماتے تھے۔ آپ ﷺ نے کبھی بھی تکیے کے نیچے سے رقم نہیں نکالی۔ ہاں یہ معجزہ ضرور ہوا کہ تھوڑی چیز آپ ﷺ کی برکت سے زیادہ ہو گئی اور یہ ہی اثر عمل میں ہے کہ خدا برکت عطا فرماتا ہے۔ اور ایسی برکت ہوتی ہے گویا دست غیب ہے۔ یہ عمل مجرب ہے اور خدائے پاک اس کا اثر باطل نہیں فرماتا۔ رات کے بارہ بجے کے بعد اٹھ جاؤ اور وضو کر کے پندرہ (۱۵) مرتبہ سورۂ طٰہٰ پڑھا کرو۔ اول آخر تین تین بار درود شریف۔ چوبیس (۲۴) دن روزانہ یہ عمل کرو۔ اتنی جلدی نہ پڑھو کہ حروف کٹ جائیں۔ ایسے وقت سے شروع کرو کہ نمازِ فجر تک ختم کر لو۔ اگر عمل پڑھنے سے قبل چار رکعت نماز تہجد بھی پڑھ لیں تو زیادہ بہتر ہے مگر یہ شرط نہیں ہے۔ برکت کے واسطے پڑھ لیا کریں تو بہتر ہے۔ چوبیس دن زکوٰۃ کے ہیں، پچیسویں دن سے نمازِ صبح سے قبل یا بعد نمازِ فجر ایک مرتبہ یہ ہی سورۃ پڑھ لیا کریں۔ اگر کسی دن کسی خاص وجہ سے قبل از نمازِ فجر یا بعد نمازِ فجر نہ پڑھ سکیں تو دوسرے وقت پڑھ لیا کریں۔ خدا چاہے تو دنیا کی پریشانیاں ختم ہو جائیں گی اور غیب سے ہر مشکل حل ہو جایا کرے گی۔ یہ عمل ضرور کرو اور خدا کے پاک کلام کا اثر دیکھو۔

سورۂ الم نشرح کا خاص عمل

سورۂ الم نشرح سات سو (۷۰۰) بار اول و آخر گیارہ گیارہ بار درود شریف۔ مکمل پرہیز کے ساتھ سات (۷) رات پڑھنا ہے۔ ہر سو (۱۰۰) بار کے بعد ایک بار یہ دعا پڑھیں:

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْاَلُکَ بِحَقِّ الراغبین الیک و بالایات و الذکر الحکیم ان ترزقنی شیئاً استعین بہ علی الطاعۃ۔

"یَا فَتَّاحُ" سے دست غیب

اس اسمِ مبارک کو اٹھارہ شب و روز میں اسی ہزار سات سو ترانوے (۸۰۷۹۳) مرتبہ پڑھے۔ اور اس کے بعد روزانہ پانچ سو (۵۰۰) مرتبہ پڑھے۔ ان شاء اللہ، غیب سے روزی ملے گی۔

غیب سے رزق ملے

جو شخص روزانہ ایک ہزار بار آیت قطب پڑھے، غیب سے رزق پائے۔ آیت قطب یہ ہے:

ثُمَّ اَنْزَلَ عَلَیْکُمْ مِّنْۢ بَعْدِ الْغَمِّ اَمَنَةً نُّعَاسًا یَّغْشٰی طَآىِٕفَةً مِّنْکُمْ ۙ وَ طَآىِٕفَةٌ قَدْ اَهَمَّتْهُمْ اَنْفُسُهُمْ یَظُنُّوْنَ بِاللّٰهِ غَیْرَ الْحَقِّ ظَنَّ الْجَاهِلِیَّةِ ؕ یَقُوْلُوْنَ هَلْ لَّنَا مِنَ الْاَمْرِ مِنْ شَیْءٍ ؕ قُلْ اِنَّ الْاَمْرَ كُلَّهٗ لِلّٰهِ ؕ یُخْفُوْنَ فِیْۤ اَنْفُسِهِمْ مَّا لَا یُبْدُوْنَ لَكَ ؕ یَقُوْلُوْنَ لَوْ كَانَ لَنَا مِنَ الْاَمْرِ شَیْءٌ مَّا قُتِلْنَا هٰهُنَا ؕ قُلْ لَّوْ كُنْتُمْ فِیْ بُیُوْتِكُمْ لَبَرَزَ الَّذِیْنَ كُتِبَ عَلَیْهِمُ الْقَتْلُ اِلٰی مَضَاجِعِهِمْ ۚ وَ لِیَبْتَلِیَ اللّٰهُ مَا فِیْ صُدُوْرِكُمْ وَ لِیُمَحِّصَ مَا فِیْ قُلُوْبِكُمْ ؕ وَ اللّٰهُ عَلِیْمٌۢ بِذَاتِ الصُّدُوْرِ ۝ (آل عمران: ۱۵۴)

شوہر کے گھر والے اور اپنے گھر والوں میں فرق کیوں؟

مرسلہ: زینبی رانا

ایک روز شوہر نے پرسکون ماحول میں اپنی بیوی سے کہا:

بہت دن گزر گئے ہیں، میں نے اپنے گھر والوں بہن بھائیوں اور ان کے بچوں سے ملاقات نہیں کی ہے۔ میں ان سب کو گھر پر جمع ہونے کی دعوت دے رہا ہوں، اس لیے براہ مہربانی تم کل دوپہر اچھا سا کھانا تیار کر لینا۔

بیوی نے گول مول انداز سے کہا: ان شاء اللہ خیر کا معاملہ ہوگا۔

شوہر بولا: تو پھر میں اپنے گھر والوں کو دعوت دے دوں گا۔

اگلی صبح شوہر اپنے کام پر چلا گیا اور دوپہر ایک بجے گھر واپس آیا۔ اس نے بیوی سے پوچھا:

کیا تم نے کھانا تیار کر لیا؟ میرے گھر والے ایک گھنٹے بعد آ جائیں گے۔

بیوی نے کہا: نہیں میں نے ابھی نہیں پکایا کیوں کہ تمہارے گھر والے کوئی انجان لوگ تو ہیں نہیں لہٰذا جو کچھ گھر میں موجود ہے وہ ہی کھالیں گے۔

شوہر بولا: اللہ تم کو ہدایت دے... تم نے مجھے کل ہی کیوں نہ بتایا کہ کھانا نہیں تیار کرو گی، وہ لوگ ایک گھنٹے بعد پہنچ جائیں گے پھر میں کیا کروں گا۔

بیوی نے کہا: ان کو فون کر کے معذرت کر لو۔۔۔ اس میں ایسی کیا بات ہے وہ لوگ کوئی غیر تو نہیں، آخر تمہارے گھر والے ہی تو ہیں۔

شوہر ناراض ہو کر غصے میں گھر سے نکل گیا۔

کچھ دیر بعد دروازے پر دستک ہوئی۔ بیوی نے دروازہ کھولا تو یہ دیکھ کر حیران رہ گئی کہ اس کے اپنے گھر والے، بہن بھائی اور ان کے بچے گھر میں داخل ہو رہے ہیں!

بیوی کے باپ نے پوچھا: تمہارا شوہر کہاں ہے؟

وہ بولی: کچھ دیر پہلے ہی باہر نکلے ہیں۔

باپ نے بیٹی سے کہا: تمہارے شوہر نے گزشتہ روز فون پر ہمیں آج دوپہر کے کھانے کی دعوت دی۔۔ یہ کیسے ممکن ہے کہ وہ دعوت دے کر خود گھر سے چلا جائے!

یہ بات سُن کر بیوی پر تو گویا بجلی گر گئی۔ اس نے پریشانی کے عالم میں ہاتھ ملنے شروع کر دیے کیوں کہ گھر میں موجود کھانا اس کے اپنے گھر والوں کے لیے کسی طور لائق نہ تھا البتہ یقیناً اس کے شوہر کے گھر والوں کے لائق تھا۔

اس نے اپنے شوہر کو فون کیا اور پوچھا: تم نے مجھے بتایا کیوں نہیں کہ دوپہر کے کھانے پر میرے گھر والوں کو دعوت دی ہے۔

شوہر بولا: میرے گھر والے ہوں یا تمہارے گھر والے۔۔۔ فرق کیا پڑتا ہے۔

بیوی نے کہا: میں منت کر رہی ہوں کہ باہر سے کھانے کے لیے کوئی تیار چیز لے کر آ جاؤ، گھر میں کچھ نہیں ہے۔

شوہر بولا: میں اس وقت گھر سے کافی دُور ہوں اور ویسے بھی یہ تمہارے گھر والے ہی تو ہیں کوئی غیر یا انجان نہیں۔

(ہمارے معاشرے کا بہت بڑا المیہ ہے کہ بیوی اپنے گھر والوں کو شوہر کے گھر والوں پر فوقیت دیتی ہے اور کئی خاندانوں میں یہی فساد کی جڑ بنتا ہے۔ یہی حال شوہروں کا بھی ہے کہ وہ اپنے گھر والوں کو بیوی کے گھر والوں پر ترجیح دیتے ہیں۔ تالی دونوں ہاتھ سے بجتی ہے۔ کیا ہی اچھا ہو کہ شوہر اور بیوی کی یہی سوچ ہو جائے کہ ''میرے گھر والے ہوں یا تمہارے گھر والے..... فرق کیا پڑتا ہے۔'' یعنی زوجین دونوں گھر والوں کو ایک جیسی اہمیت دیں تو سب کے دلوں میں نفرت کی کسی کو کوئی جگہ نہیں ملے گی۔ ہر طرح پیار و محبت کی فضا قائم ہو گی جو کہ ایک اچھی زندگی گذارنے کے لیے بہت ضروری ہے۔ اللہ تعالیٰ سب زوجین کو اس پر عمل کرنے کی توفیق دے۔ آمین)

کیا آپ چاہتے ہیں کہ مصیبتیں آپ سے دور رہیں؟ goo.gl/CP1nJK

خالد مقبول حفظہ اللہ

آپ کے مسائل اور ان کا روحانی حل

بیٹے کی شادی میں رکاوٹ

سوال میرے بیٹے کا رشتہ کہیں طے نہیں ہو رہا۔ پہلی شادی ناکام ہوئی۔ بہو نے خلع کا کیس کر دیا۔ معاملہ ختم ہوا۔ دوسری جگہ رشتہ بہت مشکل سے طے ہوا۔ عین وقت پر رشتہ ختم کر دیا گیا۔ مجھے شک ہے کہ بیٹے کی سابقہ بیوی کی طرف سے کوئی بندش نہ کروائی گئی ہو۔ مہربانی کر کے مدد فرمائیں اور دعا کریں کہ رشتہ کی رکاوٹ دور ہو جائے۔ (لاہور)

جواب میرے مطابق کوئی جادو یا بندش کا معاملہ نہیں ہے۔ آئندہ کسی بھی جگہ رشتہ کرنے جائیں اور محسوس کریں کہ کوئی رکاوٹ ہو رہی ہے تو سورۃ والضحیٰ کو اکتالیس (۴۱) مرتبہ، اول و آخر تین تین بار درود شریف پڑھ کر دعا کرنا شروع کر دیں۔ ان شاء اللہ، کوئی رکاوٹ نہ ہوگی۔

نوکری بہت کم تنخواہ کی مل رہی ہے

سوال میری نوکری اچانک چلی گئی۔ کوئی وجہ بھی سمجھ میں نہ آئی۔ بہت اچھی تنخواہ کی نوکری تھی۔ معاملہ جادو کا نکلا اور دو عاملین سے علاج کروایا۔ ان دونوں نے علاج کر کے کہا کہ اب جادو ختم ہو چکا ہے۔ آپ سے بھی پوچھا تو آپ نے بھی کہا تھا کہ جادو کا معاملہ ختم ہو چکا ہے۔ بہت جگہ **Apply** کیا مگر کوئی **Response** نہ ملا۔ اب ایک پرانی کمپنی میں نوکری کی آفر ہوئی ہے مگر وہ بہت چھوٹی درجے کی نوکری ہے اور تنخواہ بھی کافی کم ہے جب کہ میں بہت تجربہ کار ہوں۔ یہ نوکری ایسی ہی ہے جو میں پندرہ سال پہلے کرتا تھا۔ اب مشورہ دیں کہ کیا کروں؟ (عثمان، دبئی)

جواب اگر اس نوکری میں ایسی کوئی شرط نہ ہو کہ چھوڑ نہ سکیں خاص مدت تک تو اس کو عارضی طور پر اختیار کر لیں اور کوششیں جاری رکھیں۔ اگر ایسی شرط ہے یا پھر اس نوکری کرنے سے آئندہ اچھی نوکری ملنے پر کوئی اثر پڑ سکتا ہے تو نہ کریں۔

غلط رویہ

سوال ڈاکٹر صاحب ہم چھ بہن بھائی ہیں۔ تین بھائی اور تین بہنیں۔ دو بڑی بہنوں کی شادی ہو چکی ہے۔ امی فوت ہو چکی ہیں۔ مسئلہ یہ ہے کہ میرے دونوں بڑے بھائی ہمیں بہت تنگ کرتے ہیں۔ ہمیں مارتے پیٹتے رہتے ہیں اور ہم پر طرح طرح کے جھوٹے الزام لگاتے رہتے ہیں۔ ایک چار سالہ بھانجی ہمارے ساتھ رہتی ہے۔ اس کے ساتھ بھی ان کا رویہ ٹھیک نہیں ہے۔ ہم ہر وقت ذہنی دباؤ کا شکار رہتے ہیں۔ ابو کے ساتھ بھی ان کا یہی رویہ ہے۔ ڈاکٹر صاحب میں چاہتا ہوں کہ میری بہن کی جلد از جلد شادی ہو جائے اور وہ اپنے گھر کی ہو جائے اور گھر کے حالات بہتر ہو جائیں۔ مہربانی فرما کر اس سلسلے میں ہماری مدد فرمائیں اور خود بھی دعا کریں۔ مہربانی کر کے مجھے مکمل تفصیل کے ساتھ ہمارے وظیفے بتا دیں۔ (پوشیدہ، گجرات)

جواب آپ سورۃ یٰس کا وظیفہ مبین در مبین کا بازار سے لے لیں اور اکیس (21) دن تک لگاتار پڑھ کر کسی میٹھی چیز جیسے چینی وغیرہ پر دم کر کے اپنے بھائیوں کو کھلائیں۔ پھر حالات کی اطلاع کریں۔ نیز اس بات کی طرف بھی دھیان دیں کہ وہ لوگ کیوں مار پیٹ کرتے ہیں؟ اس وجہ کو بھی دور کرنے کی کوشش کریں۔

ساس پر آسیبی اثرات اور بیماری

سوال میری ساس کی طبیعت کافی خراب ہے۔ بدن میں کئی جگہ دردیں ہیں۔ کافی ڈاکٹری علاج کروا رہی ہیں مگر کوئی خاطر خواہ افاقہ نہیں ہو رہا۔ ابھی تک کوئی بیماری بھی ڈاکٹرز نے نہیں بتائی۔ مہربانی فرما کر چیک کر دیں کہ کوئی اثرات کا معاملہ تو نہیں؟ (سمیعہ، فیصل آباد)

جواب آپ کی ساس پر آسیبی اثرات ہیں۔ گھر پر بھی ہیں۔ ساتھ بیماری بھی ہے۔ میرا مشورہ ہے کہ قریبی کسی روحانی معالج سے تین دم کروائیں۔ پھر حالت بتائیں۔ روزانہ اکتالیس (۴۱) بار آیت الکرسی پڑھ کر پانی پر دم کریں۔ یہ پانی ساس استعمال کریں مگر چھڑکنا نہیں ہے۔ گھر پر آسیبی

اثرات کی وجہ سے خود سے چھڑکنا خطرناک ثابت ہوسکتا ہے۔ کسی عامل کی نگرانی میں ہی چھڑکنے کا عمل کریں۔

ساس نے بیٹی کا جینا حرام کر رکھا ہے

سوال میری بیٹی کی شادی کو ڈھائی سال ہو گئے ہیں۔ شروع دن سے ہی اس کی ساس نے اسے تنگ کیا ہوا ہے۔ میرے داماد کو ہر وقت بھڑکاتی رہتی ہیں۔ میری بیٹی پر مسلسل عمل کرواتی رہتی ہیں۔ اس کی صحت بہت زیادہ گر گئی ہے۔ سوکھ کر کانٹا ہوتی جارہی ہے۔ اسی عملیات میں اس کا پہلا حمل بھی ضائع ہو گیا ہے۔ ظالم ساس کو کوئی ترس نہ آیا جب اس کا حمل گر گیا بلکہ الٹا خوش نظر آرہی تھی جس نے ہمارے شک کو یقین میں بدل دیا کہ ساس کے عمل سے ہی حمل گر گیا ہے۔ ہم قریبی ایک روحانی معالج سے علاج کروا رہے ہیں۔ ان کے علاج سے اب بیٹی کی طبیعت بہتر ہے۔ میری بیٹی بہت تابعدار ہے۔ کسی سے کوئی گلہ شکوہ نہیں کرتی مگر ان حالات سے وہ بہت زیادہ نفسیاتی مریض بنتی جارہی ہے۔ مہربانی کر کے ہم پر رحم کریں اور اس مشکل کا کوئی حل نکالیں۔ بیٹی کو ساس سے نجات دلوائیں۔ (پوشیدہ)

جواب آپ کی بیٹی پر جادو کروایا گیا تھا اور اس کے اثرات سے ہی وہ بیمار ہوئی تھیں۔ البتہ اب جادو کے اثرات کا معاملہ بہت کم اور نظرِ بد کا کافی زیادہ ہے۔ جہاں تک ساس کی بات ہے تو آپ کی باتیں درست ہیں۔ وہ اچھی خاتون نہیں۔ میں آپ کو ایک لائحہ عمل بنا دیتا ہوں۔ یہی اصل کام ہوتا ہے۔ اپنے قریبی معالج سے کہیں کہ اس لائحہ عمل کے مطابق عمل کریں۔ اگر کسی کام میں کوئی مشکل ہو تو مجھ سے مشورہ کر لیں۔

۱).....جادو کا معاملہ:

۱) جادو کا مستقل علاج

۲) جادو سے حفاظت

۳) واپسی سحر

۲).....دشمن کا معاملہ: (یہاں دشمن سے مراد ساس ہے)

۱) دشمن سے حفاظت

۲) دشمن سے نجات

۳) دشمن کی زبان بندی

۳).....صحت کا معاملہ

۱) بیماری سے نجات

۲) بیماریوں سے حفاظت

۴).....شوہر کا معاملہ:

۱) شوہر کی زبان بندی

۲) شوہر سے محبت

۳) شوہر کی عارضی تسخیر (صرف جائز حد تک)

۵).....مشکلات کا حل کا وظیفہ/عمل

یہ بارہ کام ہیں۔ سب ایک ساتھ ہی شروع کریں۔ یہ روحانی معالجین بہتر جانتے ہیں کہ کون سے ایک عمل سے کئی کام ایک ساتھ ہو جاتے ہیں، کون سے وظیفے سے کئی مقاصد ایک ساتھ ہی حاصل ہو جاتے ہیں۔

عمل حاجت روائی

سوال میرے کئی کام ہیں جو نہیں ہو پا رہے۔ بہت کوشش کرتا ہوں۔ اگر ایک جگہ کامیاب ہو جاتا ہوں تو دوسری جگہ ناکام ہو جاتا ہوں۔ مجھے کوئی ایسا وظیفہ بتا دیں جو میں کرتا رہوں اور میرے کام ہوتے رہیں۔ (پوشیدہ)

جواب بعد از نماز عشاء سو (۱۰۰) مرتبہ جملہ اسمائے الٰہیہ ہر حاجت کے لیے پڑھے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ ہر حاجت آسان ہو جائے گی۔ مجرب ہے۔

بروز جمعہ	۱۰۰ بار	یَا اَللّٰہُ یَا وَاحِدُ
بروز ہفتہ	۱۰۰ بار	یَا رَحْمٰنُ یَا رَحِیْمُ
بروز اتوار	۱۰۰ بار	یَا وَاحِدُ یَا اَحَدُ
بروز پیر	۱۰۰ بار	یَا حَمِیْدُ یَا فَرْدُ
بروز منگل	۱۰۰ بار	یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ
بروز بدھ	۱۰۰ بار	یَا حَمِیْدُ یَا فَرْدُ
بروز جمعرات	۱۰۰ بار	یَا ذُوالْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ

جنات کے شکار ایک خاندان کی کہانی

امتیاز احسن (حیدر آباد)

میں نے آج سے تقریباً 8 سال قبل اپنے بھائی حمزہ خان ولد زمان خان کی شادی اپنے دور کے رشتہ داروں رومانہ ولد ہارون سے کی تھی۔ پہلے چند ماہ تو خیر و عافیت سے گزر گئے لیکن اس کے بعد اس پر اچانک جن آنے لگے اور حالت یہ ہوگئی کہ ہماری بھابھی روتی، چیختی، کپڑے پھاڑتی، الٹیاں کرتی اور ہمارے گھر کا کھانا اور پانی تک نہ پی سکتی۔ ایسے میں وہ ہفتے کے چند دن میکے اور چند دن سسرال میں گزارتی۔

ہم نے اس کے روحانی علاج کے لیے عاملوں سے رجوع کیا۔ مقامی عامل جب جنوں کو حاضر کرنے کے لیے کوئی وظیفہ پڑھتے تو اس کا توڑ کرنے کے لیے بھابھی بھی ساتھ ساتھ قرآن پاک کی کوئی سورۃ پڑھتی۔ اگر عامل کسی جن کو حاضر کرنے میں کامیاب ہو جاتا تو وہ جن انہیں چیلنج دیتا کہ اگر تم مجھے گرفتار کر سکتے ہو تو گرفتار کر کے دکھاؤ اور غصے ہو کر بھابھی سے مجامعت کرتے۔ کبھی جن بولتے تو اپنے نام اشرف، اکرام، شعیب اور جعفر وغیرہ بتاتے۔ یہ سب باری باری اس پر حاضر ہوتے اور وہ یہ بھی کہتے کہ ہمیں عمر کوٹ کے عبدالرحمٰن (عامل) نے تعویذ کے ذریعے باندھ رکھا ہے۔ اس لیے ہم ایسا کرنے پر مجبور ہیں۔ سال ڈیڑھ بعد ہمارے گھر سے پیسے غائب ہونے شروع ہو گئے۔ ایک بار یکمشت 45 ہزار روپے رمضان کے مہینے میں غائب ہو گئے۔ ہم نے اس کے لیے گھر میں انا اللہ وانا الیہ راجعون کا ختم کیا تو مہینے بعد میرے بیٹے ابرار کے ہاتھ، دل اور سر میں درد ہونا شروع ہو گیا۔ ایک ماہ تک ابرار یونہی بیمار رہا۔ اس کے بعد اسے کراچی ایک عامل احسان علی کے پاس لے گیا۔ اس نے جب عمل شروع کیا تو تضحیک زیادہ ہونے لگی۔ پھر ایک رات اس پر ایک جن حارث ظاہر ہوا۔ اس نے یہ بتایا کہ میں حافظ ہوں۔ مجھے شعیب اور جعفر نے پابند کر رکھا ہے کہ میں آپ لوگوں کے گھر سے رقم چرا کر انہیں دوں۔ اس نے روتے ہوئے کہا کہ اب تم لوگوں کے پاس رقم ختم ہو گئی ہے۔ چنانچہ اب مجھے حکم دیا گیا ہے کہ میں سونا چراؤں۔ میں مر جاؤں گا لیکن سونا نہیں چراؤں گا۔ اگر آپ لوگوں نے میرا ساتھ دیا تو میں ٹھٹھہ سے اپنے استاد حبیب اللہ کو لے آؤں گا کیوں کہ انسانوں میں شعیب اور جعفر کا کوئی مقابلہ نہیں کر سکتا۔ آپ لوگ مجھے 65 ہزار روپے دے دو تا کہ یہ رقم میں ان لوگوں کو دے کر ٹھٹھہ چلا جاؤں۔ ہم نے اسے مطلوبہ رقم مہیا کی تو وہ ٹھٹھہ چلا گیا۔

اس کے جانے کے بعد ابرار پر کبھی جنات میں سے شعیب، کبھی جعفر حاضر ہو جاتے اور کہتے کہ ہمیں رومانہ کا شوہر (میرا بھائی) حوالے کرو۔ ہم اسے قتل کر دیں گے اور آپ کو کچھ نہیں کہیں گے۔ اسی دوران حارث جن جو ٹھٹھہ گیا تھا، اس کے سات بھائی اپنے جن استادوں کی مدد سے ہمیں بچاتے رہے۔ تین دن کے بعد جب حارث ٹھٹھہ سے آیا تو اپنے ساتھ استاد حبیب اللہ کو بھی لیتا آیا۔ استاد حبیب اللہ ساری ساری رات ابرار پر شعیب، جعفر اور ان کے دیگر دوست جنات کو حاضر کر کے انہیں قابو کرتا۔ چنانچہ ایک روز میں اس نے ایک سو سے زائد جنات قابو کیے۔ اس میں مختلف عمروں، مذاہب اور فرقوں کے جن شامل تھے۔ اس دوران تک وہ ہم سے تقریباً 4 لاکھ روپے لے جا چکے تھے۔ استاد حبیب اللہ نے یہ بھی کہا کہ میں یہ پتا کرواتا ہوں کہ وہ یہ رقم کہاں لے گئے ہیں تا کہ ان سے واپس نکالی جا سکے۔ کچھ روز بعد پتا چلا کہ ایک ہندو جن نے وہ رقم اندرونِ سندھ میں موجود ایک جنات کے مندر میں رکھ لی ہے۔ اس مندر کا یہ اصول ہے کہ اس میں ایک چیز ایک بار چلی جائے تو واپس نہیں ہوتی۔ استاد حبیب اللہ نے بتایا کہ مندر میں ہندو جنات بہت زیادہ ہیں۔ لہٰذا ہم اپنے جنات کے سردار حضرت عبدالجبار کو لائیں گے تا کہ اس لڑائی میں وہ ہماری مدد کر سکیں۔ حضرت عبدالجبار آئے اور انہوں نے دو ہفتہ مندر کو چھڑانے میں لگا دیے لیکن رقم وہاں سے برآمد نہ ہو سکی۔ ایک ماہ انہوں نے ہمارے گھر میں بھی گزارا تا کہ وہ قابو کیے ہوئے جنات کے دماغوں کو پڑھ سکیں اور وہیں رقم کا پتا لگا سکتے لیکن انہیں اس کوشش میں کامیابی نہ ہوئی۔

روحانی درسگاہ میں سکھائے جانے والے کورسز goo.gl/a9oJee

اس دوران ابرار نے تنگ آ کر خودکشی کی کوشش بھی کی۔ حضرت عبدالجبار کے وظائف سے البتہ وہ اتنا ضرور سنبھل گیا کہ اس نے خودکشی کی کوشش ترک کردی۔ انہوں نے یہ بھی کہا کہ ابرار جو کچھ مانگے، اسے لے کر دو۔ یہ تقریباً دو سال میں تندرست ہو جائے گا۔ ہم نے اس کی خواہش پر اسے مختلف اشیاء خرید کر دیں۔ اس کے بعد 2 سال تک حارث نے ہمیں کہا کہ میں اور میرے بھائی آپ کے بھائیوں جیسے ہیں۔ ہم ہر مشکل میں آپ کے ساتھ ہوں گے۔ اسی دوران کبھی کبھار وہ مختلف حیلوں بہانوں سے تقریباً 4 لاکھ روپے بطور قرض کے مزید لے گئے۔ اور یہ یقین دلایا کہ وہ یہ رقم (یعنی کُل 8 لاکھ روپے) واپس کر دے گا۔ ایک بار اس نے 45 ہزار اور دوسری بار 26 ہزار واپس کیے۔ ایک سال پہلے ابرار کو ہم نے کالج میں داخلہ دلوا دیا۔ اب ایک ماہ سے اس کی حالت پھر خراب ہے۔ ایک ہفتہ پہلے اس کے تقریباً 5 ہزار روپے غائب ہو گئے ہیں۔ کبھی اس کے پاؤں، کبھی ہاتھ میں درد اور کبھی ساری ساری رات اس کے ہاتھ اور پاؤں ..... دونوں میں درد رہتا ہے۔ کل رات ایک جن نے حاضر ہو کر کہا کہ میں شعیب کا بھائی ہوں اور تمہارے تمام دوست جنات حارث وغیرہ کو میں نے گرفتار کر رکھا ہے اور اب میں تم لوگوں کو ذلیل کر کے ماروں گا۔ اور تم لوگوں میں سے قصاص کے طور پر تین بندوں کو ہلاک کروں گا۔

اگلے رات وہ جن آیا، بہت غصے میں تھا۔ اس نے ابرار کا گلہ دبایا، اسی دوران ابرار کی بوڑھی دادی کو ہارٹ اٹیک ہوا۔ جن نے ابرار کی دادی کو دم کرایا اور کہا کہ میں نے تمہیں معاف کیا ہے۔ البتہ تم لوگوں نے میری ماں اور دو بھائی کو قتل کیا ہے۔ میں اپنے والد سے پوچھ کر کل آؤں گا۔ اگلی رات ان کا والد آیا انہوں نے ہمارے سامنے تین شرائط رکھیں۔

۱۔ قصاص۔ (تین بندوں کے بدلے میں تین بندے)۔

۲۔ گھر چھوڑ دو۔

(۳) ایک لاکھ روپے فی قتل دیت

بالآخر اس نے ایک لاکھ معاف کر کے دو لاکھ ہم سے لے لیے اور وعدہ کیا کہ وہ پھر نہیں آئے گا۔

اس کے بعد سے کافی ماہ ہو گئے ہیں، کسی جن کی حاضری نہیں ہوئی اور نہ ہی ہماری کوئی رقم چوری ہوئی ہے۔ البتہ ابرار بیمار رہتا ہے۔ لیکن کوئی بڑی بیماری نہیں ہے۔

ہم نے اس کے بعد کسی عامل سے رابطہ نہیں کیا کیونکہ ہمیں ڈر تھا کہ کہیں وہ جنات ناراض نہ ہو جائیں۔ انہوں نے جس قتل کی دیت ہم سے لی تھی، وہ ہم نے تو نہیں کیا تھا۔ ہمیں تو پتہ بھی نہیں کہ کس عامل انسان یا عامل جن کی وجہ سے وہ قتل ہوئے اور ہوئے بھی یا نہیں۔ مگر خمیازہ تو ہمیں ہی بھگتنا پڑا تھا۔ یہ ہماری زندگی کا وہ واقعہ ہے کہ ہم کبھی بھول نہیں سکتے۔

بقیہ (ص 24): آغوش تھراپی سسٹم

طرح میرے زخموں، میری تکلیفوں کے لیے مجھے بھی جلدی سے جلدی آغوش تھراپی سسٹم کا سہارا لینا چاہئے، اللہ پاک ہم سب کی والدہ محترمہ کا آغوش تھراپی سسٹم ہمیشہ تادیر قائم دائم رکھے اور ان کے صدقے اللہ پاک مجھے اور میرے تمام بہن بھائیوں کو بھی اس سسٹم سے محروم نہ فرمائے، قارئین اماں جان ضعیف العمر ہیں، میری سیریس حالت کی وجہ سے مجھے ان سے دور رکھا جا رہا تھا کہ کہیں یہ صدمہ اور میری یہ حالت دیکھ کر خدانخواستہ ان کو کچھ ہو نہ جائے۔ لیکن قارئین یقین جانیے کہ جس دن مجھے اس تھراپی سسٹم کی سہولت دی گئی تو میری تمام تکالیف، میرے تمام درد، میری تمام پریشانیاں یک لخت ختم ہو گئیں، ماں کی گود، ماں کی آغوش، ماں کا سہارا، ماں کی دعائیں وہ عظیم اور بہترین تھراپی سسٹم ہیں کہ اس سے بڑھ کر کوئی تھراپی سسٹم نہیں ہے، میں نے اس کا نام آغوش تھراپی سسٹم رکھا ہے۔ میں حیران تھا کہ اماں جان اپنی تمام بیماریوں، تمام کمزوریوں، تمام نقاہتوں، تمام تکالیف کو ایسے بھول گئیں کہ جیسے وہ بالکل صحت مند اور بالکل ہی تندرست ہوں اور انہیں کبھی کوئی تکلیف جیسے کہ کبھی ہوئی ہی نہیں، لیکن قارئین مجھے اس آغوش تھراپی سسٹم سے بہت جلدی شفایابی مل گئی۔ آپ بھی اس سسٹم سے کبھی غافل نہ ہوں۔ جب بھی کوئی بیماری، تکالیف، پریشانی، مصیبت آ جائے تو اس تھراپی سسٹم سے فوری فائدہ اٹھائیں۔ اور ہو جائیں بالکل فریش۔

مفتیان اور علماء کیلئے بغیر فیس اعمال کی تفصیل goo.gl/ss9ezx

امتحان میں کامیابی کے روحانی اعمال

مرتب: اراکین روحانی علاج گاہ

امتحان میں کامیابی

بعد نماز فجر سو (۱۰۰) مرتبہ پابندی سے آیت کریمہ پڑھا کریں۔

لَّآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَكَ ۖ اِنِّيْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِيْنَ ۝

(الانبیاء ۸۷)

امتحان میں اچھے نمبروں سے کامیابی حاصل ہو

امتحان میں کامیابی کے لیے روزانہ بعد نماز عشاء ایک سو (۱۰۰) بار یَاحَسِیْبُ پڑھے اور سینے پر دم کرلے۔ امتحان کے دوران کثرت سے یَاحَسِیْبُ پڑھتا رہے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ اس عمل کی برکت سے امتحان میں اچھے نمبروں سے کامیابی حاصل ہوگی۔

ہر امتحان میں کامیابی کے لئے مجرب درود شریف

رَبِّ صَلِّ عَلٰى نَبِيِّ مُحَمَّدٍ وَّ آلِهٖ أَجَلَّهَا ٥ وَاقْضِ لِيْ بِجَاهِهٖ حَوَائِجِيْ كُلَّهَا ٥ وَصَلِّ عَلَيْهِ كَمَا أَنْتَ أَهْلُهَا ٥ وَسَلِّمْ وَشَرِّفْ وَ كَرِّمْ دَائِمًا ٥

ترجمہ: ”یا اللہ! رحمت نازل فرما میرے نبی حضرت محمد ﷺ پر اور آپ ﷺ کی آل پر، سب سے جلیل القدر رحمت اور پوری فرما آپ ﷺ کے طفیل میری تمام حاجتیں اور رحمت نازل فرما آنحضرت ﷺ پر جیسا کہ آپ ﷺ کے شایانِ شان ہو اور سلام بھیج اور شرف و کرامت عطا فرما ہمیشہ۔“

فائدہ: کسی بھی قسم کے امتحان میں کامیابی کے لئے اس درود شریف کو عجیب تاثیر حاصل ہے۔ اگر طالب علم ہر نماز کے بعد گیارہ (۱۱) بار پڑھ کر امتحان میں کامیابی کی دعا کرتا رہے تو اللہ تعالیٰ نمایاں کامیابی عطا کر دیتے ہیں۔ خصوصاً زبانی امتحان سے قبل گیارہ (۱۱) بار سینہ پر دم کرنے سے جوابات آسان ہو جاتے ہیں اور کسی قسم کی گھبراہٹ نہیں ہوتی۔ (ذریعۃ الوصول ۱۵۲)

امتحان میں کامیابی

شیخ العاملین حضرت مولانا محمد امان اللہ نقشبندی نور اللہ مرقدہٗ تحریر فرماتے ہیں کہ پرچہ دینے سے پہلے سورۃ نون والقلم ایک بار پڑھ کر سینے پر پھونک مار لیں۔

امتحانات میں کامیابی کے لئے

حضرت مفتی محمد اشرف صاحب مدظلہٗ تحریر فرماتے ہیں کہ یہ دعا امتحانات میں کامیابی کے لئے پڑھنا انتہائی کامیاب ہے۔ یہ میرے بزرگوں و استاذوں کی راہنمائی فرمائی ہوئی قرآنی دعا ہے۔ حضرت نوح علیہ السلام کی اضطراب (بے چینی) کے حالات میں مانگی ہوئی ہے ”رَبِّ اِنِّيْ مَغْلُوْبٌ فَانْتَصِرْ“۔ یہ دعا ہر نماز کے بعد اکیس (۲۱) مرتبہ پڑھیں۔ ان شاء اللہ آپ کی محنت کا ثمرہ و بدلہ ضرور آپ کے سامنے آجائے گا۔

امتحان میں کامیابی کے لیے وظیفہ

امتحان میں بیٹھنے سے پہلے اول و آخر تین تین بار درود شریف کے ساتھ بارہ ہزار (۱۲۰۰۰) مرتبہ ”یَاعَزِیْزُ“ پڑھ لیا کریں، ان شاء اللہ فائدہ ہوگا۔

امتحان میں حسب خواہش کامیابی کا مجرب ترین وظیفہ

تین بار درود شریف، گیارہ مرتبہ یہ آیت سبحانك لا علم لنا الا ما علمتنا انك انت العليم الحكيم، گیارہ مرتبہ یَافَتَّاحُ، سات مرتبہ یہ آیت والله المستعان على ما تصفون، آخر میں تین مرتبہ درود شریف پڑھیں اور پھر امتحان گاہ کی طرف بڑھ جائیں۔

کچھ عاملین اس وظیفہ کو عین پرچہ سے پہلے پڑھنے کی تلقین کرتے ہیں جو کہ میرے حساب سے قرین مصلحت نہیں کیونکہ اس وظیفہ کو پڑھنے میں دس سے پندرہ منٹ لگ جاتے ہیں، اس لئے یہ مناسب نہیں کہ طالب علم پرچہ پر توجہ دینے کی بجائے وظیفہ کرتا رہے۔ (پیر ابو نعمان رضوی)

خزینۂ روحانیات کیلئے بغیر فیس اعمال کی تفصیل goo.gl/c2ZWqd

حصار قرآنی کبیر کے عامل بنیں اور بنائیں

تعارف یہ عمل ایک عظیم حصار ہے جو قرآنی آیات پر مشتمل ہے۔اس کے پڑھنے والے کی فرشتے حفاظت کرتے ہیں۔ یہ حصار ہر قسم کے جنات، شیاطین، جادوگر، حاسدین، دشمن، بڑی بیماریاں، ارضی وسماوی آفات جیسے زلزلے، ایکسیڈنٹ، بم دھماکے، قتل وغارت، چوری، اغواء وغیرہ وغیرہ.....الغرض اپنی واہل وعیال کی ہر قسم کی جانی ومالی حفاظت کے لئے ایک بہترین ومضبوط عمل ہے۔ عاملین کے لئے نہایت ضروری عمل ہے۔خاص کر جادو اور جنات کے متاثر مریضوں کا علاج کرنے والے اور کالے وسفلی عاملوں سے لڑنے والے عاملین کو لازمی یہ عمل کرنا چاہئے۔اور اپنے گھر والوں کو بھی کروانا چاہئے۔

اس عمل میں چھ(۶) درجوں کی چلہ کشی کروائے جاتی ہے۔پہلی اجازت کے ساتھ تین درجوں کی چلہ کشی کروائی جاتی ہے۔تین درجے مکمل کر کے عامل حصار کے عمل کو ماہرانہ طور پر حصار کر سکتا ہے۔دوسری اجازت میں چوتھے اور پانچویں درجوں کی چلہ کشی کروائی جاتی ہے۔تیسری اجازت میں چھٹے درجہ کی چلہ کشی کروائی جاتی ہے۔اجازت لینے کے بعد غائبانہ طور پر بڑے جنات کی معاونت بوقتِ عمل، عامل کو حاصل ہوگی۔

حصار قرآنی کبیر عمل کے فائدے جہاں آسمانی وزمینی آفتوں کا معاملہ ہے، وہیں نہ نظر آنے والی مخلوق ''جنات وشیاطین'' سے حفاظت بہت ضروری ہے۔قرآنی آیات پر مشتمل حصار کا عمل کرنے سے خاص روحانی دفاع حاصل ہوتا ہے۔ عامل اپنی، اپنے اہل وعیال کی حفاظت کے ساتھ ساتھ اپنے مریضوں کا روحانی دفاع کرنے کے بھی قابل ہوجاتا ہے۔اس عمل کا عامل دور بیٹھے کسی بھی جگہ/مریض کا حصار کر سکتا ہے، وہ جگہ/مریض چاہے جتنی دور ہو۔جتنی اس کی روحانی قوت ہوگی، اتنا دور کا اور مضبوط حصار کر سکتا ہے۔حصار قرآنی کبیر کے فوائد درج ذیل ہیں:

** اپنا اور مریض کا حصار کرنا ** جنات کی حاضری کے وقت کڑا لگانا ** بڑا اہم چلہ کرتے وقت حصار ** اپنی اور مریض کی جگہ کا حصار کرنا ** جگہ کے حصار کے لیے کیل پڑھ کر دینا ** کاروباری جگہوں کا حصار کرنا ** سامان کی حفاظت ** نئے بننے والے گھر کی حفاظت ** گاڑی کی حادثات سے حفاظت ** بچوں کی ہر قسم کی آفات وحادثات سے حفاظت ** نقدی وقیمتی سامان کی حفاظت.....الغرض ہر قسم کی حفاظت کے لیے اس عمل کو استعمال کیا جاسکتا ہے۔

اجازت کے لیے اہلیت اس عمل کی اجازت ہر کوئی لے سکتا ہے۔

اجازت لینے کا طریقہ اس عمل کی اجازت نقد ھدیہ کے ساتھ مشروط ہے۔عوام کے لئے **ھدیہ 2100** روپے اور روحانی درس گاہ اور خزینۂ روحانیات کے ممبران کے لئے **ھدیہ 1600** روپے ہے۔اس میں پہلے تین درجوں کی زکوٰۃ نکلوائی جاتی ہے۔ چوتھے اور پانچویں درجوں کے عمل کرنے کا **ھدیہ 3100** روپے ہے۔ چھٹے درجے کے عمل کرنے کا **ھدیہ 5100** روپے ہے۔

خاص اجازت (کم وقت میں کورس مکمل کرنا) جن لوگوں کے پاس وقت کم ہے، ان لوگوں کو خاص اجازت دی جاتی ہے اور مختصر وقت میں چلہ کشی کروا کر ابتدائی اور ماہر درجوں کی تکمیل کروائی جاتی ہے۔خاص اجازت کا ہدیہ عام اجازت سے دگنا ہوتا ہے۔

آگے سکھانے کی خاص اجازت جو عامل یہ چاہتے ہیں کہ اس عمل کو آگے سکھائیں، وہ پہلے خود اس عمل کے عامل بنیں۔ پھر **''آگے سکھانے کی خاص اجازت''** حاصل کر کے سکھائیں۔بغیر اجازت، کسی کو عمل سکھانے کی صورت میں ان کا اپنا عمل بھی ضائع ہوگا اور نقصان کے ذمہ دار بھی خود ہوں گے۔

0333-7772775 0309-7772775 042-35410586
ruhanidarsgah ruhanidarsgah97
روحانی درسگاہ دارالعمل الاہور پاکستان
darulamal.org/ruhanidarsgah, ruhanidarsgah@gmail.com

خواتین کیلئے بغیر فیس اعمال کی تفصیل goo.gl/esllKa

بندش کے سرتاج عمل کے عامل بنیں

شاگردوں کیلئے 4100 روپے

یہ بندش کا سرتاج عمل ہے۔ بندش سے مراد کسی چیز کو باندھنے کے ہیں۔ یہ عمل خیر اور شر، دونوں میں چلتا ہے۔ اس عمل سے کئی کام لیے جاسکتے ہیں اور مختصر تفصیل درج ذیل ہے۔ یاد رہے کہ بندش کا عمل صرف اور صرف اس جگہ کیا جائے، جہاں شریعت اجازت دے۔ کسی معتبر مفتی صاحب سے پوچھ کر عمل کیا جائے۔ جو لوگ ناجائز کریں گے، ان شاء اللہ، ان کا عمل بھی بے اثر ہوگا اور شدید رجعت بھی ہوگی۔ ادارہ ایسے تمام افراد سے بری الذمہ ہے۔

چاند گرھن آغاز 5 جون رات 22:45۔ اختتام 6 جون رات 02:04۔

سورج گرھن آغاز 21 جون صبح 08:45۔ اختتام 21 جون دوپہر 14:34۔

شادی، منگنی، رشتہ، محبت، طلاق وغیرہ

- محبت میں کسی کی عقل وخرد باندھنا تاکہ شدید محبت کرے۔
- محبت اور نیند باندھنا تاکہ مطلوبہ فرد رجوع کرے۔
- محبت کو ختم کرنا تاکہ مطلوبہ فرد سے جدائی ہو۔
- مخصوص جگہ منگنی باندھنا تاکہ وہیں ہو۔
- کسی خاص جگہ کے لئے نکاح باندھنا کہ وہیں ہو یا وہاں نہ ہو۔
- نکاح باندھنا تاکہ کسی جگہ نکاح نہ ہو۔
- طلاق باندھنا تاکہ شوہر طلاق نہ دے سکے یا بیوی خلع نہ لے۔
- بارات کی رخصتی باندھنا تاکہ رخصتی نہ ہو۔

بدکاری، ناجائز تعلقات، زنا، بدفعلی وغیرہ

- عورت کو زناء سے باندھنا تاکہ کسی بھی مرد یا خاص مرد سے زنا نہ کرسکے۔
- مرد کو زناء سے باندھنا تاکہ کسی بھی عورت یا خاص عورت سے زنا نہ کرسکے۔
- مرد کو بدفعلی سے باندھنا تاکہ کسی بھی مرد یا خاص مرد سے بدفعلی نہ کرسکے۔

مرض، حمل، صحت وغیرہ

- حمل باندھنا تاکہ عورت کو حمل نہ ہو۔
- صحت باندھنا تاکہ صحت نہ ہو۔
- مرد کا نطفہ باندھنا تاکہ مرد کے نطفے سے حمل نہ ٹھہرے۔

معاش، نوکری، ترقی، عہدہ وغیرہ

- کسی کی معاش باندھنا۔
- عہدہ باندھنا تاکہ عہدہ قائم رہے۔
- ترقی باندھنا تاکہ ترقی نہ ہو۔
- دوکان باندھنا تاکہ دکان نہ چلے۔
- سفر باندھنا تاکہ اندرون وبیرون ملک سفر نہ کرسکے۔

بری عادات

- چوری کرنے کی عادت باندھنا تاکہ چوری نہ کرسکے۔
- شراب نوشی کی عادت باندھنا تاکہ شراب نہ پی سکے۔
- مارنے کی عادت باندھنا تاکہ کسی کو بھی نہ مار سکے۔
- قدم باندھنا تاکہ گھر سے باہر آوارہ نہ پھرے۔
- بے جا غصہ باندھنا تاکہ ناجائز غصہ نہ کرے۔
- مارنے وگالیاں دینے کی عادت باندھنا تاکہ کسی کو نہ مارے اور نہ گالی دے سکے۔

زبان بندی، دشمن وغیرہ

- زبان بندی تاکہ مخالف شخص کی سائل کے حق میں زبان بند ہوجائے۔
- مخلوق کی زبان بندی تاکہ کوئی بھی سائل کے خلاف نہ بولے۔
- دشمنی اور حسد باندھنا تاکہ دشمن دشمنی اور حسد چھوڑ دے۔
- نیند باندھنا، دشمن حد سے گذر جائے تو اس کی نیند سزا کے طور پر باندھنا۔

متفرق

- کسی خاص گھر جانے سے روکنا۔
- کسی کا عمل باندھنا تاکہ اس عامل کا عمل نہ چلے۔
- عقل وخرد باندھنا تاکہ سائل کے حق میں تسخیر ہوجائے۔
- نظر باندھنا تاکہ دیکھنے کی عادت ختم ہو۔ کچھ لوگوں میں یہ عادت ہوتی ہے کہ بلاوجہ کسی بھی چیز یا شخص کو گھور گھور کر دیکھتے ہیں۔

نوٹ اس طرح کے اور بہت سے کام ہیں جو کئے جاسکتے ہیں۔ ہمارا مقصد اس علم کو سکھانے سے ہرگز یہ نہیں کہ معاشرے میں فساد پھیلے۔ اس لئے ہر کسی کو نہیں سکھایا جاتا۔ ضرورت پڑنے پر حلف نامہ بھی لیا جاسکتا ہے۔

نوٹ حروف صوامت کے وہ عاملین، جنہوں نے یہ عمل کسی اور کی زیر نگرانی کیا ہو، وہ خصوصی اعمال کی کاپی 1500 روپے میں حاصل کریں۔

0333-7772775 0309-7772775 042-35410586
ruhanidarsgah ruhanidarsgah97
روحانی درسگاہ دارالعمل الحشتیہ لاہور پاکستان
darulamal.org/ruhanidarsgah, ruhanidarsgah@gmail.com

عوام کیلئے بغیر فیس اعمال کی تفصیل goo.gl/sDzuVf

کوئی دعویٰ نہیں

عطر تسخیر

قیمت: 330 روپے 3ml

کوئی وعدہ نہیں

شائقین تسخیرات کیلئے یہ خبر یقیناً باعث مسرت ہوگی کہ ان کی آرزوئے دیرینہ کو پایۂ تکمیل تک پہنچانے میں ہماری کوششیں بارآور ہوئیں اور روحانی دکان دارالعمل چشتیہ کی جانب سے "**عطر تسخیر**" تیار کرنے کا مرحلہ مکمل ہوا۔ ایسے افراد جو کسی بھی وجہ سے محفل کی جان بنتے ہوں اور بار بار تنزلی کا شکار ہو جاتے ہوں، وہ اس خاص دم شدہ عطر سے تالیف قلوب، سنگدل محبوب کی تسخیر، تسخیر قلوب، قائم النکاح، دائمی دوستی ومحبت پیدا کرنا، حکمران کے دل میں اپنا رعب ڈالنا، گاہکوں میں اضافہ کرنا، لوگوں کی توجہ اپنی جانب مبذول کرنا، من پسند رشتے کا حصول، زوجین میں الفت، محبت وکشش پیدا کرنا، رجوع خلقت وغیرہ باآسانی کر سکتے ہیں۔ ایسے تمام افراد جن کا تعلق پبلک سے ہے مثلاً ڈاکٹرز، وکلاء، دوکاندار یا سیاستدان اگر اس روحانی عطر کو استعمال کریں تو تسخیر خلق ہوگی اور دوست، احباب، عزیز واقارب سے اچھے تعلقات اور رشتوں میں استحکام پیدا کرنے کیلئے یہ "**عطر تسخیر**" سریع التاثیر ہے۔

عاملین حضرات
بول سیل ریٹ پر
عطر تسخیر منگوائیں

رعائتی پالیسی پرچون اور تھوک..... دونوں طرح دستیاب ہے۔ تھوک کے لیے کم از کم ایک درجن لینا لازمی ہے۔

مسز پروین ذوالفقار (فرضی نام) اپنے دوسرے بچے کے حمل اور پیدائش کے لئے میرے پاس ریگولر چیک اپ کرواتی رہی۔ فیملی ڈاکٹر ہونے کی وجہ سے میں ان کے گھر کے حالات سے واقف تھی۔ اکثر وہ اپنی ساس کے ساتھ آیا کرتی تھیں۔ ساس سے پروین کا بہت اچھا تعلق تھا۔ پروین کے سسر وفات پا چکے تھے۔ شوہر ذوالفقار لوکل روٹ پر ویگن چلاتا تھا۔ منجھلا دیور قانون کی تعلیم حاصل کر رہا تھا اور منگنی شدہ تھا۔ اس سے چھوٹا دیور مڈل کے بعد پڑھائی کو خیر باد کہہ کر چھوٹا سا زمیندارہ سنبھال رہا تھا۔ نند کوئی تھی نہیں۔ پروین اپنی بڑی بچی جس کی عمر دو سال تھی اور دوسرے حمل کے ساتھ شفیق ساس اور محبت کرنے والے شوہر کے ساتھ ایک بہت پرسکون زندگی گزار رہی تھی۔ سسرال میں خدمت اور حسن سلوک سے سب کے دلوں پر حکومت کر رہی تھی۔ زچگی کا وقت ہوا اور وہ میرے پاس آئی۔ اللہ تعالیٰ نے اسے ایک صحت مند بیٹے سے نوازا۔ وقتِ رخصت میں نے اسے سات روز بعد دوبارہ معائنے کے لیے آنے کی ہدایت کی لیکن وہ دوبارہ نہیں آئی۔

بہت سے خاندان بچہ پیدا ہو جانے کو ایک عام چیز سمجھتے ہیں اور اس کے بعد کے معائنے کو غیر ضروری مانتے ہیں۔ اور اگلے حمل تک کے لیے غائب ہو جاتے ہیں۔ سو پروین کا نہ آنا بھی ایک ایسا ہی واقعہ سمجھا گیا۔ کچھ عرصے بعد اس کے کسی پڑوسی نے مجھے اس کے شوہر کے قتل ہونے کی اطلاع دی۔ سواری بٹھانے اور کرایہ طے کرنے کے تنازعے پر فوری اشتعال میں گولی چل جانے کے باعث ذوالفقار کے سر میں گولی لگی اور وہ جائے وقوعہ پر ہی جان کی بازی ہار گیا۔ دکھ بھی ہوا اور پروین کی بیوگی اور اس کے چھوٹے چھوٹے بچوں کی یتیمی کا خیال بھی ذہن میں آیا۔ اس سب کے ساتھ ساتھ یہ خیال بھی دامنگیر ہوا کہ اب در در کی ٹھوکریں پروین اور اس کے یتیم بچوں کا مقدر بن جائیں گی۔ کچھ عرصہ تک پروین میرے ذہن پر سوار رہی لیکن وقت کی گرد نے اس یاد کو دھندلا دیا۔ تقریباً دو سال بعد ایک دن اچانک پروین اپنی ساس کے ساتھ میرے پاس آئی۔ وہ امید سے تھی اور پرسکون لگ رہی تھی۔ مجھے خیال گزرا کہ ذوالفقار کے قتل کی خبر شاید کسی غلط فہمی کا نتیجہ ہو۔ اب یہ سوال پوچھتے الجھن ہو رہی تھی۔ آخر کسی حاملہ عورت سے اس کے شوہر کے دو سال پہلے قتل ہو جانے کے بارے میں کیسے پوچھا جا سکتا ہے؟ دوا کی پرچی لکھنے لگی تو مسز پروین ذوالفقار کی بجائے اس کا نام مسز پروین افتخار لکھوایا گیا۔ اب مجھے اپنی یادداشت پر شک ہونے لگا اور میں نے پوچھا کہ مجھے تو ذوالفقار نام یاد ہے۔ ایک دم پروین اور اس کی ساس خاموش ہو گئے اور ان کی آنکھیں آنسوؤں سے بھر گئیں۔ ساس روتی ہوئی اٹھ کر آفس سے باہر چلی گئی۔ تب پروین نے بتایا کہ میرا شوہر ذوالفقار قتل ہو گیا تھا۔ تب میرا بچہ سات دن کا تھا۔ میرے میکے والے مجھے ساتھ لے جانا چاہتے تھے لیکن میرے بچوں کو جتنی عزت اور محبت اپنے ددھیال میں مل سکتی تھی، وہ ننھیال میں نہ ملتی۔ میں تو تنہا ہو چکی تھی۔ اب بچوں کے لیے زندگی بسر کرنا تھی۔ سو میں نے سسرال میں ہی رہنے کا فیصلہ کیا۔ عدت گزرنے کے بعد میری ساس نے مجھے اور میرے دیوروں کو بلایا اور ان کے سامنے مجھے کہا کہ تم میری بڑی بہو ہو اور ہمیشہ بڑی بیٹی ہی کی طرح تمہیں سمجھا ہے۔ میرے یہ دونوں بیٹے حاضر ہیں۔ تم جس کا نام لو گی، میں اس سے تمہارا نکاح کروا دیتی ہوں۔ میں نے اپنی ساس سے کہا کہ میرا بچہ چھوٹا ہے۔ میں اسے دودھ پلاتی ہوں۔ ابھی میرا غم بھی تازہ ہے۔ مجھ سے ابھی ایسی کوئی بات نہ

کریں۔ وہ سب چپ ہو گئے۔ ذوالفقار کی پہلی برسی کے بعد یہی سوال دوبارہ پروین کے سامنے رکھا گیا۔ منجھلے دیور کی دورانِ تعلیم ہی اس کی پسند سے منگنی کی جا چکی تھی۔ اس پسندیدگی سے پروین واقف تھی۔ اس نے کہا کہ ''ڈاکٹر صاحبہ! میں نے تو بچوں کے لیے قربانی دینی تھی۔ بڑا دیور کیا اور چھوٹا کیا۔ میں نے کسی کا دل توڑنا مناسب نہ سمجھا اور چھوٹے دیور کے لیے ہاں کر دی۔ میرا بیٹا اسے ویسے بھی پاپا کہہ کر پکارتا تھا۔ میں نے اسے بھی خدائی اشارہ جانا۔ میرے نکاح کے بعد اور منجھلے دیور کی شادی کے بعد میری ساس نے سب پر واضح کر دیا تھا کہ نسرین میری بڑی بہو ہے اور بڑی ہی رہے گی۔ کوئی یہ نہ سمجھے کہ اب چھوٹے سے بیاہی گئی ہے تو اس کا درجہ گھٹ گیا ہے۔ آج اللہ کے فضل سے میں اپنے گھر میں خوش ہوں۔''

ساس جو کمرے میں واپس آ چکی تھی، اس نے کہا کہ ''ڈاکٹر صاحبہ! میں جانتی ہوں کہ پروین کے دل میں آج بھی ذوالفقار بستا ہے۔ میں اس کے غم اور قربانی سے واقف ہوں اور اس سے راضی ہوں۔ ہاں میں اور پروین اکیلے بیٹھ کر کبھی کبھی ذوالفقار کو یاد کر کے رو لیتے ہیں۔ میں نے تیس سال بیوگی کاٹی ہے۔ میں جانتی ہوں کہ بیوگی کا دکھ کیا ہے۔ بھلا میں اپنے پوتوں کو یتیم کیسے رہنے دیتی؟ پروین جوان ہے۔ اس کی کہیں اور شادی ہو جاتی تو میرے پوتے رُل جاتے۔ میرے بیٹوں سے زیادہ کوئی ان بچوں کو اپنا نہیں بنا سکتا تھا۔ چچا ہی سہی۔ لیکن خون تو ایک ہے۔

دوسری عورت کی کہانی

مسز سکینہ اشفاق (فرضی نام) اپنے تیسرے بچے کی پیدائش کے لئے میرے پاس آتی تھی۔ اس کے بڑے بیٹے طلحہ کا علاج بھی میری زیرِ نگرانی ہوا تھا۔ جب ایک سال کے طلحہ کو نمونیا بگڑ جانے کی وجہ سے چائلڈ اسپیشلسٹ نے لاعلاج قرار دیا تھا، تب طلحہ کو اس کی دادی اور پریشان حال باپ میرے پاس لائے تھے۔ میں نے انتہائی بیمار صورتحال واضح کر کے اللہ کا نام لے کر بچے کا علاج کیا اور الحمدللہ، طلحہ کو رب کریم نے شفاء عطا کی۔ بس اس واقعے نے اس فیملی کو میرا معتقد کر دیا تھا اور میں ان کے گھرانے کے بیشتر افراد سے نا صرف واقف ہو گئی تھی بلکہ ان کے چھوٹے موٹے خانگی مسائل میں ثالث اور منصف بھی ٹھہرائی جانے لگی تھی۔ سکینہ کا شوہر اشفاق، سات بھائیوں اور تین بہنوں میں سب سے بڑا تھا۔ بچپن میں ہی یتیم ہو جانے والے اشفاق نے اپنی ماں کا سہارا بن کر دکھایا تھا اور محنت و مشقت کے طویل دور سے گزر کر ایک گھر اور چند دکانیں بنانے میں کامیاب ہو چکا تھا۔ اس تمام وقت میں وہ اپنے بہن بھائیوں کے شادی بیاہ سے بھی فارغ ہو چکا تھا۔ اس نے اپنے چھوٹے بہن بھائیوں کے بعد اپنی شادی کے لیے ہاں کی۔ بیوی بھی اچھی شکل وصورت کی اور کم عمر ملی۔ اشفاق خوش تھا۔ دیر سے شادی ہونے کے باعث اس کے بچے اپنے چچا زاد بہن بھائیوں سے کم عمر تھے۔ واضح رہے کہ یہ تمام بھائی اشفاق کے بنائے گے گھر میں ہی رہائش پذیر تھے اور اس ہی کی دکانوں پر کام کرتے تھے، جس کا انہیں معاوضہ ادا کیا جاتا تھا۔ گھر کا بڑا ہونے کی وجہ سے گھر کا سودا سلف بھی اشفاق ڈلوایا کرتا تھا۔ اشفاق نے بہن بھائیوں سے شدید محبت کی اور کبھی اس نے اپنے بچوں اور ان میں کوئی فرق روا نہ رکھا۔ اس لیے اس کے بچوں کو اس کے بھائی اپنی اولاد سے زیادہ پیار کرتے اور سکینہ کو کم عمر ہونے کے باوجود رشتے کی مناسبت سے بھابی ماں کہتے۔ ساس کی دعاؤں کا بیشتر حصہ اشفاق اور اس کی اولاد کے گرد گھومتا رہتا۔ سکینہ بھی خوش تھی۔ عزت، محبت، مان، مرتبہ، اولاد، محبوب شوہر..... سب کچھ تھا اس کے پاس۔ کبھی کبھی دبے دبے الفاظ میں شوہر کو سمجھاتی کہ بچوں کے مستقبل کے لیے کچھ پس انداز کر لیا کریں تو وہ کبھی تو ہنس کر ٹال جاتا اور کبھی کبھی کچھ کاغذات وہ سکینہ کے حوالے کرتا اور سنبھال کر رکھنے کو کہتا۔ چوری چکاری کے خطرے کے پیش نظر تمام زیور سکینہ کی ساس اپنے پاس سنبھال کر رکھتی اور موقع محل کی مناسبت سے سکینہ کو جو زیور چاہیے ہوتا، وہ ساس سے مانگ لیتی۔ زندگی کا دھارا پرسکون تھا۔ طلحہ بیمار ہوا تو میں ان کی زندگیوں میں داخل ہوئی اور ان کی فیملی ڈاکٹر کم اور فیملی ممبر زیادہ بن گئی۔ جس مرد کو طلحہ کے لیے شدید پریشان دیکھ کر میں طلحہ کا باپ سمجھی تھی، وہ بعد میں اس کا چچا ثابت ہوا۔ میں دل ہی دل میں ان بھائیوں کی بے مثال محبت اور اتفاق کی معترف تھی۔ ان کی ماں تیز تیز لہجے میں بولنے والی گیلی گیلی آنکھوں اور کھچڑی بالوں والی

سادی سی خاتون لگتی تھیں۔ جو ہر وقت اپنی اولاد کے لیے دعا گو رہتی ہیں۔ پھر وقت نے کروٹ لی اور اشفاق 45 سال کی عمر میں دکان پر کام کرتے کرتے پہلے ہارٹ اٹیک سے جانبر نہ ہوسکا۔ صبح سکینہ سے جلد واپس آنے کا وعدہ کر کے جانے والا کبھی واپس نہ آ سکا۔ میکے والوں نے رسم کے مطابق سکینہ کو واپس چلنے کا کہا تو سکینہ کا دل نہ مانا کہ اتنے محبت کرنے والے اپنے بچوں جیسے دیور دیورانیوں کو چھوڑ کر جائے۔ آخر ان میں اور اشفاق کے بچوں میں فرق ہی کیا تھا۔ میکے والے دعائیں دیتے واپس لوٹ گے۔ چند روز غم میں گزرے۔ غم سے نڈھال سکینہ کمرے میں پڑی رہتی اور روتی رہتی۔ ایک روز اس کے بچے نے آ کر ماں کا بازو ہلایا۔ امی مجھے چاچی نے مارا ہے اور وہ روٹی نہیں دیتی، مجھے بھوک لگی ہے۔ سکینہ اور اشفاق کا شہزادہ طلحہ بھوک اور مار کے درد سے بلک رہا تھا۔ سکینہ اٹھی کہ بچے کو کچھ کھانے کو دے۔ کچن میں گئی تو دیورانی سالن کا ڈونگہ اٹھائے اپنے کمرے میں جا رہی تھی۔ ہنڈیا خالی پڑی تھی۔ سکینہ نے پکارا کہ بچے کو کھانا دو تو دیورانی نے یہ کہہ کر انکار کر دیا کہ میں اپنے بچوں کے لیے پکاؤں یا تمہارے بچوں کا پیٹ بھروں۔ وقت کچھ اور سرکا تو پیسوں کی ضرورت پڑی۔ ساس سے کہا تو ساس نے بڑے دیور کی طرف اشارہ کیا۔ اور بڑے دیور اور اس کے بچوں کو دعائیں دینے میں مصروف ہوگئی۔ بڑے دیور سے پیسے بینک سے نکلوا کر دینے کو کہا تو اس نے جواب دیا ''بھابی! روٹی پانی تمہیں ملتی رہے گی۔ بچوں کو پڑھاتے بھی رہیں گے۔ باقی روپیہ پیسا جائداد بچوں کی امانت ہے۔ ان کو بڑا ہونے پر دے دیں گے۔ تم چپ کر کے اپنا وقت گزارو۔ جو چاہیے ہو ہم میں سے کسی کو کہہ دیا کرو۔ ہم تمہیں لا دیں گے۔''

کم عمر، کم تعلیم یافتہ دکھ سے چور سکینہ کچھ سمجھی، کچھ نہ سمجھی اور جیسے تیسے وقت گزارنے لگی۔ زیور ساس کے پاس اور جائداد اور پیسا دیوروں کے پاس تھا۔ سودا سلف کے لیے کسی دیور کو پکارتی تو اس دیور کی بیوی کا موڈ خراب ہو جاتا اور اس دن گھر میں لڑائی ہو جاتی۔ دیورانیاں اپنے شوہروں کو بیوہ کم عمر خوبصورت جٹھانی سے بچانے لگیں۔ بیوہ سکینہ اپنی راجدھانی میں قیدِ تنہائی کا شکار ہوگئی۔ سکینہ کے بچوں کو تربیت کے نام پر کبھی چچازاد بہن بھائیوں اور کبھی کسی چچی کی شکایت پر چچا سے مار پڑنے لگی۔ ایک روز حد ہوگئی جب طلحہ کے ہاتھوں اور کپڑوں پر گریس کے دھبے دیکھے تو پتا چلا طلحہ کا اسکول چھڑوا کر ورکشاپ میں کام سیکھنے پر لگا دیا گیا ہے کیونکہ اسکول کی فیس دینے کے پیسے چچا کے پاس ختم ہو گئے ہیں۔ سکینہ نے ایک پڑوسن کی مدد سے اپنے بھائی سے رابطہ کیا کیونکہ مشترکہ خاندان میں وہ سب کے سامنے اپنے میکے والوں کو ''سب اچھا ہے'' کی رپورٹ دینے کی پابند تھی۔ اپنے بھائی کے مشورے سے سکینہ نے کچھ فیصلے کیے۔ اپنی ساس سے سگے بھانجے کی شادی میں جانے کی اجازت طلب کی اور اپنا زیور مانگا جو واپسی کی ہزار یقین دہانیوں کے بعد اسے دیا گیا۔ کیونکہ بہرحال بھانجے کی شادی میں شرکت سے روکنا یا زیور کے بغیر سکینہ کا شادی میں شریک ہونا سکینہ کے میکے والوں کو مشکوک کر سکتا تھا۔ سکینہ اپنے بچوں کے ساتھ اپنا زیور اور جائیداد کے جو کاغذات اس کے پاس تھے، وہ تمام لے کر بھائیوں کی امان میں چلی گئی۔ زندگی وہاں بھی آسان نہ تھی۔ بھابیاں اس ذمے داری سے بے زار تھیں لیکن بھائی سکینہ کا حوصلہ تھے۔ کورٹ میں جائیداد کے حصول کے لیے کیس کیا گیا۔ فیصلہ سکینہ کے حق میں ہوا۔ اب سکینہ اپنے بچوں کے ساتھ اپنی ذاتی گھر میں پرسکون ہے۔ اس کا گھر بھائی کے گھر کے ساتھ ہی ہے اور سکینہ کے بچے اسی اسکول میں پڑھ رہے ہیں جس میں اس کے بھانجے پڑھتے ہیں۔ دنیا اس سے بھی برا سلوک کر سکتی ہے۔ والدین اپنی بیٹیوں کو تعلیم اور کارآمد ہنر دے کر رخصت کیا کریں۔ دین اور دنیا کی سمجھ بیٹی کو والدین دیتے ہیں۔ اس لیے بیٹی کو بوجھ سمجھ کر کم عمری میں بیاہ دینے کی بجائے اپنے بیٹوں کی طرح تعلیم اور شعور دے کر رخصت کیا کریں۔ لڑکیاں بالکل نوکری مت کریں، اگر شوہر بہترین طریقے سے آپ کی ضروریات پوری کر رہا ہے۔ غور کریں! میں نے ضروریات کہا ہے خواہشات نہیں کیونکہ خواہشات کی کوئی حد نہیں۔ لیکن ہر لڑکی کو اس قابل ہونا چاہیے کہ وہ ضرورت پڑنے پر اپنے قدموں پر کھڑی ہو سکے۔ اس لیے تعلیم اور شعور پہلے، شادی بعد میں۔

جڑی بوٹی سے علاج

قیصر احمد بی۔اے کراچی

نام ہندی: مال کنگنی

گجرات: مال کنگنی

عربی: طیلان، طیقلان، قیون

انگریزی: سٹاف ٹری (STAFFTREE)

ماہیت: مال کنگنی کے بیج کنگنی کے دانوں کی طرح مگران سے لمبے اور چپٹے ہوتے ہیں۔ جن کا پوسٹ سیاہی مائل سرخ اور اندرون سفیدی مائل زرد ہوتا ہے۔ یہ ایک بیل کے پھلوں سے نکلتے ہیں۔ جو پہاڑی علاقوں کوہ ہمالیہ کے اکثر حصوں اور سیون میں درختوں پر پھیلتی ہوئی بکثرت پائی جاتی ہیں۔

افعال وخواص: ویدوں کی رائے میں مال کنگنی، چکنی چرپری، گرم، کڑوی، قبض کشا، کسیلی، قے آور اور تیز ہوتی ہے۔ اُونگھ لاتی، ذہانت کو بڑھاتی، حرارت ہاضمہ کو تیز کرتی اور جلد کو خوش رنگ بناتی ہے۔

کیفیت: غلبے کو دور کرتی ہے، زخموں، دسرپ (سرخ باد) اور بھس کو دور کرتی ہے۔

حکمائے حاذق کی رائے میں بھی یہ دماغ، حافظہ، ذہن، باہ اور معدے کو قوت دینے والی چیز ہے۔ امراض سرد خصوصاً گنٹھیا کیلئے نہایت مفید ہے۔ ریاح وبلغم کے بگاڑ کو دور کرتی ہے۔

فوائد: (۱) سرسوں کے تیل میں پیس کر لیپ کرنے سے درد کو دور کرتی ہے۔ (۲) ایک حصہ مال کنگنی کو دس حصہ دودھ میں بھگوئیں حتیٰ کہ سارا دودھ جذب ہو کر خشک ہو جائے۔ پھر ان میں سے ہر روز صبح کے وقت سات دانے نگل لیا کریں۔ (۳) باہ کی زائل شدہ قوت بحال ہو جاتی ہے۔ (۵) قطرے مال کنگنی مریض لقوہ ومریض فالج کو دینا نہایت ہی مفید ہے۔

● مال کنگنی کو گائے کے دودھ میں جوش دے کر صاف کرلیں اور اس دودھ کا دہی جما کر مکھن نکال کر ہر روز ایک اوقیہ بھر مکھن یا کھیر میں ڈال کر کھاتے رہنے سے بال از سرنو سیاہ ہو جاتے ہیں اور پھر سفید ہونے نہیں پاتے۔ (مجرب المجرب)

● مال کنگنی کا خالص تیل بہت کم نکلتا ہے۔ اسے بطور طلا عضو تناسل پر مالش کرنے سے اعصاب کو قوت کثیر حاصل ہوتی ہے۔ یہ تیل عرق النساء، ذات الجنب، درد کمر، فالج، لقوہ اور اکثر امراض دماغ کیلئے بھی مفید ہے۔

● مال کنگنی کے تیل کو ہاتھ کی ہتھیلیوں پر ملنے سے آنکھوں کی بصیرت بڑھتی ہے۔

● مال کنگنی کا تیل اس طریق سے کھانا شروع کریں کہ پہلے روز بہت تھوڑا سا (مثلاً ایک حبہ بھر) پان کے ساتھ، دوسرے دن اس سے کچھ زیادہ، تیسرے روز ذرا اور بڑھا کر اسی طرح اس حد تک کہ ضرر نہ پہنچائے، کھاتے رہیں تو باہ اور بھوک کو بے حد قوت دیتا ہے۔ اس کے زیادہ مقدار میں کھانے سے بے چینی اور قے ہونے لگتی ہے۔

● ذہن اور حافظہ بڑھانے کیلئے پرانے رشیوں نے بھی مال کنگنی کے بیجوں کا ہر روز صبح سویرے کھاتے رہنا مفید بتایا ہے۔

● مال کنگنی، جائفل، لوبان، لونگ اور جاوتری ہم وزن لے کر سفوف بنا کر پتال جنتر سے تیل نکال لیں جو سیاہ رنگ کا ہوگا۔ (۱) یہ تیل مقدار پانچ تا پندرہ بوند حسب ضرورت دودھ ڈال کر پینے سے از حد مقوی باہ اثر دکھاتا ہے اور کھانے کے دو تین گھنٹہ بعد خوب پسینہ لاتا ہے۔ مگر کمزوری نہیں ہوتی۔

(ب) اسے بطور طلاء عضو تناسل پر مل کر پان کا پتہ باندھ رکھنے سے سُستی کی شکایت دور ہو جاتی ہے۔

(ج) فالج، امراض ریحی، گرنتھی (گلٹیوں) اور ہجروں پر ملنا بھی بڑا کارآمد ثابت ہوا ہے۔

(د) بعض ڈاکٹر مرض بیری بیری (بھس تادع) کیلئے بھی اسے مفید بتاتے ہیں۔

● مال کنگنی کے پتوں کا ساگ گھی میں بھون کر کھانا رُکے ہوئے حیض کو جاری کرتا ہے۔

● مال کنگنی، رتن جوت اور لوٹا سبجی سے میٹھا تیل پکا کر مالش کے کام میں لانے سے ہر قسم کے درد دور ہو جاتے ہیں۔

● تخم مال کنگنی مقشر بوتل میں ڈال کر مضبوط کارک لگا کر محفوظ رکھیں۔ پہلے دن علی الصباح تین دانہ سالم تازہ پانی کے گھونٹ سے نگل لیں۔ پھر ہر روز ایک ایک دانہ بڑھاتے رہیں۔ تیرہ تک پہنچ کر مقدار نہ بڑھائیں اور سال بھر استعمال کریں۔ چھ ماہ کے بعد بال از سر نو سیاہ ہو جائیں گے اور قوت باہ بے انداز بڑھ جائے گی۔ غذا گوشت تیتر، بٹیر، مرغ، کبوتر، مرغابی، ہرن، دال چنے اور دال موٹھ گھی خوب ڈال کر پکائی ہوئی۔ میتھی کا ساگ، روٹی گندم یا بیسنی، جلیبی، باقی سب اشیاء بالکل منع ہے۔ جماع اور گندے خیالات سے بھی بچیں۔

● ایک بزرگ وید نے لکھا ہے کہ مال کنگنی کے بیجوں کو پانی میں جوش دے کر نکالتے ہیں۔ اس تیل کی دس سے پندرہ بوند تک دن میں دو بار کھانے سے جسم میں چستی پیدا ہوتی ہے۔ اور کچھ دیر کے بعد خوب پسینہ آجاتا ہے۔ مگر ضعف نہیں ہونے پاتا۔ عصبی امراض اور کسی حصہ جسم کے بے حس ہو جانے کی صورت میں تیل کی مالش بڑی کارآمد و مفید ہوتی ہے۔

● مال کنگنی کے سفوف کے استعمال سے گنٹھیا اور بادی کے امراض دور ہو جاتے ہیں۔

● گنٹھیا چھوٹے جوڑوں کی سوج، فالج وغیرہ۔ امراض اسے بہ تفصیل ذیل بھی کام میں لایا جاتا ہے۔ جیسے پہلے دن ایک دانہ مال کنگنی پھر ہر روز ایک ایک بڑھاتے ہوئے پندرہ کی تعداد تک لے آنا، ساتھ ہی تیل کی مالش بھی جاری رکھنا۔

● مال کنگنی کے بیجوں کو پیس کر لیپ کرنے سے بھی گنٹھیا اور بگڑے ہوئے آب و ہوا کی وجہ سے پیدا ہونے والا درد دور ہو جاتا ہے۔

● مال کنگنی کا تیل لگاتے رہنے سے ناسور اور لمبے زخم بھی بھر جاتے ہیں۔

● مال کنگنی کا تیل دودھ کی لسی میں ڈال کر پینا پیشاب خوب کھول کر لاتا ہے۔

● مال کنگنی کا تیل دس سے تیس بوند تک کام میں لانا پیشاب کو بڑھاتا ہے۔ اور استسقاء کے پانی کو کم کرنا شروع کر دیتا ہے۔

مال کنگنی کا تیل پانچ سے پندرہ بوند تک کام میں لانا پسینہ کھول کر لاتا ہے اور نظام عصبی میں چستی پیدا کرتا ہے۔

● مال کنگنی کے بیجوں کو کھیر میں ملا کر کھاتے رہنے سے نامردی کی ابتدائی شکایت دور ہو جاتی ہے۔

● ناگر بیل پان کے پتے میں مال کنگنی کے تیل کی دس دس بوند میں (قطرے) رکھ کر دن میں تین دفعہ کھانا قوت باہ کو بہت ہی بڑھا دیتا ہے۔ لیکن اثنائے استعمال میں گھی، دودھ کا استعمال کافی مقدار میں کرتے رہنا چاہئے۔

● مال کنگنی اور منڈوک پرنی کے پتوں کے رس میں پیس کر لیپ کرنے سے کھوپڑی کا صفراوی ورم دور ہو جاتا ہے۔

● مال کنگنی کے بیج اور الائچی دانہ دو ماشہ بھر نگل جانے سے کفج شواش (بلغمی دمے) کا دفعیہ ہوتا ہے اور بلغمی کھانسی دور ہوتی ہے۔

● مال کنگنی کے بیجوں کو پیس کر لیپ کرنے سے خونی بواسیر کا قلع قمع ہو جاتا ہے۔

● مال کنگنی کا تیل دودھ میں ڈال کر پینے سے امراض شکم دور ہوتے ہیں۔

● مال کنگنی کے بیجوں کو ایک روز گائے کے پیشاب میں بھگو کر رکھیں۔ پھر خشک ہونے پر تیل نکلوا کر سفید برص کے داغوں پر لگانے سے جلد کی رنگت ہموار ہو جاتی ہے۔

● مال کنگنی کے تیل کی ایک ایک بوند ہر روز مہینہ بھر تک استعمال کرنے سے عقل تیز ہوتی ہے۔ لیکن اثنائے استعمال میں چاول اور گھی کا خوب استعمال کرنا چاہیے۔

ایک ایسی کامیاب دوا جو ایمرجنسی کے اکثر مواقع پر اپنا حیرت انگیز اثر ظاہر کرتی ہے

چشمۂ شفاء **قیمت: 50 روپے**

یہ دوا تمام بیرونی امراض، درد ہر قسم، خارش، دارد، چنبل وغیرہ کیلئے مالش کرنے اور لگانے سے نہایت فائدہ مند ثابت ہوئی ہے اور دیگر تمام بیماریوں مثلاً درد سر، نزلہ، زکام، آنکھ دکھنا، دانت درد اور دیگر امراض دنداں، گلے میں درد، حلق بند ہو جانا نیز اس کے علاوہ چوٹ لگنا، خون بند کرنا، درد ہر قسم، زہریلے جانوروں کا ڈسنا اور بدہضمی، بھوک نہ لگنا میں بے حد مفید ہے۔

مطب العارف 042-35410586, 0320-7772772

زور آور کیپسول

بڑی پیکنگ: 1500 روپے

چھوٹی پیکنگ: 750 روپے

- مردانہ طاقت کو بڑھاتا ہے
- مایوسی کو امید میں بدلتا ہے
- بے رغبتی کو دور بھگاتا ہے
- دائمی اور مستقل قوت کا راز ہے
- ہر قسم کی سستی، لاغری کو ختم کرتا ہے
- انتشار کی کمی کو پورا کرتا ہے
- پٹھوں کی کمزوری کا خاتمہ کرتا ہے
- عدم دلچسپی کو ختم کرتا ہے
- شوگر کی وجہ سے ہونے والی مردانہ کمزوری کے لیے بہت ہی فائدہ مند ہے
- زور آور کیپسول اپنے نام کی طرح واقعی زور آور ہے
- ہر قسم کی مردانہ کمزوری کو دور کرنے کیلئے بہترین چیز ہے
- مردانہ کمزوری کے غریبوں کو مردانہ طاقت کے باعث بادشاہ بناتا ہے

مطب العارف 042-35410586, 0320-7772772

معجون خاص زعفرانی

قیمت: 950 روپے

● جوانوں میں جوانی کی حقیقی چمک و دمک پیدا کرتا ہے ● بوڑھوں میں نوجوانوں جیسی چستی اور تیزی پیدا کرتا ہے ● جنسی کمزوریوں کا نام و نشان تک ختم کر دیتا ہے ● بے رغبتی، بے توجہی، عدم دلچسپی اور بے حسی کا خاتمہ کرتا ہے ● خواہشات میں زبردست اور بے انتہا اضافہ کرتا ہے ● قوت مردانگی کیلئے ایک بے مثل، باکمال اور لاجواب تحفہ ہے ● جنسنگ اور قیمتی جڑی بوٹیوں کا ایک خاص الخاص مرکب ہے ● ہر عمر کا مریض بلا جھجھک اور بغیر کسی خوف کے استعمال کر سکتا ہے ● جسم کو مضبوط اور چہرے کو سرخ و سفید کرتا ہے ● اعضائے رئیسہ شریفہ کو زبردست قوت و طاقت دیتا ہے ● ہر قسم کی اعصابی کمزوریوں کو ہمیشہ کیلئے ختم کرتا ہے ● عضو خاص میں سختی اور مضبوطی کو قائم و دائم رکھتا ہے ● نامرد کو مرد بنانے اور کمزور حضرات کو طاقت ور بنانے کے کام آتا ہے ● قدرتی طریقے سے ہر قسم کی مردانہ کمزوریوں کو دور کرتا ہے ● جسم کو لوہے کی طرح مضبوط اور طاقت ور بناتا ہے ● لاعلاج مریضان باہ کیلئے ہماری دیگر ادویات کا ایک اہم حصہ ہے ● طب یونانی اور دیسی جڑی بوٹیوں کا ایک بہترین شاہکار ہے

معجون خاص زعفرانی بروقت مطب العارف پر دستیاب ہے

مطب العارف 042-35410586, 0320-7772772

پیغام جوانی کیپسول

چھوٹی پیکنگ: 750 روپے

◆ طاقت و قوت کا ٹھاٹھیں مارتا ہوا سمندر ہے ◆ مخفی و پوشیدہ طاقتوں کا سرچشمہ ہے ◆ زندگی کا ایک سچا اور بہترین ساتھی ہے ◆ ہمیشہ کی شرمندگی سے نجات دلاتا ہے ◆ مسرت و شادمانی کے لمحات میں اضافہ کرتا ہے ◆ خاص اوقات میں زبردست اضافہ کرتا ہے ◆ بلا مبالغہ حقیقت میں ہی جوانی کا پیغام ہے ◆ ازدواجی تعلقات کو مستحکم و مضبوط بناتا ہے ◆ روزانہ کی گھریلو لڑائیوں کو محبتوں میں تبدیل کرتا ہے ◆ زوجین کے اعتماد کو ہمیشہ بحال رکھتا ہے ◆ خاوند کو جلدی گھر آنے پر مجبور کرتا ہے ◆ طلاق کے مطالبات کو ختم کروانے والا بہترین تحفہ ہے ◆ مایوس الباہ دوستوں کیلئے ایک عظیم خوشخبری ہے ◆ فوری اور پہلی خوراک میں رزلٹ دینے والا گفٹ ہے ◆ منٹوں کو گھنٹوں میں بدلنے والا ایک خاص نسخہ ہے ◆ ہر عمر کے مرد حضرات بلا خوف و خطر استعمال کر سکتے ہیں ◆ ہر قسم کی نشہ آور اور مضر اثرات سے سو فیصد پاک ہے ◆ آپ کی سوچ سے زیادہ قیمتی اجزاء سے تیار کیا گیا ہے ◆ قدر دانوں کیلئے ایک انمول، بے مثال اور لاجواب چیز ہے ◆ مطب العارف کی طرف سے عوام الناس کیلئے طب یونانی کا 100 فیصد رزلٹ دینے والا ایک خاص مثالی تحفہ ہے۔

مطب العارف 042-35410586, 0320-7772772

طلاء خاص الخاص

کثیر الفوائد یادگار تحفہ

قیمت 500 روپے

◆ برائے عضو خاص میں اضافہ
◆ عضو خاص میں موٹائی
◆ فوری رزلٹ
◆ آبلہ نہ پٹی
◆ فوری طاقت
◆ زبردست انتشار

خواص: مطب العارف نے طویل ریسرچ اور انتھک تحقیق کے بعد نادر و نایاب روغنیات اور حیوانی اجزاء سے ایک بہترین مرکب تیار کیا ہے۔ ایک ایسا مرکب، ایک ایسا طلاء کہ جس کی جستجو مریض کافی عرصے سے کر رہے تھے۔ مطب العارف کا تیار کردہ یہ بے مثال تحفہ واقعی یادگار ہے۔

نوٹ: اندرونی کمزوری کے خاتمے کیلئے طلاء خاص الخاص کے ساتھ پیغام جوانی کیپسول کا استعمال آپ کو دوبارہ سے بھرپور جوان بنا دے گا۔

مطب العارف 042-35410586, 0320-7772772

کریلے کے بے مثال اور بے شمار فوائد

مولانا حکیم سلیم اللہ ظفر (ناظم مطب العارف)

کریلا اگرچہ ایک کڑوی سبزی ہے۔لیکن قدرت نے اسے بے حساب فوائد سے معمور فرمایا ہے۔ اگر سلیقے سے ضروری لوازم کے ساتھ اسے پکایا جائے تو نہایت مزیدار اور اشتہاء پرور بنتا ہے۔ کریلا جگر کیلئے آئرن، ہڈیوں، دانتوں اور دماغ کیلئے فاسفورس کی جتنی بھی ضرورت ہوتی ہے اس کو پورا کرتا ہے۔ جگر اور تلی کے بڑھ جانے میں کریلے کا ساگ بہت مفید ہے۔ کریلا ریاحی اور زہریلے امراض میں فائدہ مند ہے۔ کریلا کڑوا ہونے کے باعث زبردست مصفی خون ہے۔ کریلا معدے کو طاقت دیتا ہے۔ کریلا بھوک میں اضافہ کرتا ہے۔ کریلا فالج اور لقوے کے بڑھتے ہوئے اثرات کو بڑی حد تک دور کرتا ہے۔ کریلا پیٹ کے کیڑوں کو مارنے میں لاجواب ہے۔ کریلے کا استعمال گنٹھیا کے مریضوں کے لئے فائدہ مند ہے۔ کریلہ بلغمی مزاج والوں کے لیے فائدہ مند چیز ہے۔ کریلا دماغ کو بہت سے پراگندہ اثرات اور کثافتوں سے پاک کرتا ہے۔ کریلا اعصابی توانائی کیلئے ایک عمدہ غذائی ٹانک ہے۔ کریلا پتھری کو توڑنے میں بے مثال ہے۔ کریلا جریان کے مرض کا خاتمہ کرتا ہے۔ کریلا باہ کی قوتوں کو بڑھاتا ہے ۔ کریلا ذیابیطس کا بہترین شافی علاج ہے۔ کریلے کے کھانے سے انسولین کی ضرورت نہیں رہتی۔ اگر حکماء کرام ذیابیطس کے مریضوں کو کریلے کی افادیت اور اس کے استعمال پر زور دیں تو اس مرض پر کنٹرول حاصل کیا جاسکتا ہے۔ کریلے کا رس صبح شام پینے سے شوگر کے مرض پر کنٹرول بہت جلدی پایا جاسکتا ہے۔ اس کے مسلسل استعمال سے پیشاب بوجہ شوگر بالکل صاف آتا ہے اور گھٹنوں کا درد وغیرہ سب کچھ ختم ہو جاتا ہے۔ کریلا ہر جگہ سے بآسانی مل جاتا ہے۔ کریلے کا رس بخار کے ٹمپریچر کو بھی کم کرتا ہے۔ کریلے کا رس یرقان کے مریضوں کے لیے فائدہ مند ہے۔ جگر کی صفائی کیلئے بہترین چیز ہے۔ کریلے کا استعمال شوگر کی وجہ سے مردانہ کمزوری کے شکار افراد کے لیے بہت ہی فائدہ مند چیز ہے۔ کریلے کا سفوف بھی شوگر کے مریضوں کے لیے اکسیر ہے۔

ناشپاتی کے بے مثال اور بے شمار فوائد

مولانا حکیم سلیم اللہ ظفر (ناظم مطب العارف)

ناشپاتی ایک معروف و مشہور پھل ہے۔ ناشپاتی کی کئی اقسام ہیں۔ سب سے اعلیٰ کو بگو گوشہ کہتے ہیں۔ بگو گوشہ ناشپاتی کشمیر اور مری کے علاقوں کا خاص تحفہ ہے۔ اس طرح کی نرم، مٹھاس بھری ناشپاتی دیگر اقسام کی نہیں ہوتی۔ بگو گوشہ کی خاص علامت یہ ہے کہ منہ میں رکھتے ہی آئس کریم کی طرح نرم، میٹھی اور مزیدار ہوتی ہے۔ ناشپاتی میں وٹامن سی اور پروٹین وافر مقدار میں پائے جاتے ہیں ۔ ناشپاتی صفرا سے پیدا ہونے والے تمام امراض کیلئے فائدہ مند ہے۔ ناشپاتی جگر کے ورم کیلئے مفید ہے۔ ناشپاتی جگر کے سدوں اور جگر کی سوزش کیلئے مفید ہے۔ ناشپاتی یرقان کے مریضوں کے لیے فائدہ مند ہے۔ ناشپاتی جسم کی کمزوری اور نقاہت کو ختم کرتی ہے۔ ناشپاتی دبلے پن کو ختم کرتی ہے۔ ناشپاتی اختلاج قلب کے لیے بہت ہی بہترین غذا اور دوا ہے۔ ناشپاتی آنتوں کو نرم کرتی ہے۔ ناشپاتی شریانوں میں قدرتی لچک پیدا کرتی ہے۔ ناشپاتی خون میں چربی کی مقدار کو نارمل کرتی ہے۔ ناشپاتی قبض کشا اثرات کی حامل ہے۔ ناشپاتی بلڈ پریشر ہائی کے مریضوں کے لیے فائدہ مند ہے۔ ناشپاتی خون سے فاسد مادے خارج کرتی ہے۔ ناشپاتی صالح خون پیدا کر کے رنگت کو نکھارتی ہے۔ ناشپاتی تمام اعضائے رئیسہ کو طاقت دیتی ہے۔ ناشپاتی خونی و بادی بواسیر میں نفع مند ہے۔ ناشپاتی الرجی کو ختم کرتی ہے۔ ناشپاتی پیشاب کی جلن اور گردہ مثانہ کی پتھری کو خارج کرتی ہے۔ ناشپاتی تمام بدن کی 50 فیصد بیماریوں کا علاج ہے۔ ناشپاتی ہر طرح کے دستوں، پیچش، نکسیر، چھوٹے پیشاب کے ساتھ آنے والے خون، پاخانے کے راستے آنے والے خون، منہ کے راستے آنے والے خون کو روکتی ہے۔

روحانی درسگاہ کے طالب علموں کیلئے مفت خدمات goo.gl/laZQhb

مختلف بیماریاں ان کا گھریلو اور سستا علاج

مرتب: مہر یاسین شہزاد

منہ کی بُو ختم کرنے کے لیے

دن میں دو یا تین بار سونف چبایئے اور اس کا عرق پی لیجئے۔ چند دنوں میں آپ کے منہ سے بدبو کی بجائے خوشبو آنے لگے گی۔

بال سفید ہونے سے بچانے کے لیے

بال اگر وقت سے پہلے سفید ہونا شروع ہوجائیں تو رات سونے سے پہلے ایک پاؤ دودھ میں چند قطرے بادام روغن ملا لیجئے اور حسب ذائقہ چینی اس میں ملا کر پی لیجئے۔ آپ ایسا روزانہ کریں کچھ عرصہ بعد بال سفید ہونا بند ہوجائیں گے۔ اور سفید بال بھی اپنی رنگت سیاہی مائل کرلیں گے۔

رنگت کو گورا کرنے کے لیے

خستہ سا ململ کا ٹکڑا لیں اور اسے پانی میں ڈال کر تیز آگ پر اُبال لیں، جب آدھا گھنٹہ وہ پک جائے تو اس طرح جو بھاپ دیگچی سے اٹھ رہی ہو، وہ اپنے چہرے کو دینا شروع کردیں۔ جب کپڑا گرم ہوجائے تو اسے پانی سے نکال لیجئے اور قابلِ برداشت گرم ہو تو اسے چہرے پر رکھ کر پانچ منٹ تھپکیں اور چہرے پر کوئی کریم مل کر سو جائیں۔ صبح اُٹھ کر منہ دھو لیں۔ وہ لوگ جن کا رنگ بے حد سیاہ ہے وہ بھی اسے آزمائیں۔ وہ جلد شفاء حاصل کرلیں گے۔

انڈے کے چھلکے، سوکھے مالٹے کے چھلکے اور لال دال مسور ہم وزن لے لیں اور خوب پیس لیں۔ اسے پانی میں ڈال کر آمیزہ سا بنالیں اور اسے ہر روز چہرے پر لگائیں۔ چہرے کی رنگت نکھرنا شروع ہوجائے گی اور رنگ سفیدی مائل ہوجائے گا۔

زکام کے خاتمہ کے لیے

دہکتے ہوئے کوئلوں پر ذرا سی چینی ڈال لیں اور اسے سونگھیں۔ اس دھوئیں سے آپ کا زکام دور ہوجائے گا۔

آٹے کا چھان آدھا پاؤ لیں اور اسے پاؤ بھر پانی میں پکالیں۔ جب دو تین بار اُبال آجائے تو آپ نمک یا چینی جو مناسب سمجھیں، اس میں ملا کر استعمال کریں۔ سرد پانی ہرگز نہ پئیں۔ زکام دور ہوجائے گا۔

زکام کی میعاد صرف تین دن ہوتی ہے، اس کے بعد زکام ازخود ختم ہوجاتا ہے۔ اس دوران کھٹائی، تیل اور سرد اشیاء سے پرہیز کریں، بغیر کسی دوا کے زکام ختم ہوجائے گا۔

کھانسی کے خاتمہ کے لیے

کھانسی اگر بچے کو ہے تو اسے چھوٹی الائچی پیس کر کھلا دیجئے، کھانسی ختم ہوجائے گی۔

یا شہد گرم کرکے بچے کو دیں۔

یا ادرک کا عرق نکال لیں اور اسے شہد میں ملا کر بچے کو دیں، اس سے بھی کھانسی ختم ہوجائے گی۔

آٹے کا چھان **50** گرام لیں، پھر اُبلے ہوئے انڈے کی زردی لیں اور اسے شہد میں ملا کر کھائیں۔ اس عمل سے سخت سے سخت کھانسی کو بھی شفاء نصیب ہوتی ہے۔

نسیان کا مرض ختم کرنے کے لیے

نسیان کے شکار مریض کو دارچینی بے حد فائدہ دیتی ہے۔ دن میں دو تین بار دارچینی کا ٹکڑا منہ میں ڈال کر چبانے سے مرض نسیان دور ہوجاتا ہے۔

لقوہ سے نجات پانے کے لیے

سیاہ کبوتر لیں اور اسے ذبح کرکے پکالیں اور ہر دوسرے دن کھائیں۔ دو تین کبوتر کھانے سے لقوہ ازخود ختم ہوجائے گا اور مکمل شفاء نصیب ہوگی۔

بال چمکدار بنائیے

لیموں کا رس نکال لیجئے اور اسے بالوں میں ڈال کر خوب اچھی طرح مالش کیجئے۔ کچھ دیر یوں ہی اُسے رکھیے اور پھر دھو لیجئے بال چمکدار ہونا شروع ہو جائیں گے۔

بال لمبے کرنے کے لیے

رات کو پانی میں املی ڈال کر بھگو رکھئے اور پھر صبح اس پانی سے بال دھو ڈالئے، بال اس طرح دھونے کا عمل کم از کم ایک ہفتہ ضرور کیجئے اور پھر بالوں میں ناریل کا تیل ڈال کر ملئے، بال لمبے ہو جائیں گے۔

پھوڑے پھنسی کے خاتمہ کے لیے

جس جگہ پھوڑا پھنسی ہو تل کے تیل اور مرغی کے انڈے کی سفیدی ملا کر اس کا لیپ کر دیں۔ پھوڑا پھنسی از خود ختم ہو جائے گا۔

قبض کے خاتمہ کے لیے

بغیر چھنے آٹے کی روٹی کا استعمال کیجئے، قبض ختم ہو جائے گا۔

سونف اور گل قند ملا کر قبض کا خاتمہ ہو جائے گا۔

انجیر گرم دودھ میں ڈال کر پی لیں یا دودھ میں بھیگی ہوئی انجیر کھائیے، قبض دور ہو جائے گا۔

دانت کا درد ختم کرنے کے لیے

لہسن کا پانی نکال لیجئے اور اسے داڑھ یا دانت پر روئی کے پھاہے میں بھگو کر لگائیے اور منہ کو کھلا چھوڑ دیجئے۔ مواد نکل جائے گا اور درد ختم ہو جائے گا۔

جلنے والی جگہ کے آرام کے لیے

اگر جسم کا کوئی حصہ جل یا جھلس جائے تو اس پر فوراً سرسوں کا تیل لگا دیجئے یا وہ عضو جو جل گیا ہے اسے فوراً سرسوں کے تیل میں ڈبو دیجئے۔ آبلہ نہیں پڑے گا اور نہ ہی کوئی نشان وہاں ظاہر ہوگا۔

شہد کی مکھی یا بھڑ کے کاٹے کا علاج

ذرا سا نمک سرکہ میں ملا کر اس متاثرہ مقام پر لگائیے، افاقہ ہوگا۔

جہاں ڈنک لگا ہے وہاں عرق کافور مل لیں۔ جلن ختم ہو جائے گی اور ٹھنڈک پیدا ہوگی۔

دانتوں کے سیاہ نشان ختم کرنے کے لیے

چنبیلی کے پتے اُبال لیجئے اور ہر صبح اس پانی سے کُلّیاں کیجئے تو دانتوں پر پڑے سیاہ نشان ختم ہو جائیں گے اور دانتوں میں چمک پیدا ہو جائے گی۔

چہرے کی جلد نرم اور دلکش کرنے کے لیے

ایک انڈے کی زردی کو کسی پیالے میں ڈال لیں اور اس میں روغن بادام کے دو چائے کے چمچ ملا لیں۔ چکنی جلد ہے تو بیس قطرے عرق لیموں شامل کر لیں۔ سبھی کو چمچے سے خوب ہلا کر ملا لیں۔ یہ جھاگ سا بن جائے گا اور آپ کی گھریلو کریم تیار ہو جائے گی۔ اُسے آہستہ آہستہ چہرے پر ملئے اور دس بارہ منٹ تک ایسا کیجئے۔ پھر چہرہ نیم گرم پانی سے مل کر صاف کر لیجئے۔ چند دن میں چہرے پر کافی فرق محسوس ہوگا اور عمر بڑھنے کے باوجود چہرے کی دل کشی برقرار رہے گی۔

غسل کرنے کے بعد لیموں کا عرق رخساروں پر مل لیجئے اور پھر کچھ دیر بعد سرسوں کا تیل لگا لیجئے۔ پھر اسے تولیہ سے صاف کر دیجئے، آپ کا چہرہ گلاب کے پھول کی مانند ہو جائے گا۔

عجوہ کھجور کی گٹھلی کا پاؤڈر

قیمت 750 روپے

فوائد (۱) جادو (۲) زہر (۳) دل کے امراض (۴) خون کی رگوں کو کھولنا (۵) شوگر (۶) خون کی کمی کو دور کرنا (۷) جگر کے امراض (۸) کوڑھ کے مرض (۹) مردانہ طاقت کیلئے (۱۰) معدہ کو تقویت دیتا ہے (۱۱) سر درد کیلئے (۱۲) عورتوں کے رحم کے تمام امراض لیکوریا وغیرہ (۱۳) کینسر جیسے امراض کے لئے بہت مفید ہے۔

مطب العارف 042-35410586, 0320-7772772

علی مرتضیٰ طاہر

آدابِ زندگی.....بچوں کیلئے

والدین سے گذارش ہے کہ ان آداب کو خود بھی پڑھیں، بچوں کو بھی پڑھوائیں۔ خود بھی عمل کریں اور بچوں کو بھی عمل کروائیں۔

کام شروع کرنے کے آداب

سوال 1 کوئی بھی کام شروع کرنے سے پہلے کیا کہنا چاہیے؟

جواب ہر کام شروع کرنے سے پہلے بسم اللہ کہنا چاہیے۔

سوال 2 بسم اللہ پڑھنے سے کیا فائدہ ہوتا ہے؟

جواب بسم اللہ پڑھنے کے چار بڑے فائدے ہیں:

۱ اللہ تعالیٰ دس نیکیاں دیتے ہیں۔ ۲ ہمارا کام آسان ہو جاتا ہے۔ ۳ شیطان دور بھاگ جاتا ہے۔ ۴ اللہ تعالیٰ خوش ہوتے ہیں۔

سوال 3 بسم اللہ نہ پڑھنے سے کیا نقصان ہوتا ہے؟

جواب ۱ کام ادھورا رہتا ہے۔ ۲ برکت سے خالی ہوتا ہے۔

سوال 4 بسم اللہ کا کیا مطلب ہے؟

جواب اللہ تعالیٰ کے نام سے شروع کرتا ہوں۔

واش روم کے آداب

۱ واش روم میں جاتے ہوئے کوئی ایسی چیز ساتھ لے کر نہیں جانا چاہیے جس پر اللہ کا نام یا قرآن پاک کے الفاظ لکھے ہوئے ہوں۔

۲ واش روم میں داخل ہوتے وقت بایاں پاؤں پہلے اندر رکھیں اور یہ دعا پڑھیں: بِسْمِ اللّٰہِ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِکَ مِنَ الْخُبُثِ وَالْخَبَآئِثِ

۳ واش روم میں باتیں کرنا بہت بُری بات ہے۔

۴ بغیر کسی بیماری کے کھڑے ہو کر پیشاب نہیں کرنا چاہیے۔

۵ اگر گھر سے باہر ہوں تو درختوں کے نیچے اور کسی سوراخ یا بل میں پیشاب نہ کریں۔

۶ ایسی جگہ کا انتخاب کریں جہاں آپ کو کوئی دیکھ نہ سکے۔

۷ پیشاب کے چھینٹوں سے بچیں۔

۸ اپنی ضروریات سے فارغ ہو کر بائیں ہاتھ سے استنجاء کریں۔

۹ باہر نکلتے وقت دایا پاؤں پہلے باہر نکالیں اور یہ دعا پڑھیں۔

۱۰ ہاتھوں کو مٹی یا صابن کے ساتھ اچھی طرح دھوئیں۔

وضو کے آداب

سوال 1 کیا وضو کرتے وقت زیادہ پانی استعمال کرنا چاہیے؟

جواب جی نہیں! کم سے کم پانی استعمال کرنا چاہیے اور پانی ضائع نہیں کرنا چاہیے۔

سوال 2 کیا وضو کے اعضا تین بار سے زیادہ دھو سکتے ہیں؟

جواب جی نہیں! وضو کے اعضاء تین بار سے زیادہ نہیں دھوئے جائیں۔

سوال 3 کیا نماز سے پہلے وضو کرنا ضروری ہے؟

جواب جی ہاں! وضو کے بغیر نماز قبول نہیں ہوتی۔

سوال 4 وضو کے بعد دعا (کلمہ شہادت) پڑھنے کا کیا فائدہ ہے؟

جواب اس کے لیے جنت کے آٹھوں دروازے کھول دیے جاتے ہیں۔

سوال 5 وضو کرنے کے کیا فائدے ہیں؟

جواب وضو کرنے سے چار فائدے ہوتے ہیں:

۱ جسم صاف ہوتا ہے۔ ۲ گناہ معاف ہوتے ہیں۔ ۳ درجات بلند ہوتے ہیں۔ ۴ وضو کے اعضاء قیامت کے دن روشن ہوں گے۔

سوال 6 مسواک کرنے کے کیا فائدے ہیں؟

جواب ۱ منہ صاف ہو جاتا ہے۔ ۲ اللہ تعالیٰ راضی ہوتے ہیں۔

جام صحت 37 نمبر قیمت: 500 روپے
مقوی اعصاب، مقوی اعضائے رئیسہ اور طاقت و توانائی کا مخزن
☆ ضعف قلب و دماغ، ضعف اعصاب، درد کمر کیلئے اکسیر ہے۔ ☆ اس کے استعمال سے اول تو تھکاوٹ ہوتی نہیں، ہو تو دور ہو جاتی ہے ☆ تمام بلغمی امراض (نزلہ، زکام، کھانسی، نمونیہ) اور پسلی و سینہ کے درد کیلئے بے حد موثر دوا ہے۔ ☆ پٹھوں کی کمزوری اور درد کیلئے مفید ہے۔ ☆ خون کی کمی اور لو (LOW) بلڈ پریشر کیلئے فائدہ مند ہے۔ ☆ جگر، معدہ اور انتڑیوں کی کمزوری دور ہو جاتی ہے۔ ☆ بدن میں چستی پیدا ہو جاتی ہے ☆ بدن میں کہیں بھی درد ہو، اسے ختم کرتا ہے۔
مطب العارف 042-35410586, 0320-7772772

بیوی

مولانا مفتی شکیل احمد نقشبندی (ظفروال)

نیک بیوی

نبی کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا: ''تقویٰ کے بعد مومن کے لیے کوئی چیز نیک بیوی سے بہتر نہیں ہے، ایسی بیوی کہ شوہر اسے کوئی کام کرنے کو کہے تو اس کی اطاعت کرے، اس کی طرف دیکھے تو اس کے لیے باعث مسرت ہو اور اگر اس کے بارے میں کوئی قسم کھالے تو وہ اسے قسم میں سچا کر دکھائے اور جب شوہر اس کے پاس نہ ہو تو وہ اس کے مال اور اپنی جان کے معاملہ میں شوہر کی پوری خیر خواہی کرے۔'' (ابن ماجہ)

اچھی بیوی

اسلام میں اچھی بیوی کا یہ معیار نہیں کہ کالج سے وہ ڈگریاں اور ڈپلوے لے کر نکلے بلکہ اچھی بیوی وہ ہے جو اپنے آپ کو شوہر کی اطاعت میں فنا کر دے۔

شریف بیوی

اس دین کے اندر تو شریف بیوی وہ ہے جو اپنے دل کے ولولے، حوصلے، اپنی آرزوئیں، امنگیں، اپنا چین، اپنا آرام سب شوہر کے لیے نثار کر دے۔

زندگی کی منزل

آقا مدنی ﷺ نے فرمایا ''جو عورت زندگی کی منزل طے کرتی آخری منزل کی اس حالت میں پہنچتی ہے کہ اس کا شوہر اس سے خوش ہے تو بس جنت اس کی ہے گویا جنت اور اس کے درمیان کوئی روک نہیں۔''

بہترین نفع مند

حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ جناب رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ ''دنیا ساری کی ساری نفع کی چیز ہے لیکن بہترین نفع مند نیک بیوی ہے۔'' (مشکوٰۃ)

بدزبانی

جو عورت اپنے خاوند کو پیار سے اپنا نہ بنا سکی وہ اپنی بدزبانی سے بھی اپنے خاوند کو اپنا نہیں بنا سکے گی۔

پسندیدہ عورت

جناب نبی کریم ﷺ نے فرمایا اللہ تعالیٰ کو وہ عورت پسند ہے جو شوہر کے ساتھ تو محبت کرے اور غیر مرد سے حفاظت کرے۔

پارسا

نبی کریم ﷺ نے فرمایا تمہاری بیبیوں میں سب سے اچھی وہ عورت ہے جو اپنی آبرو کے بارے میں پارسا ہو اور اپنے خاوند پر عاشق ہو۔

خاوند کی اجازت

جو عورت اللہ اور قیامت پر ایمان رکھتی ہے وہ خاوند کی اجازت کے بغیر گھر سے نہ نکلے اور نہ غیر مرد کو گھر میں داخل ہونے دے اور اندھے مرد کو بھی نہ دیکھے۔

نیک عورت

نیک عورت اپنے خاوند سے پہلے جنت میں جائے گی۔ جنت کی حوروں سے ستر گنا زیادہ حسین ہوگی۔

عبادت و اطاعت

شادی کے بعد عورت اللہ کی عبادت کے ساتھ خاوند کی اطاعت بھی کرتی ہے تو اس کے اجر و ثواب میں اضافہ ہو جاتا ہے۔

خاوند کا گھر

حدیث شریف میں ہے کہ جو عورت اپنے خاوند کے گھر میں بے ترتیب پڑی ہوئی چیز اٹھا کر ترتیب کے ساتھ رکھ دیتی ہے تو اللہ تعالیٰ ایک نیکی عطا فرماتے ہیں۔

ایک ہی دن میں کئی اعمال کے مفت میں عامل بننے کا سنہری موقع

عاملین اور طالبین علوم روحانیات اس وقت کا شدت سے انتظار کرتے ہیں تا کہ طویل قسم کی پرہیزوں والی چلہ کشی کی بجائے ایک ہی وقت میں عمل کر کے کسی خاص عمل کا عامل بنا جا سکے اور ایک سال تک اس کو استعمال بھی کیا جا سکے۔ بغیر کسی فیس کے درج ذیل اعمال کے آپ عامل بن سکتے ہیں۔

چاند گرھن آغاز 5 جون رات 22:45۔ اختتام 6 جون رات 02:04۔

سورج گرھن آغاز 21 جون صبح 08:45۔ اختتام 21 جون دوپہر 14:34۔

عوام کے لیے اعمال

آیت الکرسی (بنیادی): جادو، جنات، شیاطین و ہر قسم کی آفات سے حفاظت اور تمام قسم بداثرات و کئی بیماریوں کا علاج۔

بنیادی حصار: جادو، جنات، شیاطین اور ہر قسم کی آفات سے حفاظت۔

معوذتین (بنیادی): ہر قسم بداثرات و مختلف بیماریوں کا علاج و حفاظت۔

نظر بد ختم کرنے کا عمل (بنیادی): انسانی نظر بد کو ختم کرنے کا مجرب ترین عمل۔ ہر گھر کی ضرورت۔ خصوصاً خواتین کے لیے انتہائی مفید۔

سورہ فاتحہ (بنیادی): ہر قسم کی بیماری کا علاج اور حاجت کے لیے۔

عمل حفاظت "یا حافظ یا حفیظ": جادو، جنات، شیاطین اور ہر قسم کی آفات سے حفاظت۔ خصوصاً خواتین کے لیے تا کہ وہ خاص ایام میں بھی پڑھ سکیں۔

درود ابراہیمی: حصول برکت اور حاجات کے پورا ہونے میں مفید۔

درود تنجینا: مشکلات و پریشانیوں سے نجات میں مجرب۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم: ہر جائز مقصد کے حصول میں مفید۔

سلم قولا من رب رحیم: حب و تسخیر اور ہر جائز مقصد کے لیے۔

لاعلاج امراض سے شفا کا خاص قرآنی عمل: لاعلاج اور مہلک امراض کے علاج کا خاص اور مجرب قرآنی عمل۔

خزینہ روحانیات کے ممبران کے لیے اعمال

آیات شفا: ہر قسم کی چھوٹی اور بڑی بیماری کا علاج۔

حصار کا خاص عمل: جادو، جنات، شیاطین اور ہر قسم کی آفات سے حفاظت۔

حزب البحر: ہر جائز مقصد کے لیے اولیائے کرام کا مجرب ترین عمل۔

حزب النصر: دشمنوں کے لیے اولیائے کرام کا مجرب ترین عمل۔

لاحول ولا قوۃ الا باللہ: ہر جائز مقصد اور شیاطین سے حفاظت کا خاص عمل۔

آیت کریمہ: سخت سے سخت مشکل کے حل اور حصول حاجات کے لیے مجرب۔

علمائے کرام کے لیے اعمال

عمل تہدیدی نامہ مبارک: جنات کے علاج کا مجرب ترین عمل۔

جادو اور جنات کے علاج اور حفاظت کا خاص عمل: ہر قسم کے جنات، جادو کو ختم کرنے اور حفاظت کے لیے مجرب عمل۔

خواتین کے لیے اعمال

زبان بندی کا عمل: خلاف بولنے والے کی زبان بندی۔ خاص کر سسرال میں ساس، نند، جٹھانی، دیورانی یا شوہر کی زبان بندی کے لیے۔

محبت کا عمل: شوہر، سسرالی رشتے، اولاد کی محبت کے لیے۔

روحانی درسگاہ کے شاگردوں کے لیے اعمال

ہر قسم کی بندش ختم کرنے کا خاص عمل: ہر قسم کی بندش، چاہے وہ جادو، جنات یا نظر بد کی وجہ سے ہو، کا مجرب ترین توڑ۔

دشمن کے لئے عظیم دعا کا عمل: دشمن سے نجات اور اس کو سبق سکھانے کا مجرب عمل۔

سورۃ مزمل کا خاص عمل: ہر جائز مقصد، تسخیر، سحر و آسیب کا علاج۔

نوٹ: ان اعمال کے علاوہ بھی بہت سے اعمال ہیں جو گرھن کے اوقات میں بغیر کسی فیس کے کروائے جاتے ہیں۔ ان کی تفصیلات کے لیے ویب سائٹ وزٹ کریں:

http://darulamal.org/ruhanidarsgah/amals/time/suraj_girhan.htm
http://darulamal.org/ruhanidarsgah/amals/time/chand_girhan.htm

روحانی درسگاہ دار العمل الچشتیہ لاہور پاکستان
darulamal.org/ruhanidarsgah, ruhanidarsgah@gmail.com
0333-7772775 0309-7772775 042-35410586
ruhanidarsgah ruhanidarsgah97

جادو جنات کورس

جادو اور جنات کے سخت اثرات سے نجات کا یہ کورس دار العمل چشتیہ کے روحانی علاج گاہ کے ماہر روحانی معالجین کی مشاورت سے تیار کیا گیا ہے۔ بہت سی چیزوں کو مدِ نظر رکھتے ہوئے اس کورس میں مختلف قسم کے ہائی پاور علاج شامل کیے گئے ہیں۔ تاکہ جس مریض کو دیا جائے، اس کو جلد اور دیرپا فائدہ حاصل ہو۔ صرف یہی نہیں بلکہ اس کی جگہ سے بھی ہر طرح کے اثرات نکل جائیں یا ختم ہو جائیں اور اس گھر میں رہنے والے افراد بھی ہر طرح کے بداثرات سے نجات پائیں۔

یہ کورس جادو اور جنات سے متاثرہ مریضوں کے لیے ہے جن پر ایک عرصہ سے یہ بداثرات ہوں، بہت علاج معالجہ کروالیا ہو مگر کسی طرح بھی اثرات سے مکمل جان نہ چھوٹ رہی ہو۔ ان اثرات کی وجہ سے پیدا شدہ بیماریاں، معاشی مشکلات، تعلقات کی خرابیاں اور دیگر پریشانیوں میں روز بروز اضافہ ہو رہا ہو یا کوئی پریشانی اگر کم ہو رہی ہوتی ہے تو کوئی بڑھ رہی ہوتی ہے۔ زندگی سے سکون ختم ہو جائے، خوشی ختم ہو جائے، برکت ختم ہو جائے وغیرہ۔

ذیل میں چند علامات درج کی جا رہی ہیں۔ یہ علامات سحر و جناتی متاثرہ معمولی اثرات کے مریض سے لے کر سخت سے سخت سحری و جناتی اثرات کے مریضوں میں پائی جاتی ہیں۔ معمولی اثرات میں ان کی شدت کم ہوتی ہے جب کہ سخت اثرات میں شدت زیادہ ہوتی ہے۔

جسمانی علامات

● پورے جسم یا کسی خاص حصے خاص کر سر، کندھے، کمر، ٹانگوں اور گردوں میں درد ہونا ● جسم کا کوئی خاص حصہ گرم رہنا ● جسم میں آگ کی تپش محسوس ہونا ● جسمانی رنگت کا تبدیل ہو جانا، خصوصاً چہرے کا رنگ سیاہ پڑ جائے ● ہر وقت بخار کی کیفیت رہنا ● کسی سبب کے بغیر سر درد ہونا یا کنپٹیوں پر بوجھ رہنا ● آنکھیں لال رہنا یا آنکھوں کا انگاروں کی طرح سرخ ہو جانا ● ناک اور منہ سے گرم ہوا یا خون نکلنا ● کندھوں پر بوجھ رہنا ● دل کی دھڑکن کا تیز یا کم ہو جانا ● گھبراہٹ محسوس کرنا ● سانس مشکل سے آنا اور سینے میں درد ہونا ● عورتوں کی ماہواری میں بے قاعدگی ● ہمبستری کے وقت عورت کا انتہائی گھٹن محسوس کرنا ● شوہر یا بیوی میں ہمبستری کی خواہش کا ختم ہو جانا وغیرہ

گھر کی علامات

● زمین، دیوار یا چیزوں پر خون، تیل، پانی، رنگدار پانی کے چھینٹیں آنا ● چیزوں کا اِدھر اُدھر ہونا (یعنی اپنی جگہ نہ ملنا بلکہ کہیں اور رکھے ہوئے ملنا) ● زہریلے جانوروں کا نکلنا مثلاً سانپ، بچھو، کنکھجورے وغیرہ ● چھت پر، گھر میں یا گھر کے باہر دال/ چاول/ انڈے وغیرہ پڑے ملنا ● تعویز/ سوئیاں/ بال/ دھاگہ/ مٹی/ ریت/ راکھ وغیرہ پڑے ملنا ● چھت پر، گھر میں یا گھر کے باہر جانور کا سر/ کچا گوشت/ ہڈیاں/ پتھر/ کنکر پڑے ملنا ● الماری/ بند بکس میں، باہر رکھے ہوئے یا پہنے ہوئے کپڑوں کا کٹنا ● چارپائی، بستر، دروازوں، کھڑکیوں، برتنوں وغیرہ کا ہلنا یا کھڑکنا ● چھت پر چلنے یا دوڑنے کی آوازیں آنا (خصوصاً رات کو) ● بتی (لائٹ) کا خود بخود جلنا بجھنا ● گھر میں کسی کے چلنے پھرنے کی آوازیں آنا۔

اگر درج بالا حالات کسی کے ساتھ ہوں تو یہ کورس ایسے ہی فرد کے لیے پیغامِ شفاء ہے۔ اس کورس میں روحانی دکان کی بہت سی مجرب تیار شدہ اشیاء کو بھی شامل کیا گیا ہے جس سے اس کورس کی افادیت میں کئی گنا اضافہ ہو گیا ہے۔ اس کورس میں روحانی اگربتی، روحانی آبِ شفاء، روحانی پھکی، روحانی عرق گلاب، روحانی شہد، روحانی تیل، روحانی نمک، روحانی چینی، روحانی صابن اور بہت سی چیزیں بھی اس میں مریض کو استعمال کروائی جاتی ہیں۔

اس سارے علاج کے بعد سالہا سال کی اذیت ناک صورتحال سے گزرنے کے بعد جب اللہ تعالیٰ آپ کو شفاء سے ہمکنار فرما دیں تو ساتھ ہی آئندہ ہمیشہ کے لئے روحانی حصار و حفاظت کو ضروری سمجھیں۔ آئندہ کوئی دشمن/ جادوگر حملہ آور نہ ہو سکے تو اس کے لئے ادارے کے تجویز کردہ اعمال (چہل کاف) سمیت دیگر اعمال کا حصول و ریاضت یقینی بنائیں ورنہ روحانی شفاء اور مکمل حفاظت ناممکن ہے۔

ھدیہ فی کورس (40 یوم)

ابتدائی (4500) درمیانہ (6500) انتہائی (8500)

ھدیہ فی کورس (21 یوم)

ابتدائی (2300) درمیانہ (3300) انتہائی (4300)

0346-4312272, 042-35410586
روحانی دکان دار العمل چشتیہ ruhanishop
darulamal.org/ruhanishop, ruhanishop@gmail.com
0320 0334 4312272 ruhani.shop ruhani-shop

چی پاور کورس

"چی پاور کورس" میں سات خاص قسم کی مشقوں سے مندرجہ ذیل فوائد حاصل ہوتے ہیں۔

۱۔ روزانہ پانچ منٹ کی مشق سے گُردوں پر توانائی کا بہاؤ متوازن ہوجائے گا اور آپ گُردوں اور پیشاب کی دیگر تکالیف سے محفوظ رہیں گے۔

۲۔ ذہنی صلاحیتیں اور سوچنے کی قوتیں پیدا ہوتی ہیں۔ اس سے چہرے کی خوبصورتی میں اضافہ ہوتا ہے اور جھریاں ختم ہوجاتی ہیں اور بڑھی ہوئی عمر میں بھی چہرہ شاداب رہتا ہے اور نسوانی حسن میں اضافہ ہوتا ہے۔

۳۔ اس مشق سے جنسی قوت میں اضافہ ہوتا ہے اور مثانہ کو قوت ملتی ہے۔

۴۔ اس کے ذریعے ذہنی صلاحیتوں میں اضافہ ہوتا ہے اور ہر سیکھی ہوئی چیز آسانی سے ذہن نشین ہوجاتی ہے۔

۵۔ یہ عمل بھی پانچ منٹ کا ہے۔ اس سے ذہنی صلاحیتوں میں اضافہ ہوتا ہے۔

۶۔ اس مشق سے پھیپھڑوں کو تقویت ملتی ہے اور سانس کے مریضوں کے لیے فائدہ مند ہے۔

۷۔ پانچ منٹ کی یہ مشق ہر طرح کے ذہنی تناؤ، تھکن اور اعصابی کھچاؤ کے لیے مفید ہے۔ اس کے ذریعے آپ اپنے اندر نئی توانائی اور کام کرنے کا نیا جوش وولولہ محسوس کریں گے۔

اس کورس کی فیس مبلغ 2500 روپے ہے۔ فیس منی آڈر کرکے کورس منگوا سکتے ہیں۔

خیر اندیش علامہ حکیم پیر صوفی غلام سرور شباب قادری

0300-4967412
0333-6974734

ادارہ فیضان روحانیات پاکستان، اسلام نگر حویلی لکھا ضلع اوکاڑہ پنجاب

Khazina-e-Ruhaniyaat
www.khazinamagazine.org
khazinamagazine@gmail.com

کتاب برکات منزل (نئی کتاب)

جلد منظرِ عام پر آرہی ہے۔ شائقین حضرات جلد رابطہ فرمائیں

مصنف صوفی محمد ایاز اویسی عفی عنہ

اس کتاب میں آپ پڑھ سکیں گے ۳۳ آیات یعنی منزل کے خواص، چلہ کشی کے طریقے، منزل سے علاج کے مستند اعمال، کڑاہی اور ہانڈی کے اعمال، منزل کا خاص دم، منزل مع اسماء الٰہیہ اور منزل مع مؤکلات پڑھنے کا طریقہ۔ منزل میں آنے والی ہر سورۃ و آیت کے علیحدہ اعمال، زکاتوں کے طریقے، نقوش، فتح نامہ، اعمالِ حب، شفاء، عداوت اور اس طرح کے کئی تجربہ شدہ مجرب اعمال، ہر سورۃ و آیت کو مع اسماء اور مع مؤکلات پڑھنے کا طریقہ۔ وغیرہ

0323-4487877, 042-35410586
مکتبۃ العارف دار العمل الحشتیہ +maktabatulaarif
darulamal.org/bookshop, maktabatulaarif@gmail.com
0332-4487877 +maktabatulaarif

حرزِ منزل

حرزِ منزل جنات، جادو اور امراض کے خاتمے کیلئے حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کی تعلیم کردہ ۳۳ آیات المعروف منزل کی حرفی و عددی قوتوں سے وضع کیا گیا ہے۔ نقش تینتیس آیات کی نسبت سے 33 x 33 یعنی کل ۱۰۸۹ خانوں پر مشتمل ہے جسے زعفرانی رنگ سے بٹر پیپر پر تیار کیا گیا ہے تاکہ آسانی سے پہنا جاسکے۔ نقش کے چاروں طرف تینتیس آیات کو بھی لکھا گیا ہے تاکہ حاملِ حرزِ منزل، آیات کے ظاہری لفظی اور باطنی عددی خواص سے یکساں طور پر فیض یاب ہوسکے۔

عوام کیلئے دم شدہ تعویذ کا ہدیہ 500 روپے

شاگرد اور عاملین کیلئے دم شدہ تعویذ کا ہدیہ 200 روپے

عاملین کو زیادہ تعویذ منگوانے پر خصوصی رعایت دی جائے گی۔ نیز اس کے تمام طُرق استعمال اور دم کا طریقہ زیادہ تعویذ لینے والے کو بتائیں جائیں گے۔

0346-4312272, 042-35410586
روحانی دکان دار العمل الحشتیہ ruhanishop
darulamal.org/ruhanishop, ruhanishop@gmail.com
0320 0334 4312272 ruhani.shop ruhani-shop

کوپن برائے بغیر فیس اعمال

تاریخ _____ مئی 2020ء

نام _____ والد _____

والدہ _____ مکمل پتہ _____

_____

موبائل نمبر _____

Email (اگر ہو) _____

مطلوبہ اعمال _____

نوٹ رجسٹری جوابی خط کے ساتھ شناختی کارڈ کی ایک عدد صاف کاپی ارسال کریں۔ ایک وقت میں دو اعمال کی اجازت لی جاسکتی ہے۔ مزید شرائط و تفصیلات کے لیے ویب سائٹ دیکھیں یا رابطہ فرمائیں۔

042-35410586 0333-7772775

کوپن برائے مفت روحانی خدمات

تاریخ _____ مئی 2020ء

نام _____ والد _____

والدہ _____ مکمل پتہ _____

_____

موبائل نمبر _____

Email (اگر ہو) _____

مطلوبہ تعویذات _____

نوٹ علیحدہ کاغذ پر اپنا مسئلہ تفصیل سے لکھ کر رجسٹرڈ جوابی لفافے کے ساتھ ارسال کریں۔ ایک فرد کے لیے ایک کوپن استعمال کریں۔ کوپن کے بغیر تعویذات بھیجنے سے معذرت۔ مزید تفصیلات کے لیے رابطہ فرمائیں۔

042-35410586 0324-7772772

ایک ہی دن میں کئی اعمال کے عامل بننے کا سنہری موقع

عاملین اور طالبین علوم روحانیات اس وقت کا شدت سے انتظار کرتے ہیں تا کہ طویل قسم کی پرہیزوں والی چلہ کشی کی بجائے ایک ہی وقت میں عمل کر کے کسی خاص عمل کا عامل بنا جا سکے اور ایک سال تک اس کو استعمال بھی کیا جا سکے۔ آپ بغیر نقصان اور رجعت کے کئی اعمال کے عامل بن سکتے ہیں۔

چاند گرہن آغاز 5 جون رات 22:45۔ اختتام 6 جون رات 02:04۔

سورج گرہن آغاز 21 جون صبح 08:45۔ اختتام 21 جون دوپہر 14:34۔

نورانی اعمال

- حصارِ خاص
- حصارِ قرآنی کبیر
- دعائے حیدری
- سات سلام
- آیت شفاء
- منزل کا عمل
- سورۃ اخلاص
- سورۃ جن
- سورۃ قریش
- اَفَحَسِبْتُمْ کے عمل کے عامل بنیں

علوی نورانی اعمال

- عمل باندھ جادو
- عمل عصائے کلیم اللہ
- مندرہ شاہ علی
- مندرہ کبیر
- نورانی مندرہ

خاص خاص اعمال

- بکرے والا عمل
- سری والا عمل
- تھیلی والا عمل
- اونٹ کی ہڈی والا عمل

علوی اعمال

- چہل کاف 2
- چہل کاف 3
- چہل کاف 4
- قصیدہ غوثیہ
- عمل حب خاص 1
- عمل حب خاص 2
- عمل واپسی سحر 1
- عمل واپسی سحر 2

باموکل اعمال

باموکل اعمال کرنا ہر کسی کے بس کی بات نہیں۔ ان میں سخت پرہیز کے ساتھ چلہ کشی کرنا اور پھر تھوڑی سی غلطی پر رجعت اور نقصان کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ باموکل اعمال کرنے کے لیے گرہن کا وقت ایک بہت بڑی نعمت ہے۔ بغیر کسی نقصان و رجعت کے عمل کریں۔

- آیت الکرسی باموکل
- آیت قطب باموکل
- چہل کاف باموکل
- سورۃ اخلاص باموکل 1
- سورۃ اخلاص باموکل 2
- سورۃ مزمل باموکل
- سورۃ یٰسین باموکل
- سورۃ فیل باموکل
- سورۃ جن باموکل
- سورۃ کوثر باموکل
- سلام قولا من رب رحیم باموکل
- حسبنا اللہ و نعم الوکیل باموکل
- بسم اللہ باموکل
- اللہ الصمد باموکل
- آیت کریمہ باموکل

نوٹ ان اعمال کے علاوہ بھی بہت سے باموکل اور خاص خاص اعمال ہیں جو عاملین حضرات کر سکتے ہیں۔

روحانی درسگاہ دارالعمل الچشتیہ لاہور پاکستان
darulamal.org/ruhanidarsgah, ruhanidarsgah@gmail.com
0333-7772775 0309-7772775 042-35410586
ruhanidarsgah ruhanidarsgah97

Monthly
Khazina-e-Ruhaniyaat CPL # 288

ماہنامہ خزینۂ روحانیات لاہور

عنقریب آپ ہمارے آن لائن
سٹور سے گھر بیٹھے خریداری کر
سکیں گے۔ان شاءاللہ

Arfi Perfumes
عارفی پرفیومز
LAHORE - PAKISTAN

العارفی پرفیومز

عطورات

پرفیومز

بخورات

بخوردان

اگربتیاں

ایئرفریشنرز

باڈی سپرے